وہ فیض حیات(وائز کے چچا)کو دیکھتے ہوئے بولے۔

"ضد کر رہا ہے تو کر دیں آخر شادی تو کرنی ہی ہے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ مسکراتے ہوئے بولے۔
"بس اب میں کچھ نہیں جانتا۔"
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

زرش کی نظریں وائز کو تلاش کر رہی تھیں۔

"اب یہاں سے واپس کیسے جاؤں گی؟"
وہ سوچتی ہوئی چل رہی تھی۔
" اچھا میں پہلے بات کرتا ہوں رزاق سے۔ وہ رشتہ دے گا
"تبھی منگنی ہو گی۔
وہ ہتھیار ڈالتے ہوئے بولے۔

"زرش آ جاؤ ناشتہ کر لو۔"
گل ناز عقب سے اس کے شانے پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔
وہ گھبرا کر انہیں دیکھنے لگی۔
"میں ہوں بیٹا۔"
وہ نرمی سے بولیں۔
وہ سر ہلاتی ان کے ساتھ چل دی۔
وہ متلاشی نگاہوں سے اردگرد دیکھ رہی تھی۔
" پتہ نہیں کہاں ہے وہ... مجھے یہاں چھوڑ کر خود نجانے
"کہاں چلا گیا۔
وہ بڑبڑاتی ہوئی چل رہی تھی۔
"کچھ ڈھونڈ رہی ہیں بھابھی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سامنے سے آتا احسن مسکراتا ہوا بولا۔

"نہی...ہاں وہ... وائز کو۔"
وہ اٹک اٹک کر بولی۔
" وہ یہاں آ کر بھی سکون سے نہیں بیٹھتا چلیں میں فون کر کے پوچھتا ہوں پھر بتاتا ہوں آپ کو۔"
وہ کہتا ہوا آگے چل دیا۔
وہ سر جھکائے چلتی ہوئی کمرے میں آ گئی۔

" کیا کبھی سوچا تھا زندگی ایسی ہو جائے گی؟ ایک زانی انسان کے ساتھ رہنا پڑے گا۔"
وہ بیڈ کے ساتھ ٹیک لگا کر زمین پر بیٹھی تھی۔
" اس سے تو اچھا یہی ہوتا میں مر جاتی ہاسپٹل میں... ابو آپ نہ آتے مرنے دیتے مجھے۔"
وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے بلک رہی تھی۔

" مجھے یہ سب نہیں چاہیے... یہ عیش و عشرت... مجھے بس ایک اچھا انسان چاہیے تھا با کردار انسان...اس وائز جیسا نہیں۔"
وہ ہچکیاں لیتی بول رہی تھی۔
گرم مادہ تیزی سے اس کے رخسار کو بھگو رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسے انسان کے ساتھ رہنے سے بہتر کیا موت نہیں؟ زرش "
"تمہیں کیوں موت نہیں آتی؟ کیسے زندہ ہو تم؟
آواز بلند ہوتی جا رہی تھی۔
وائز کب دروازہ کھول کر اندر آیا اسے علم ہی نہ ہوا۔
وہ بنا آہٹ پیدا کئے اس کے سامنے آ کر زمین پر بیٹھ گیا۔

یکدم اسے کسی کی موجودگی کا احساس ہوا تو چہرے سے ہاتھ ہٹا دئیے۔
پہلی بار وائز کو تکلیف ہوئی تھی اسے دیکھ کر۔
اس کی سرخ انگارہ بنی آنکھیں جو شکایت کر رہی تھیں۔
چہرہ آنسوؤں سے تر تھا۔
آج وہ خود کو اس کا مجرم گردان رہا تھا۔

"زرش؟"
وہ ہاتھ بڑھا کر بولا۔
وہ پلک جھپکنے سے قبل پیچھے ہو گئی۔
اسے ترس آ رہا تھا اس کی حالت پر۔
"تم ایسے کیوں رو رہی ہو؟"
وہ الجھ کر بولا۔

اسے کیا سوال کرنا چاہئیے تھا وہ خود بھی سمجھنے سے قاصر تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"خوش ہونا چاہیے مجھے؟"
وہ تنک کر بولی۔
"دیکھو میں نکاح کر چکا ہوں تمہارے ساتھ۔"
وہ لب کاٹتا ہوا بولا۔

" نکاح کرنے سے وہ نگاہ مٹ نہیں جائے گا۔ تم میرے گناہگار ہو...اور ہمیشہ رہو گے تم کچھ بھی کر لو اس گناہ کو ختم نہیں کر سکتے۔"
وہ کرب سے بول رہی تھی۔
" خدا کہتا ہے نفرت گناہ سے کرنی چاہیے گناہگار سے نہیں..."
وہ چہرہ جھکا کر بولا۔

" اور تم تو جیسے محبت کے لائق ہو نہ؟ تم تو میری نفرت کے بھی لائق نہیں۔"
وہ غم و الم کی حالت میں چلا رہی تھی۔
"ٹھیک ہے... لیکن۔"
وہ بولتا ہوا خاموش ہو گیا۔

" مجھے طلاق دے دو... تمہارے ساتھ رہنا کسی سزا سے کم نہیں ہے۔ تمہاری یہ شکل دیکھتی ہوں تو وہ سب یاد آتا ہے مجھے۔ وائز تم مر کیوں نہیں جاتے؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کا گریبان پکڑتی ہوئی بولی۔
وہ چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔
اسے جیسے تکلیف ہوئی تھی۔

"ایسے تو مت بولو۔"
وہ سادگی سے بولا۔
"کاش... کاش میں تم سے بدلہ لے سکتی۔ لیکن میں نے اپنے رب پر چھوڑ دیا ہے۔ وہی حساب لے گا تم سے۔"
وہ جھٹکے سے اس کی کالر چھوڑتی کھڑی ہو گئی۔

وہ لب بھینچ کر فرش کو گھورنے لگا۔
اس کا ایک ایک لفظ سچ تھا۔
یہ لمحہ تھا جب اسے اپنے کئے پر افسوس ہونے لگا۔
~~~~~~~~

"آج تو نہیں جا سکتے تم دونوں۔"
گل ناز بیگم ملازمہ کو گھورتی اس سے مخاطب تھیں۔
"کیوں؟"
وہ بےچینی سے پہلو بدلتی ہوئی بولی۔
"آج احسن کی منگنی ہے تو بھائی اور بھابھی کا ہونا لازمی ہے۔"
وہ آہستہ سے بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ..جی"
وہ سر جھکا کر بولی۔
" بیٹا میں جانتی ہوں جو ہوا اس کا ازالہ ممکن نہیں لیکن پھر بھی وائز کی جانب سے میں معافی مانگتی ہوں... میں شرمسار ہوں کہ میری اولاد نے ایسا کام کیا۔"
وہ زرش کے سامنے ہاتھ جوڑتی ہوئی بولیں۔
آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے۔

"نہیں پلیز آپ معافی مت مانگیں۔"
وہ ان کے ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔
" یہ بھی جانتی ہوں کہ اس معافی کا کوئی فائدہ نہیں لیکن کیا کر سکتی ہوں اب میں؟"
وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولیں۔
"پلیز آپ یہ سب مت بولیں۔"
اسے برا لگ رہا تھا۔

" قصور تو میرا ہی ہے اسے اچھے برے کی تمیز نہیں سیکھا سکی میں... بیٹا تم ایک کام ضرور کرنا, اپنے بچوں کی تربیت میں ان کے باپ کو ہرگز بولنے مت دینا۔ ہم تو گاؤں کی ان پڑھ لڑکیاں شوہر کے آگے دب جاتی ہیں لیکن تم ایسا مت ہونے دینا۔"
وہ التجائیہ نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...جی"
اس نے مسکرانے کی سعی کی لیکن مسکرا نہ سکی۔
"اگر مجھے خاموش کر کے بٹھایا نہ ہوتا تو شاید صورتحال کچھ اور ہوتی..."
وہ باہر دیکھتی تاسف سے بولیں۔
زرش خاموش رہی... شاید بولنے کو کچھ تھا ہی نہیں۔

"تم ایسا کرو اپنے کمرے میں جاؤ اب.. وہ پارلر والی آنے والی ہو گی۔"
وہ شفقت سے اس کے سر پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولیں۔
"جی اچھا۔"
وہ سر ہلاتی باہر نکل گئی۔

گزشتہ روز کی مانند آج بھی وہی سماں تھا۔
گارڈن مہمانوں سے بھرا تھا۔روشنیاں جگمگا رہی تھیں۔
نور بےچینی سے اردگرد دیکھتی چل رہی تھی۔
بلآخر وہ دکھائی دے گیا جس کی تلاش میں اس کی نگاہیں تھیں۔
وہ مسکراتا ہوا سٹیج کی جانب بڑھ رہا تھا۔

"یہ کیسا ستم ہے قسمت کا؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ٹیبل پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔
دو اشک ٹوٹ کر اس کے رخسار پر آ گرے۔
وہ مسکراتا ہوا سدرہ کے سامنے کھڑا ہو گیا۔
وہ ضبط کئے کھڑی تھی۔

دل اسے دیکھ کر کمزور پڑتا جا رہا تھا۔
وہ لب بھینچے اسے دیکھ رہی تھی۔
آنکھیں تھیں جو جل بجھ رہی تھیں۔
سرخ آنکھوں سے بہتے اشک اپنی ادھوری محبت کی داستاں سنا رہے تھے۔
احسن سدرہ کو انگوٹھی پہنا رہا تھا۔
ایک نظر اس نے نور پر ڈالی۔

نور دائیں ہاتھ سے چہرہ صاف کرنے لگی۔
آنسو تیزی سے بہنے لگے تھے۔
لب کپکپا رہے تھے۔
وہ دونوں انگوٹھی پہنا کر مسکراتے ہوئے سب کو دیکھ رہے تھے۔
احسن کی نگاہیں ابھی بھی نور پر تھیں۔
نور نے بے رخی سے رخ موڑ لیا۔

اسے اپنی آنکھوں کے سامنے سیاہی دکھائی دے رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگلے لمحے وہ ہوش سے بیگانہ زمین بوس ہو گئی۔
وہ بےچینی سے اسے دیکھنے لگا۔
" ...نور"
کسی کی آواز گونجی اور سب اس کی جانب متوجہ ہوئے۔
اسے اٹھا کر اندر کمرے میں لے گئے۔

کچھ ہی دیر میں اسے ہوش آ گیا لیکن فنکشن ختم ہو چکا تھا یا شاید وہ خراب کر چکی تھی۔
"تم ٹھیک ہو؟"
اس کے اردگرد سب خواتین موجود تھیں۔
" ...جی"
وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔

"کیا ہوا تھا نور بیٹا؟"
گل ناز بیگم نرمی سے استفسار کرنے لگیں۔
"چکر آ گیا تھا شاید۔"
وہ اپنی کیفیت پر قابو پاتی ہوئی بولی۔

" آپا آپ لوگ ابھی یہی رک جائیں نور ٹھیک ہو جائے تو پھر چلے جانا۔ میں ملازمہ کے ہاتھ کچھ کھانے کو بھیجتی ہوں۔"
وہ کہتی ہوئی کھڑی ہو گئیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

"اب سب کو معلوم ہے تو تم یونی میرے ساتھ جاؤ گی۔"
وہ کمرے سے باہر نکلتا ہوا بولا۔
اس کا منہ میں جاتا ہاتھ رک گیا۔
"مجھے نہیں جانا تمہارے ساتھ۔"
وہ سرد مہری سے بولی۔

"مجھے کوئی بحث نہیں کرنی... بتا دیا ہے میں نے۔"
وہ کہتا ہوا کچن میں چلا گیا۔
زرش نے پلیٹ پرے کھسکا دی۔
ان کی شادی کی خبر کسی وبا کی مانند پوری یونی میں پھیل چکی تھی۔
وہ وائز سے قبل یونی میں داخل ہو گئی۔
آتے جاتے سٹوڈنٹس اسے دیکھ کر باتیں کر رہے تھے۔

"کیسی ہو زرش؟"
مشل اس سے ملتی ہوئی بولی۔
"ہاں.. ٹھیک ہوں۔"
وہ بولتی ہوئی چلنے لگی۔
وائز متلاشی نگاہوں سے دیکھتا چل رہا تھا۔

جب اسے کوئی دکھائی نہ دیا تو فون نکال کر ڈیپارٹمنٹ کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

جانب چل دیا۔
" ...ہاؤ کوڈ یو"
جینی اس کے سینے پر مکہ مارتی ہوئی بولی۔
اس سے قبل کہ وہ پھر سے وار کرتی اس نے جینی کا ہاتھ پکڑ لیا۔
پیشانی پر بل ڈالے وہ اسے دیکھنے لگا۔

"یہ سب کیا ہے؟"
وہ اس پر آنکھیں گاڑھتا ہوا بولا۔
"تم اس زرش سے کیسے شادی کر سکتے ہو؟"
وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔
میری لائف میں جو مرضی کروں... تم کون ہوتی ہو مجھ "
"پر حکم چلانے والی؟
وہ اس کی کلائی پر گرفت مضبوط کرتا ہوا بولا۔
آنکھوں سے چنگاریاں نکل رہی تھیں۔

"آہ... وائز چھوڑو! مجھے درد ہو رہا ہے۔"
وہ اس کا ہاتھ ہٹانے کی سعی کر رہی تھی۔
چند قدم کی مسافت پر زرش اور مشل کھڑی یہ منظر دیکھ رہی تھیں۔
"اپنی حد میں رہا کرو تم جینی ورنہ بہت برا ہوگا۔"
وہ جھٹکے سے اس کی کلائی آزاد کرتا کلاس میں چلا گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...زرش تم نے تو بتایا ہی نہیں"
دائم شکایتی نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔
"پلیز مجھے اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنی۔"
وہ بے رخی سے کہتی کلاس کی جانب چل دی۔
"زرش اب تم اس طرح سے بات کرو گی مجھ سے؟"
وہ اس کی راہ میں حائل ہو گیا۔

"اوکے آئم سوری... ٹائم کم تھا سو خیال نہیں رہا۔"
وہ پیشانی مسلتی ہوئی بولی۔
دائم کے ساتھ مشل کھڑی تھی۔
کلاس کے اندر کھڑا وائز ان تینوں کو دیکھ رہا تھا۔
پیشانی پر بل پڑ گئے۔ آنکھوں سے غیض چھلکنے لگا۔
گردن کی رگیں تنی ہوئی تھیں۔
"...تم میری ہیلپ کر دینا جو لیکچر مس ہوئے"
اس نے موضوع بدلا۔

" ...تمہیں جو ہیلپ چاہیے ہو لے لینا اور ہاں"
دائم. پرجوش انداز میں بول رہا تھا۔
"یہ کیا ہو رہا ہے یہاں؟"
وہ دونوں کے بیچ آتا ہوا بولا۔
"دائم میں تم سے بعد میں بات کرتی ہوں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ وائز کو نظر انداز کر کے کہتی ہوئی کلاس کی جانب بڑھنے لگی لیکن تبھی اس کی کلائی وائز کے ہاتھ میں آ گئی۔ مجبوراً اسے رکنا پڑا۔

"کیا مصیبت ہے تمہیں؟"
وہ ضبط کرتی مدھم آواز میں بولی۔
"عزت دار گھرانے کی لڑکیاں یہ سب نہیں کرتیں۔"
وہ چبا چبا کر بولا۔
تمہیں یہ زیب نہیں دیتا۔ اور مجھ پر رعب جمانا بند کرو۔ "
"میں تمہاری جاگیر نہیں ہوں۔
وہ کاٹ دار لہجے میں بولی۔

وہ اسے کلاس سے باہر لے آیا۔
تم میری جاگیر ہی ہو۔ ہمارے ہاں عورتیں شوہر کے علاوہ "
" ...کسی کو نظر اٹھا کر دیکھتی بھی نہیں ہیں۔ اور تم
وہ خونخوار نظروں سے گھورتا ہوا بولا۔
یقیناً ایسا ہی ہوتا ہوگا کیونکہ ان کے شوہر زانی نہیں ہوں "
"...گے نہ
وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی بولی۔

یہ الفاظ وائز کے منہ پر آ لگے۔
وہ دانت پیستا اسے گھورنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے اپنا دامن صاف کرو دوسروں پر کیچڑ بعد میں "
اچھالنا۔ اور تم جیسے گھٹیا انسان کو ضرورت نہیں مجھے
"عزت کا سبق سیکھانے کی۔
وہ چبا چبا کر کہتی کلاس میں چلی گئی۔

" ...ہوں"
وہ دیوار پر مکہ رسید کرتا ضبط کرنے لگا۔
"تم مجھے پاگل کر دو گی۔"
وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا چلنے لگا۔
~~~~~~~~~~
"یہ کیا ڈرامہ کیا تھا تم نے میری منگنی والے دن؟"
وہ فون کان سے لگائے خفگی سے بولا۔
"وہ ڈرامہ تھا؟"
وہ متحیر رہ گئی۔

"اور کیا تھا؟"
وہ تنک کر بولا۔
"تم کہہ رہے ہو تو پھر ڈرامہ ہی ہوگا۔"
وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولی۔
"اب تو بہت خوش ہو گی نہ تم؟"
وہ طنز کر رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"ہاں بلکل... اب میں بھی آزاد ہو گئی ہوں۔"
وہ بچی کچی عزت سمیٹنا چاہتی تھی۔
" تبھی یہ منگنی کی میں نے تاکہ تمہارے راستے سے
"رکاوٹ ہٹ جائے۔
وہ دانت پیستا ہوا بولا۔
"شکر ہے کبھی تم نے میرا بھی خیال کیا۔"
وہ ہاتھ کی پشت سے رخسار رگڑتی ہوئی بولی۔

"لیکن تمہیں تو کبھی نہیں آئے گا۔"
وہ شکوہ کر گیا۔
" میں جتنا بھی کر لوں تمہیں دکھائی ہی نہیں دے گا۔ تم بس
"وہی دیکھو گے جو دوسرے لوگ دکھائیں گے۔
وہ تاسف سے بولی۔
" میں اپنی آنکھوں پر یقین رکھتا ہوں.. اتنا بیوقوف نہیں ہوں
"جو لوگوں کی باتوں پر اعتبار کر بیٹھوں۔
وہ تلملا اٹھا۔

" عجیب بات ہے نہ منگنی کرنے کے بعد بھی تم مجھ سے
" ..بات کر رہے ہو
وہ پے دے پے وار کرنے لگی۔
" ..تم سے بات کرنے کا روادار کون ہے یہاں"
کہتے ساتھ ہی اس نے کھٹاک سے فون بند کر دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ نم آنکھوں سے فون کو دیکھتی مسکرانے لگی۔
~~~~~~~~~
اس دبیز خاموشی میں اسے کسی کی سسکیاں سنائی دے رہی تھیں۔
وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا کمرے کے پاس آیا۔
دروازے پر ہاتھ رکھا تو وہ کھلتا چلا گیا۔
نیم تاریکی میں کوئی وجود زمین پر بیٹھا سسکیاں لے رہا تھا۔
وہ بےچینی سے آگے بڑھا۔

"کون ہو تم؟"
اس کی آواز کسی گہری کھائی سے آتی محسوس ہوئی۔
وہ چہرہ اٹھا کر شکوہ کناں نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔
ان آنکھوں میں تیرتا کرب اسے واضح دکھائی دے رہا تھا۔
"تم میرے گناہگار ہو۔"
زرش اشک بہاتی ہوئی بولی۔

اس نے جھٹکے سے آنکھیں کھول دیں۔
کمرے کی لائٹ آن تھی۔
وہ پوری آنکھیں کھولے چھت کو گھورنے لگا۔
"کیا وہ خواب تھا؟"
وہ بولتا ہوا بیٹھ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

جگ سے گلاس میں پانی انڈیلا اور پینے لگا۔

"وہ میرے باعث تکلیف میں ہے۔"
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔
"میں کیا کروں اب؟"
وہ بے چینی سے بولا۔
" میں نے غلط کیا اسکے ساتھ, ایک کمزور لمحے میں وہ فیصلہ لیا۔ وائز تم تو کسی کو اس کی اجازت کے بنا چھونے کے روادار نہیں تھے۔ اب کیسے اس کی یہ تکلیف دور کروں؟"
وہ مدھم آواز میں سرگوشیاں کر رہا تھا۔

" اس کا کوئی جرم نہیں تھا لیکن پھر بھی میں نے اسے سزا دے دی۔ وائز رضی حیات تم اس کے مجرم ہو۔"
وہ اسی پوزیشن میں بول رہا تھا۔
نیند آنکھوں سے خفا ہو چکی تھی۔
وہ چہرہ اٹھا کر کھڑکی سے پار دیکھنے لگا۔
پورا شہر نیند میں ڈوبا ہوا تھا۔

وہ بیڈ سے اتر کر ٹہلنے لگا۔شاید ایک وہی تھا جو رات کے اس پہر بے چین تھا۔
وہ لائٹ آف کر کے واپس بیڈ پر آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بار بار کروٹ بدل رہا تھا لیکن نیند تو جیسے اب خفا ہو گئی تھی۔

"اب اس ٹائم کیا کروں میں؟"

وہ کوفت سے کہتا اٹھ بیٹھا۔

کچھ سوچ کر اس نے سیگرٹ اور لائٹر نکالا اور صوفے پر نیم دراز ہو گیا۔

"شاید اس سے کچھ افاقہ ہو جائے۔"

وہ سرمئی دھواں اڑاتا ہوا بولا۔

باقی کی رات یونہی سیگرٹ پیتے بسر ہوئی کیونکہ نیند اس پر مہربان نہ ہوئی۔

~~~~~~~~

3 ماہ بعد:

ہر رات کی مانند آج بھی وہ اٹھ بیٹھا۔

"یہ خواب میرا پیچھا کیوں نہیں چھوڑ رہا؟ کیسے اس سے جان چھڑواؤں؟"

وہ سر پکڑتا ہوا بولا۔

"تم مجھے معاف نہیں کرنا چاہتی... میں کیسے ازالہ کروں اپنی اس غلطی کا؟"

وہ جھنجھلا کر کہتا لیمپ آن کرنے لگا۔

گزشتہ تین ماہ سے اس کے ساتھ یہی ہو رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

رات گئے اس کی آنکھ کھل جاتی اور باقی کی آدھی رات وہ سیگرٹ پی کر گزارتا۔
صبح کی کرن کے ساتھ وہ سیگرٹ ایش ٹرے میں مسلتا باہر نکل آیا۔

معمول کے مطابق زرش کچن میں تھی۔
"ایک کپ چائے مل سکتی ہے؟"
وہ سر پر ہاتھ رکھے کرسی پر بیٹھ گیا۔
وہ رخ موڑ کر اسے دیکھنے لگی۔
سرخ نیند سے بوجھل آنکھیں۔
وہ نوٹ کر رہی تھی اکثر اس کی آنکھیں ایسی ہی ہوتیں۔

"یہ لو۔"
وہ کپ اس کے سامنے ٹیبل پر رکھتی ہوئی بولی۔
"تم مجھے معاف نہیں کر سکتی؟"
وہ زرش کو نہیں دیکھ رہا تھا۔
وہ تعجب سے اسے دیکھنے لگی۔
"آج تمہیں کہاں سے یاد آ گئی معافی کی؟"
وہ طنز کر رہی تھی۔

"پہلے بھی مانگ چکا ہوں۔"
وہ اس کی جانب دیکھتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور میں پہلے بھی جواب دے چکی ہوں۔ بار بار پوچھنے " پر بھی جواب وہی رہے گا بدلنے والا نہیں اس لئے یہ "کوشش ترک کر دو۔

وہ کہتی ہوئی کچن میں چلی گئی۔

وہ کپ کو گھورنے لگا۔

"ایسے کب تک چلے گا؟"

وہ ضبط کرتا ہوا زور سے بولا تاکہ وہ سن سکے۔

"جب تک ہم دونوں میں سے کوئی ایک مر نہیں جاتا۔"

وہ بےحسی سے گویا ہوئی۔

وہ اثبات میں سر ہلاتا چائے پینے لگا۔

~~~~~~~~

امی رکشے میں چلتے ہیں...میری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں " ہے۔"

زرش چادر اٹھاتی ہوئی بولی۔

"وائز گھر نہیں تھا کیا؟"

وہ پرس اٹھاتی ہوئی بولیں۔

"آج سنڈے ہے گھر پر ہی تھا۔"

وہ سر جھکا کر چلنے لگی۔

"پھر بھی تم اکیلی آئی ہو؟"

وہ آہستہ سے بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"مجھے عادت ہے۔"
وہ مختصر سا کہہ کر رکشہ دیکھنے لگی۔

وہ سرد آہ بھرتیں اسے دیکھنے لگیں۔
وقت کے ساتھ ماں باپ کو تو صبر آ گیا تھا لیکن زرش جیسے آج بھی وہیں کھڑی تھی۔
"کیا ہوا ڈاکٹر سب ٹھیک ہے نہ؟"
ثریا فکرمندی سے بولی۔

"جی جی... مبارک ہو آپ نانی بننے والی ہیں۔"
وہ پیشہ ورانہ مسکراہٹ لئے بولیں۔
" ..نانی"
وہ زیر لب دہراتی مسکرانے لگیں۔ لیکن اگلے ہی لمحے اس خوشی پر اوس پڑ گئی۔
"آپ انہیں چیک اپ کے لئے لاتی رہیے گا۔"
ثریا اثبات میں سر ہلاتی کھڑی ہو گئی۔

زرش سن چکی تھی۔
اس کے چہرے پر خوشی کی رمق تک نہ تھی۔
" ..چلو گھر چلیں"
وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔
"آپ جائیں... میں اپنے گھر جا رہی ہوں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنا ہاتھ چھڑواتی ہوئی بولی۔
چہرہ سپاٹ تھا۔

"تم ٹھیک ہو؟"
انہیں پریشانی لاحق ہوئی۔
" ...جی"
وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔
"اچھا ٹھیک ہے پھر۔"
وہ سانس خارج کرتی رکشے میں بیٹھ گئیں۔

زرش لب کاٹتی انہیں نظروں سے اوجھل ہوتا دیکھ رہی تھی۔
عجیب سے حالات ہے.. کم از کم میری سمجھ سے بالاتر " ہیں۔ کچھ لوگ ترستے ہیں اس نعمت کے لئے اور مجھے "سمجھ نہیں آ رہا کیا کروں؟
وہ منہ پر ہاتھ پھیرتی چلنے لگی۔

اس نے چابی نکالی اور اپارٹمنٹ کا دروازہ کھول کر اندر آ گئی۔
توقع کے مطابق وائز لاؤنج میں بیٹھا چینل بدل رہا تھا۔
ہاتھ میں سیگرٹ تھی۔
"تم مجھے بتا کر بھی جا سکتی تھی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ایل ای ڈی کی آواز بند کرتا ہوا بولا۔

"جانتی ہوں۔"

وہ کہتی ہوئی اس کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئی۔
"اس کا کیا ری ایکشن ہو گا؟"
وہ وائز کو دیکھتی سوچنے لگی۔
"ایسے کیا دیکھ رہی ہو؟"
وہ اس کی نظریں خود پر محسوس کرتا ہوا بولا۔
وہ لب کاٹتی الفاظ جمع کرنے لگی۔
"کچھ کہنا چاہتی ہو؟"
وہ آگے ہوتا ہوا بولا۔

" ...ہاں"
وہ اِدھر اُدھر دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...تو بولو"
وہ توجہ سے اسے دیکھ رہا تھا۔
" ...وہ میں"
وہ ہچکچا رہی تھی۔
"بولو نہ کیا کہنا ہے؟"
وہ بےچینی سے بولا۔

"میں پریگنیٹ ہوں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چہرہ جھکا کر بولی۔
"کیا کہا تم نے؟"
اس نے جیسے سنا نہیں۔
"تم سن چکے ہو۔"
وہ تیزی سے بولی۔

"ہاں میں سن چکا ہوں اور دوبارہ سننا چاہتا ہوں۔"
وہ اشتیاق سے اسے دیکھ رہا تھا۔
"تمہیں خوشی ہو رہی ہے؟"
اس کی آنکھوں میں حیرت کا عنصر نمایاں تھا۔
"ظاہر ہے خوشی ہو گی۔ کیوں تم خوش نہیں؟"
وہ کھل کر مسکرایا۔

"خوش ہونے کی ہر وجہ تم نے مجھ سے چھین لی ہے۔"
وہ تلخی سے بولی۔
وائز لب بھینچ کر اپنے پاؤں دیکھنے لگا۔
"جانتی ہو دنیا میں بہت سے لوگ ہیں جو اولاد کے لیے ترستے ہیں... ہم تو خوش قسمت ہیں کہ یہ خوشی ہمارا در کھٹکا رہی ہے۔
میرے چاچو اور چاچی کو دیکھ لو آدھی زندگی گزر گئی لیکن آج بھی ان کی کوئی اولاد نہیں۔ میں نے انہیں دیکھا ہے کیسی تڑپ ہوتی ہے۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آہستہ آہستہ بول رہا تھا۔

" ہاں سب خوش ہی ہوتے ہیں لیکن سب کے حالات ایسے نہیں ہوتے... وائز نکاح کے باوجود یہ بچہ ہے تو ناجائز ہی۔"

وہ تڑپ کر بولی۔

وہ چہرہ اوپر نہ اٹھا سکا۔

" جو ہو گیا میں اسے بدل نہیں سکتا بٹ آئی پرامس تمہیں بہت خوش رکھوں گا۔"

وہ اس کے قدموں میں بیٹھتا ہوا بولا۔

" وائز تم میرے اور اللہ کے گناہگار ہو... تمہارا وہ گناہ کبھی نہیں مٹے گا نہ ہی مجھ سے توقع رکھنا کوئی بھی۔مجھے نفرت ہے تم سے صرف نفرت..."

وہ منہ پر ہاتھ رکھتی کمرے میں بھاگ گئی۔

وہ زرش کی آنکھوں میں تیرتے آنسو دیکھ چکا تھا۔

وہ مٹھیاں بھینچے ضبط کر رہا تھا۔

نفی میں سر ہلاتا وہ کھڑا ہوا چابی اٹھائی اور باہر نکل گیا۔

وہ جیب میں ہاتھ ڈالے کلب کے اندر داخل ہو گیا۔

شراب کی بو اس کے نتھنوں سے اندر داخل ہونے لگی۔

وہ بنا کسی پر نظر ڈالے ایک کونے میں بیٹھ گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے ہاتھ میں شراب کا گلاس تھا۔

وہ گلاس کو ٹیبل پر رکھ کر گھورنے لگا۔
"میں گناہگار ہوں۔"
وہ شاید اپنے حواس میں نہیں تھا۔
بے ساختہ وہ ہنسنے لگا۔
لوگ تو قتل بھی معاف کر دیتے ہیں تو وہ کیوں اتنی "
"سنگدل بنی ہوئی ہے؟
وہ اس مائع کو دیکھتا ہوا بول رہا تھا۔

کیا میں قابل نفرت ہوں؟ اتنی بے حس کیسے ہو سکتی ہو "
"تم؟
مٹھیاں بند کرتا ہوا بولا۔
پلیز معاف کر دو مجھے...تھک گیا ہوں میں ۔ دل چاہتا ہے "
تمہارے ساتھ گھومنا پھرنا, زندگی کو جینا چاہتا ہوں تمہارے
" ...ساتھ اور تم ہو کہ
وہ گلاس کو ہاتھ مارتا ہوا چلایا۔

گلاس زمین بوس ہو کر کرچی کرچی ہو چکا تھا۔
میوزک کے باعث کسی نے نوٹس نہ لیا۔
اس نے سر بار پر گرا لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے ہی تم مجھ سے نفرت کرتی ہو اگر تمہیں معلوم ہوا کہ "
"میں شراب پی رہا ہوں تو مسئلہ اور بڑھ جائے گا۔
وہ سامنے دیوار کو دیکھتا ہوا بول رہا تھا۔
"سعد مجھے لینے آ جا میں کلب میں بیٹھا ہوں۔"
میسج بھیج کر اس نے آنکھیں بند کر لیں۔
~~~~~~~~
"آج تم وائز کے ساتھ نہیں آئی؟"
مشل تعجب سے بولی۔
"نہیں وہ گھر پر نہیں تھا۔"
وہ رجسٹر پر جھکی ہوئی تھی۔
"کہاں گیا؟"
وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

مجھے کیا معلوم؟ گیا ہوگا کسی لڑکی کے پاس اور کیا کام "
" ...ہے اس کا
وہ سر جھٹک کر اپنے کام میں مصروف ہو گئی۔
"دائم نظر نہیں آ رہا کافی دنوں سے... خیر ہے؟"
یکدم زرش کو خیال آیا۔

ہاں میں بھی یہی نوٹ کر رہی تھی... اس لئے کل اسے فون "
"کیا۔
وہ چپس کھاتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کیا کہا اس نے؟"
وہ سر اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔
"...کہہ رہا تھا یونی چھوڑ دی ہے میں نے"
وہ اداسی سے بولی۔

"کیوں؟"
زرش کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔
"وجہ نہیں بتائی... بہت بار پوچھا میں نے۔"
وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولی۔
وائز نے بھی تو اسے تنگ کیا ہوا تھا جب سامنے آ جائے "
"وہیں شروع ہو جاتا۔
وہ نفی میں سر ہلاتی کام کرنے لگی۔

ہاں صحیح کہہ رہی ہو... ویسے بھی وہ تمہیں پسند کرتا تھا "
" ..لیکن
"پرانی باتوں کو مت کریدو... میں جانتی ہوں۔"
وہ رجسٹر بند کر کے کھڑی ہو گئی۔
"کیا ہوا؟"

وہ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔
"کچھ نہیں بس کچھ دیر اکیلی رہنا چاہتی ہوں۔"
وہ بیگ اٹھاتی چل دی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

وہ دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تو کچن سے کھٹ پٹ کی سنائی دینے لگی۔

"وائز تو گھر پر نہیں تھا پھر یہ کون ہے؟"

وہ بیگ رکھتی آہستہ سے بڑبڑائی۔

اس نے گلدان اٹھایا اور جوتا اتار کر چلنے لگی۔

وائز کی اس کی جانب پشت تھی۔

"تم آ گئی؟"

وہ اس کی جانب رخ موڑتا ہوا بولا۔

اس نے ہاتھ نیچے کر لیا۔

"تم کیا سمجھی کوئی چور ہے؟"

وہ معدوم سا مسکرایا۔

"اسے چھوڑو اور تم ہاتھ منہ دھو لو پھر کھانا کھا کر تم آرام کرنا... شام میں ہم شاپنگ کرنے چلیں گیں۔ ڈاکٹر کو میں نے فون کر دیا تھا شام میں آ جائے گی اور ہاں اب تم کوئی کام نہیں کرو گی جو بھی کام ہو گا میں خود کر لوں گا۔"

وہ پرجوش انداز میں بولتا جا رہا تھا۔

"تم ایسا کیوں کر رہے ہو؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ جھنجھلا کر بولی۔
"کیا مطلب؟"
وہ الجھ کر اسے دیکھنے لگا۔

میں جانتی ہوں تم کیسے انسان ہو پھر کیوں اچھا بننے کی "
"کوشش کر رہے ہو میرے سامنے؟
وہ تنک کر بولی۔
تم مجھے گھٹیا کہہ سکتی ہو لیکن منافق نہیں۔ میں جو بھی "
ہوں جیسا بھی ہوں سب کے سامنے ہوں چھپ کر نہیں کرتا
کچھ اور سب سے اہم بات تم ہمارے بچے کو لے کر میری
"...خوشی کو بناوٹ نہیں کہہ سکتی
وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

وہ لب بھینچ کر اسے دیکھنے لگی جس کی آنکھیں سرخ ہو
رہی تھیں۔
"جا کر چینج کر لو تم۔"
وہ رخ موڑتا ہوا بولا۔
خفگی لہجے سے عیاں تھی اسے برا لگا تھا۔
وہ بنا کچھ کہے کمرے میں چلی گئی۔

کچھ دیر بعد وائز دروازے پر دستک دیتا اندر داخل ہوا۔
اسے دیکھ کر وہ دوپٹہ اٹھا کر گلے میں ڈالنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت بار کھانا بنایا ہے لیکن پتہ نہیں تمہیں پسند آئے گا یا "
"...نہیں
وہ ٹرے اس کے سامنے رکھتا ہوا بولا۔
وہ اب بھی خاموش رہی۔

"...میں اپنے ہاتھ سے کھلاؤں گا تمہیں"
وائز کے چہرے پر ایک نا ختم ہونے والی مسکراہٹ تھی۔
"میرے ہاتھ سلامت ہیں.... میں خود کھا سکتی ہوں۔"
وہ ٹرے کھسکاتی ہوئی بولی۔
وہ لب دبائے مسکراتا ہوا اسے دیکھ رہا تھا۔

ریڈ کلر کی ٹی شرٹ پہنے وہ پرکشش دکھائی دے رہا تھا۔
"تم دیکھو گے تو میں کیسے کھاؤں گی؟"
وہ نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔
وہ یک ٹک اس کی سیاہ آنکھوں میں دیکھنے لگا۔
"وائز؟"
وہ مدھم آواز میں بولی۔

"کتنا اچھا لگتا ہے تمہارے ہونٹوں پر میرا نام؟"
وہ بے خودی میں بولتا جا رہا تھا۔
"میں کھا لوں یا نہیں؟"
اب کہ وہ زور سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہا.. ہاں تم کھاؤ میں جاتا ہوں باہر۔"
وہ بیڈ سے اترتا ہوا بولا۔
~~~~~~~~~~
"تم یہاں کیوں آئی ہو؟"
وہ نور کی بازو پکڑتا ہوا بولا۔
یہ میری خالہ کا گھر ہے میں جب چاہوں یہاں آ سکتی "
"ہوں۔
وہ پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔
"..اچھے سے جانتا ہوں کیوں آئی ہو تم یہاں"
وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"جانتے ہو تو پھر کیوں پوچھ رہے ہو بازو چھوڑو میری۔"
وہ اس کا ہاتھ ہٹانے کی سعی کر رہی تھی۔
"مجھے مٹھائی نہیں کھلاؤ گی۔ تمہارا رشتہ پکا ہو گیا ہے؟"
وہ گھورتا ہوا بولا۔
"خاص تمہارے لئے خود آئی ہوں۔"
وہ میز سے مٹھائی کا ڈبہ اٹھاتی ہوئی بولی۔

احسن اس کی بازو آزاد کرتا جیب میں ہاتھ ڈالے اسے دیکھنے لگا۔
" ...مبارک باد تو دے دو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

وہ اسے کھلاتی ہوئی بولی۔
"بہت مبارک ہو۔"
وہ جل کر کہتا چلنے لگا۔

"مجھے گھر چھوڑ آؤ۔"
وہ آنکھوں میں تیرتی نمی صاف کرتی ہوئی بولی۔
وہ وہیں رک گیا۔
"تمہارا منگیتر کہاں ہے؟"
نور کے سامنے اس کی پشت تھی۔

"جہاں بھی ہو... تم مجھے چھوڑ آؤ نہ؟"
وہ اپنی عزت نفس کو روند رہی تھی۔
وہ رخ موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔
"مجھ سے کہہ رہی ہو تم؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"تمہارے علاوہ یہاں کوئی ہے؟"
وہ خفگی سے بولی۔
وہ اثبات میں سر ہلانے لگا۔
"تمہارا یہ انداز مجھے بہت برا لگتا ہے۔"
وہ کہے بنا رہ نہ سکی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب تو تمہاری جان چھوٹ گئی نہ...میری بری عادتوں "
"سے۔ حمزہ تو بہترین انسان ہے۔
وہ طنز کر رہا تھا۔
"کیا ہمیشہ اس کا ذکر لازم ہے؟"
وہ زچ ہو کر بولی۔

"میں کمرے سے چابی لے کر آتا ہوں۔"
وہ ایک نظر اسے دیکھ کر چل دیا۔
وہ اس کی پشت کو دیکھنے لگی۔
"کمبخت دل بھی عجیب چیز ہے.. قابو میں رہتا ہی نہیں۔"
وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔
~~~~~~~~
"تمہیں کچھ چائیے؟"
وہ دروازہ بند کرتا ہوا بولا۔
"میں خود بنا لوں گی۔"
وہ کچن کی جانب چلتی ہوئی بولی۔
تم کمرے میں جاؤ تھک گئی ہو گی... میں دودھ گرم کر "
"کے لاتا ہوں۔
وہ اس کے راستے میں حائل ہوتا ہوا بولا۔
وہ لب کاٹتی اسے دیکھنے لگی۔

" ...جاؤ بھئ"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ خفگی سے بولا۔
" ...ٹھیک ہے"
وہ کہتی ہوئی اندر چلی گئی۔
وہ شاپر اٹھا کر اپنے کمرے میں لے آیا۔
مجھے امید ہے ایک دن تم ٹھیک ہو جاؤ گی میری محبت "
"تمہیں مجبور کر دے گی مجھ سے محبت کرنے پر۔
وہ آئینے میں اپنا عکس دیکھتا ہوا بولا۔
شیو بڑھی ہوئی تھی۔

"کل اسے بھی سیٹ کروانا پڑے گا۔"
وہ داڑھی پر ہاتھ پھیرتا باہر نکل آیا۔
وہ دودھ گلاس میں ڈال کر مگ میں کافی انڈیل رہا تھا جب بیل سنائی دی۔
"اس ٹائم کون آ سکتا ہے؟"
وہ دروازے کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔

"شکر ہے تمہاری شکل تو نظر آئی۔"
جینی اس کے گلے لگتی ہوئی بولی۔
وہ فوراً پیچھے ہو گیا۔
"کیا ہوا؟"
وہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم کیوں آئی ہو یہاں؟"
وہ فاصلہ بڑھاتا ہوا بولا۔
" کیا میں تم سے ملنے بھی نہیں آ سکتی؟ آج کل تو تمہاری
"کوئی خبر ہی نہیں ہے۔
وہ خفگی سے دیکھتی شکایت کرنے لگی۔

" ...دیکھو تم جاؤ یہاں سے"
وہ متفکر سا بولا۔
"کیوں جاؤں میں یہاں سے بتاؤ مجھے؟"
وہ تقریباً چلائی۔
زرش کو آواز سنائی دیں تو پیشانی پر بل پڑ گئے۔
"باہر کون ہے؟"
وہ بولتی ہوئی دروازے کے پاس آ گئی۔

" میں اکیلا نہیں رہتا اب... پہلے کی بات اور تھی میری بیوی
"بھی میرے ساتھ ہے۔
وہ باور کرا رہا تھا۔
" اس نام نہاد بیوی کی کوئی اہمیت نہیں ہے یہ میں اچھے
"سے جانتی ہوں۔
وہ اس کی جانب قدم اٹھاتی ہوئی بولی۔

دروازہ کھلنے کی آواز سنتے ہی وائز گردن موڑ کر زرش

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو دیکھنے لگا۔
وہ تاسف سے وائز کو دیکھ رہی تھی۔
"بکواس بند رکھو اور بہتر ہوگا تم جاؤ یہاں سے۔"
"وہ جینی کو دیکھتا ہوا غرایا۔
زرش دروازہ بند کر چکی تھی۔

"تم اس کے لئے مجھ سے ایسے بات کر رہے ہو؟"
وہ گھورتی ہوئی بولی۔
"مہربانی کر کے دوبارہ یہاں مت آنا۔"
وہ اس کی بازو پکڑ کر دروازے سے باہر کرتا ہوا بولا۔
وہ ہکا بکا سی وائز کو دیکھنے لگی۔

اس سے قبل کہ وہ کچھ کہتی وائز نے دروازہ بند کر دیا۔
"جیسا تم سوچ رہی ہو ایسا کچھ بھی نہیں۔"
وہ اس کے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔
"میں نے کچھ کہا؟"
وہ آبرو اچکا کر بولی۔

"ہاں لیکن تمہاری نظریں سب کہہ رہی ہیں۔"
وہ کھڑکی کو گھورتا ہوا بولا۔
"تم آزاد ہو جو چاہو کر سکتے ہو۔"
وہ شانے اچکاتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کل گاؤں جانا ہے... بابا سائیں بلا رہے تھے۔"
وہ کافی کے سپ لیتا آگاہ کرنے لگا۔
"اچھا۔"
مختصر سا جواب آیا۔
"تم یونی نہیں جاؤ گی اب۔"
وہ تحکم سے بولا۔

"کیوں؟"
وہ متحیر رہ گئی۔
"...آرام کرو۔ویسے بھی اچھا نہیں لگتا"
وہ خفگی سے دیکھتا ہوا بولا۔
"لیکن میری سٹڈی؟"
وہ رک کر اسے دیکھنے لگی۔

"فلحال ضرورت نہیں.. بعد میں دیکھ لینا۔"
وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔
"یہ فیصلہ میں لوں گی۔"
وہ زور دے کر بولی۔

"فیصلہ ہو چکا ہے...گڈ نائٹ۔"
وہ مسکرا کر دیکھتا باہر نکل گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کپ کو گھورنے لگی۔
~~~~~~~~~~
وہ کپڑے بدل کر بیڈ پر آ گیا۔
چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئی۔
"ابھی تو بہت ٹائم ہے۔"
وہ خود کلامی کر رہا تھا۔
چند پل میں وہ نیند کی وادی میں اتر گیا۔
ہر رات کی مانند آج بھی وہ نیند سے اٹھ بیٹھا۔

" ...پلیز چپ ہو جاؤ"
زرش کی سسکیاں اس کے کانوں میں بازگشت کر رہی تھیں۔
"میں پاگل ہو جاؤں گا پلیز رونا بند کر دو۔"
وہ دونوں کانوں پر ہاتھ رکھے بول رہا تھا۔
اس نے گلاس اٹھا کر سامنے دیوار پر دے مارا۔
آواز ختم ہو گئی۔

وہ لمبے لمبے سانس لیتا تاریکی میں دیوار کو گھورنے لگا۔
"...معاف کر دو مجھے پلیز"
وہ بال نوچتا ہوا بولا۔
" ...وائز ریلیکس"
وہ خود کلامی کرتا لیٹ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"شاید آج نیند آ جائے۔"
وہ آنکھیں بند کرتا ہوا بڑبڑایا۔

نجانے کب تک وہ یونہی لیٹا رہا لیکن سو نہیں سکا۔
کچھ سوچ کر اس نے کمبل پرے کیا اور سلیپر پہن کر چابی اٹھائی اور باہر نکل آیا۔
زرش جو کچن میں کھڑی تھی اسے باہر نکلتا دیکھ چکی تھی۔

"اس ٹائم کہاں جا رہا ہے وائز؟"
وہ تعجب سے بولی۔
گاڑی لے کر وہ سپیڈ بڑھانے لگا۔
گاڑی انجان سنسان راہوں پر دوڑ رہی تھی۔
تاریکی اپنے عروج پر تھے۔ ایسے میں وہ تنہا تھا۔

یکدم اس نے بریک لگا دی۔
وہ تھک گیا تھا۔ اس بوجھ کو اٹھاتے اٹھاتے۔
دروازہ کھول کر وہ باہر نکل آیا۔
سڑک کی دائیں جانب پہاڑ تو بائیں جانب کھائی تھی۔
وہ گاڑی کے آگے آ کر زمین پر بیٹھ گیا۔
چہرہ گھٹنوں پر گرا لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پلیز زرش مجھے معاف کر دو... آزاد کر دو مجھے اس "
"تکلیف سے۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔
خود کلامی کرتے کرتے کب اس کی آنکھ لگی اسے معلوم ہی نہ ہوا۔
سورج کی کرنیں بکھر رہی تھیں۔
گاڑی کے ہارن پر اس کی آنکھ کھلی۔

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا دائیں بائیں دیکھنے لگا۔
ہارن پھر سے سنائی دینے پر وہ کھڑا ہو گیا۔
اس کی گاڑی کے عقب میں کھڑی گاڑی ہارن بجا رہی تھی۔
وہ ہاتھ سے اشارہ کرتا دروازہ کھول کر بیٹھ گیا۔
" ...زرش اٹھ نہ گئی ہو"
وہ بائیں کلائی پر بندھی گھڑی پر نظر ڈالتا ہوا بولا۔

وہ سپیڈ بڑھانے لگا۔
اسے اب جلد از جلد گھر پہنچنا تھا۔
وہ سیدھا کچن میں آیا لیکن وہاں وہ موجود نہ تھی۔
" ...لگتا ہے سو رہی ہے ابھی"
وہ بڑبڑاتا ہوا اپنے کمرے کی جانب چل دیا۔

آج بھی ناشتہ وائز نے ہی بنایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کاٹن کی سیاہ رنگ کی شلوار قمیض پہنے ہوئے تھا۔ ایک شانے پر شال رکھی ہوئی تھی۔
وہی مغرور انداز ہمیشہ کی مانند۔

چہرہ دمک رہا تھا, بڑھی ہوئی شیو اور اس کی موچھیں جنہیں کھڑی کرتا وہ اندر آ رہا تھا۔ زرش اس کے عقب میں چل رہی تھی۔
" ...کب سے انتظار کر رہے تھے تم دونوں کا"
رضی حیات اسے سینے سے لگاتے ہوئے بولے۔
"خیر ہے آج کوئی اور دکھائی نہیں دے رہا؟"
وہ گل ناز بیگم سے ملتا ہوا بولا۔
" ہاں تمہاری چاچی میکے گئی ہیں اور احسن واپس شہر چلا گیا ہے... اس کی پڑھائی شروع ہو گئی تھی نہ۔"
وہ زرش کو ساتھ لگاتی ہوئی بولیں۔
" ...کچھ کھلاؤ پلاؤ بچوں کو"
رضی حیات گل ناز بیگم کو گھورتے ہوئے بولے۔

"جی جی... میں ملازمہ کو کہتی ہوں۔"
وہ ہڑبڑا کر کھڑی ہو گئی۔
" نہیں امی ہم ناشتہ کر کے آئیں ہیں... ضرورت پڑے گی تو خود مانگ لیں گیں اپنا گھر ہے کوئی پرایا تو نہیں.."
وہ گاہے بگاہے زرش پر نظر ڈال رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم سناؤ بیٹا... یہ تنگ تو نہیں کرتا؟ میں نے بہت دعائیں
"کی ہیں اللہ سے, کہ اسے عقل آ جائے۔
وہ مدھم آواز میں زرش سے مخاطب تھیں۔

"...الیکشن جیت ہی گئے پھر آپ"
وہ صوفے سے پشت لگاتا ہوا بولا۔
"تو تمہیں کوئی شک تھا؟"
وہ تنک کر بولے۔
مجھے بھلا کیوں شک ہونے لگا۔ خیر میں کمرے میں جا
"رہا ہوں تھک گیا ہوں۔
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

"...نہیں ایسی کوئی بات نہیں"
وہ سر جھکا کر بولی۔
امی کچھ دیر بعد زرش کو کمرے میں بھیج دینا تھک گئی
"ہو گی وہ۔
وہ ہدایت دیتا زینے چڑھنے لگا۔
"خیال رکھتا ہے تمہارا؟"
وہ مسکرا کر بولیں۔

"...جی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہچکچا کر بولی۔
" تم بھی جا کر آرام کر لو... کسی چیز کی ضرورت ہو تو مجھے بتا دینا۔"

وہ اس کے سر بوسہ دیتی ہوئی بولیں۔
" ...جی اچھا"
وہ کہتی زینے چڑھنے لگی۔

"تمہاری بیٹی کی کمی تو پوری ہو گئی۔"
رضی حیات اخبار اٹھاتے ہوئے بولے۔
" میری بڑی بہو ہے اب میں لاتعلق تو نہیں رہ سکتی اس سے۔"
وہ منہ بناتی ہوئی بولیں۔
"جاؤ پھر اپنے ہاتھ سے کچھ میٹھا بناؤ بچوں کے لیے۔"
وہ چشمہ لگاتے ہوئے بولے۔

"بلکل... کیوں نہیں۔"
وہ کہتی ہوئی سرعت سے نکل گئی۔
وہ دروازہ آہستہ سے بند کرتی بیڈ کی جانب چلنے لگی۔
وائز آنکھوں پر بازو رکھے لیٹا ہوا تھا۔

"اب پھر سے ایک ہی کمرے میں رہنا پڑے گا۔"
وہ بڑبڑاتی ہوئی صوفے پر نیم دراز ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شکر ہے جاگ نہیں رہا۔"
وہ وائز پر ایک نگاہ ڈالتی ہوئی بولی۔
جو بظاہر سو رہا تھا لیکن در حقیقت وہ جاگ رہا تھا۔
~~~~~~~~

" ...ہاں یہ سامان تم رکھ لو"
وہ بیڈ پر بیٹھی بول رہی تھیں جب وائز اندر داخل ہوا۔
"تم باہر جاؤ۔"
وہ ملازمہ کو دیکھتا ہوا بولا۔
وہ سب وہیں پر چھوڑ کر باہر نکل گئی۔

وائز دروازہ بند کر کے گل ناز بیگم کے پاس آیا اور ان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا۔
"کیا ہوا وائز؟ تم ٹھیک ہو؟"
وہ پریشان ہو گئیں۔
" ..امی کیا اس گناہ کی کوئی معافی نہیں ہوتی"
وہ آنکھیں میچ کر کرب سے بولا۔
آنسو بند آنکھوں سے بہنے لگے۔

"میرے بچے کیا ہوا؟"
وہ اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرتی ہوئی بولیں۔
کیا وہ کبھی مجھے معاف نہیں کرے گی؟ اس گناہ کی "
"معافی کیوں نہیں ہے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ ہچکیاں لیتا بول رہا تھا۔

" نہیں میرے بچے ایسا نہیں ہے اگر تو سچے دل سے توبہ کر لے تو بے شک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے۔
سورۃ الزمر (آیت نمبر 35)
ترجمہ:-
میری جانب سے کہہ دو اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے تم اللہتعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ, یقیناً اللہتعالیٰ سارے گناہوں کو بخش دیتا ہے,واقعی وہ بڑی بخشش اور بڑی رحمت والا ہے۔"
" معافی بھی تبھی ملے گی جب تمہارے دل میں ندامت ہو.. ہر برائی سے دور ہو جاؤ.. وائز میرے بچے جب تم نیک کام کرنے لگ جاؤ گے میرا رب تمہیں معاف کر دے گا۔"
وہ اس کے بال سنوارتی ہوئی بول رہی تھیں۔

" امی ساری ساری رات جاگتا رہتا ہوں میں... اب افسوس ہوتا ہے بہت بار معافی بھی مانگ چکا ہوں... لیکن وہ تو سنگدل بنی ہوئی ہے اس کی یہ بے رخی مجھے اندر ہی اندر کھا رہی ہے۔ میں اسے خوش رکھنا چاہتا ہوں امی.."
وہ اشکوں سے تر چہرہ اٹھاتا ہوا بولا۔
وائز کا یہ روپ ان کے لئے بلکل نیا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"امی کیا آپ کو میرے یہ آنسو جھوٹ لگ رہے ہیں؟ پل پل مرتا ہوں میں... برے کام نہ؟ سب چھوڑ دوں گا میں ہر چیز چھوڑ دوں گا بس اسے کہیں مجھے معاف کر دے.."
وہ ان کے ہاتھ پکڑ کر ان پر چہرہ رکھے بول رہا تھا۔
آنسو اس کے رخسار سے ہوتے ہوئے گل ناز بیگم کے ہاتھ پر گر رہے تھے۔

"کر دے گی معاف ہمت رکھ.. اتنا آسان نہیں ہے اس کے لئے معاف کرنا۔ بیٹا ایک لڑکی کے لئے اس کی عزت ہی کل سرمایہ ہوتی ہے اب جس کا تم نے تمام تر سرمایہ چھین لیا مجھے بتاؤ وہ کہاں سے ہمت لائے تمہیں معاف کرنے کی؟ انسان اندر سے مر جاتا ہے اس کے بعد کچھ بھی اچھا نہیں لگتا,بیٹا اس کا قصور نہیں ہے اس میں,تم صبر سے کام لو۔"
وہ نرمی سے اسے سمجھا رہی تھیں۔

"امی وضو کیسے کرتے ہیں؟"
آنکھیں بند کیں تو اشک اس کے رخسار پر آ گرے۔
"..آؤ میں تمہیں بتاتی ہوں"
وہ اس کے بال سنوارتی ہوئی بولیں۔
"جب تم ہر غلط کام چھوڑ دو گے تو زرش خود بخود تمہیں معاف کر دے گی۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کا گیلا چہرہ تھپتھپاتی ہوئی بولیں۔

"کاش یہ باتیں مجھے پہلے سمجھائی جاتیں۔"
وہ دونوں ہاتھوں چہرہ صاف کرتا باہر نکل گیا۔
" کاش تمہارے بابا سائیں مجھے نہ روکتے تو تم دونوں کی پرورش میں بہتر انداز میں کر پاتی۔"
وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولیں۔

"چاچی کھانا میرے کمرے میں بھیج دینا۔ "
وہ زینے چڑھتا ہوا بولا۔
" ...اچھا"
وہ منہ بناتی ہوئی بولیں۔
وہ کمرے میں آیا تو زرش بیڈ پر بیٹھی تھی۔
وہ خاموشی سے بیڈ کے دوسرے کنارے پر جا بیٹھا۔

"یہاں کتنے دن رہنا ہے؟"
وہ اس کی جانب دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...کچھ دن تو رکیں گے اب"
وہ ٹیک لگاتا ہوا بولا۔
" مجھے واپس جانا ہے.... تمہارے ساتھ ایک کمرے میں نہیں رہ سکتی میں۔"
وہ نظروں کا زاویہ موڑتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اتنا برا ہوں میں؟"
وہ کرب سے بولا۔
" ...اس سے بھی زیادہ"
وہ آنکھیں بند کرتی ہوئی بولی۔

" ...ایک دو دن تک چلے جائیں گے"
وہ چہرہ جھکا کر بولا۔
آنکھوں میں نمی تیرنے لگی تھی۔
دروازے پر دستک ہوئی۔

" ..آ جاؤ"
وہ اپنی کیفیت پر قابو پاتا ہوا بولا۔
ملازمہ اس کے سامنے ٹرے رکھ کر چلی گئی۔
"تم نے کھانا کھایا؟"
وہ زرش کو دیکھتا ہوا بولا۔
" ...کھا لوں گی میں"
وہ آہستہ سے بولی۔

"ابھی کھاؤ... صبح سے ناشتہ کیا ہوا ہے تم نے۔"
وہ ٹرے اس کے سامنے کرتا ہوا بولا۔
" ...میں نے کہا نہ کھا لوں گی میں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خفگی سے اسے دیکھنے لگی۔
"پہلے کی بات اور تھی اب میں کچھ نہیں سنوں گا۔ چپ
چاپ کھاؤ..."
وہ گھورتا ہوا بولا۔

"وائز تم مجھ پر..."
"ٹھیک ہے میں تمہارے لئے نہیں ہمارے بےبی کے لئے کر
رہا ہوں۔ اب مزید ایک لفظ نہیں۔"
وہ انگلی اٹھا کر بولا۔
وہ لب آپس میں ملاتی اسے گھورنے لگی۔

"اگر تم خود نہیں کھاؤ گی تو میں خود کھلاؤں گا۔"
وہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔
"اتنی فکر.. ہوں..."
وہ سر جھٹکتی کھانے لگی۔
وہ معدوم سا مسکرایا۔
وہ اٹھ کر کمرے سے باہر نکل آیا۔

ریلنگ پر ہاتھ رکھے نیچے جھک کر دیکھنے لگا۔
"امی میرے لئے کھانا تو بھیج دیں۔"
جونہی گل ناز بیگم پر نظر پڑی وہ بول پڑا۔
"اچھا میں بھیج دیتی ہوں تم دونوں کے لیے۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسکراتی ہوئی بولیں۔
زرش سن چکی تھی۔

"کیا سچ میں اسے اس بچے کی اتنی فکر ہے؟"
وہ کھانے سے ہاتھ روک کر بڑبڑائی۔
" ...ان جیسے لوگوں کو کہاں کسی کی پرواہ ہوتی ہے"
وہ ہنکار بھرتی نوالہ منہ میں ڈالنے لگی۔
~~~~~~~~~
کمرے کی لائٹ آف تھی۔
ایک چھوٹا سا نائٹ بلب مدھم سی روشنی بکھیر رہا تھا۔
اسے پیاس لگی تھی۔
وہ بیٹھ سے ٹیک لگاتی اٹھ بیٹھی۔

غیر ارادی طور پر نظر دائیں جانب پڑی تو آنکھوں میں تحیر سمٹ آیا۔
"یہ کہاں گیا؟"
وہ سوچتی ہوئی کمرے میں نگاہ دوڑانے لگی۔

وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی جو کھڑکی کے پاس جائے نماز بچھائے بیٹھا تھا۔
کچھ دیر بعد اس کی معدوم سی سسکی سنائی دیتی۔
وہ شش و پنج میں مبتلا ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"یہ سب سچ ہے یا ڈرامہ؟"
وہ پانی پئیے بنا واپس لیٹ گئی۔
"تم جیسا انسان کیسے سدھر سکتا ہے؟"
وہ ششدر تھی۔
~~~~~~~~~~

"مجھے واپس کیوں بلا لیا؟"
احسن اندر قدم رکھتا ہوا بولا۔
"ہم آئے اور تم چلے گئے؟"
وائز اس کے گلے لگتا ہوا بولا۔

"آپ نے مجھے مطلع کیا؟"
وہ گھورتا ہوا بولا۔
"بابا سائیں کہاں ہیں؟"
وہ گل ناز بیگم کو دیکھتا ہوا بولا۔

"..گودام گئے ہیں کچھ حساب کتاب دیکھنے"
وہ اس کا ماتھا چومتی ہوئی بولیں۔
"آپ نے بتایا ہی نہیں آنے سے پہلے؟"
احسن بولتا ہوا وائز کے ہمراہ بیٹھ گیا۔
"ہاں بس امی کو معلوم ہوا تو فوراً بلا لیا۔"
وہ شانے اچکاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

" ..چلیں اچھا ہے"
وہ پانی پیتا ہوا بولا۔
وائز یک ٹک بنا پلک جھپکے زرش کو دیکھ رہا تھا جو گل ناز بیگم سے باتیں کرتی ہوئی مسکرا رہی تھی۔
اس عرصہ میں وہ پہلی بار اسے مسکراتا ہوا دیکھ رہا تھا۔

فون پر میسج کی ٹون سنائی دینے پر زرش فون ان لاک کرتی دیکھنے لگی۔
یہ ایک ویڈیو تھی جو کسی انجان نمبر سے آئی تھی۔
جس کے اوپر ایک عبارت لکھی تھی۔

" ....تمہارے شوہر کی کچھ روز پرانی ویڈیو"
وہ پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھنے لگی۔
سٹیج پر لڑکیاں ڈانس کر رہی تھیں, لوگ ان پر پیسے لٹاتے ان کے ساتھ کھڑے تھے۔ وائز بھی انہی میں تھا۔
وہ اس ڈانسر کے ساتھ کھڑا تھا۔

...وہ اسے چھو رہا تھا نجانے کہاں کہاں
زرش نے ویڈیو بند کر دی۔
"میں جانتی ہوں تم جیسا انسان کبھی نہیں سدھر سکتا۔"
وہ فون رکھتی ہوئی بڑبڑائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"خیر ہے بھائی گھر میں ٹائم نہیں ملتا؟"
احسن اس کی نظروں کا تعاقب کرتا شرارت سے بولا۔
"یہ بھی تو گھر ہی ہے۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا البتہ نگاہیں ابھی تک زرش پر تھیں۔
"آپ لوگ بیٹھیں میں فریش ہو کر آیا۔"
وہ وائز کے شانے پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

" ..ہاں جاؤ تم... زرش میرے ساتھ آنا ذرا"
وائز کھڑا ہوتا ہوا بولا۔
" ...میں امی سے بات کر رہی ہوں"
اس کا مطلب انکار تھا۔
"نہیں نہیں جاؤ تم.. اتنی اہم باتیں تو نہیں پھر ہو جائیں گیں۔"
گل ناز مداخلت کرتی ہوئی بولی۔

وہ زرش کو دیکھتا زینے چڑھنے لگا۔
وہ نا چاہتے ہوئے بھی چلی گئی۔
"کیا کہنا ہے؟"
وہ بازو سینے پر باندھتی ہوئی بولی۔
" ...یہاں بیٹھو"
وہ اس کی بازو پکڑ کر بیڈ کی جانب لاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہاتھ چھڑواتی بیڈ پر بیٹھ گئی۔
"اگر ہمارا بیٹا ہوا تو تم اسے ہرگز میرے جیسا مت بننے دینا۔"
وہ اس کے سامنے بیٹھا سر جھکائے بول رہا تھا۔
وہ الجھ کر اسے دیکھنے لگی۔

"میں نہیں چاہتا ایک اور وائز رضی حیات اس دنیا میں سانس لے... تم جیسے چاہو اس کی تربیت کرنا میں کچھ نہیں بولوں گا۔ چاہے تو مار بھی لینا لیکن مجھ جیسا مت بننے دینا۔"
اشک اس کی آنکھ سے ٹوٹ کر بیڈ کی چادر میں جذب ہو گیا۔

زرش سے اس کے آنسو مخفی نہ رہ سکے۔
وہ حیران تھی اس کے بدلے ہوئے روپ کو دیکھ کر۔
"کیا تم کبھی مجھے معاف نہیں کرو گی؟"
وہ تکلیف میں تھا۔
وائز نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔
سرخی مائل آنکھوں میں تیرتا کرب نمایاں تھا۔

"کبھی نہیں..."
وہ سختی سے بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اتنی سنگدل ہو تم؟"
وہ شکست خور سا بولا۔

" تمہارے یہ چند آنسو میرے آنسوؤں کا حساب نہیں دے سکتے.... جو تم نے کیا ہے وہ ناقابل معافی جرم ہے۔ وائز تم نے میرے اندر کے انسان کا قتل کیا ہے۔میری روح کو پامال کیا ہے؟"
اس کی آواز کپکپا رہی تھی۔

" ہاں میں گناہگار ٹھہرا لیکن کیا تم بے عیب ہو؟ تم سے کبھی کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا؟ مانتا ہوں میں گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوا ہوں لیکن کیا تم اتنی نیک ہو؟"
وہ ہاتھ سے رخسار رگڑتا ہوا بولا۔
"کیا مطلب ہے تمہاری بات کا؟"
وہ نا سمجھی سے اسے دیکھنے لگی۔

" میرا مقصد تمہیں غلط ٹھہرانا نہیں ہے صرف سمجھانا ہے کہ انسانوں سے ہی غلطیاں ہوتی ہیں... پیشمان بھی وہی ہوتے ہیں اور معافی بھی وہی مانگتے ہیں۔ اگر اتنی بار اللہ سے معافی مانگی ہوتی تو شاید وہ معاف کر چکا ہوتا... اللہ معاف کر دیتا ہے لیکن بندے نہیں۔"
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...وائز تم نے
تم یونی جاتی تھی نہ؟ مذہب تو بے‌پردگی سے منع کرتا "
ہے۔کتنے مرد ہوتے تھے یونی میں ہیں نہ؟ مذہب تو مرد
سے پڑھنے کی اجازت نہیں دیتا اور تم مردوں کے ساتھ
پڑھتی تھی؟ غلط مت لینا... صرف کچھ سمجھا رہا ہوں۔ ہم
دن میں نجانے کتنے گناہ کر جاتے ہیں ہمیں اندازہ نہیں ہوتا۔
زرش میرے لئے نہ سہی ہمارے بے‌بی کی خاطر معاف کر
دو مجھے... آزاد کر دو اس بوجھ سے۔ کبھی کبھی لگتا ہے
"میں مر جاؤں گا اس بوجھ تلے دب کے۔
وہ التجائیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔
وہ خاموش تھی۔

قصور میرے ماں باپ کا بھی ہے جنہوں نے مجھے "
عورت کی عزت کرنا نہیں سکھایا جنہوں نے مجھے یہ نہیں
بتایا عورت ہیرے کی مانند انمول ہوتی ہے اور اس کی
عزت کی حفاظت اس سے بھی زیادہ... میرے ساتھ ساتھ وہ
"بھی قصور وار ہیں تو سزا صرف مجھے ہی کیوں؟
وہ بے‌چارگی سے بولا۔

مانتی ہوں تم ٹھیک کہہ رہے ہو... لیکن وائز میرے لئے وہ "
رات بھلانا ممکن نہیں۔ اتنا آسان نہیں یہ سب۔ہر رات سونے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے پہلے مجھے وہ رات یاد آتی ہے وہ تاریک اور سرد رات میری زندگی کو بھی تاریک کر گئی مجھے سرد مہر بنا گئی۔ اتنا حوصلہ نہیں لا سکتی میں۔ شوہر مانتی ہوں تبھی ساتھ ہوں تمہارے لیکن ایک لاپرواہ زندگی بسر کرنا تمہارے ساتھ..."
وہ نفی میں سر ہلاتی کھڑی ہو گئی۔

"کیا میری میت کو دیکھ کر بھی تم معاف نہیں کرو گی؟"
وہ مٹھی بند کرتا ہوا بولا۔
"پتہ نہیں..."
کہہ کر وہ رکی نہیں اور کمرے سے باہر نکل گئی۔
وہ دانت پیستا دروازے کو گھورنے لگا۔
کچھ سوچ کر وہ کھڑا ہوا, چہرہ صاف کیا اور باہر نکل گیا۔

"بابا سائیں مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے..."
زرش دستک دیتی ہوئی بولی۔
"ہاں بیٹا آؤ..."
وہ اشارہ کرتے ہوئے بولے۔
وائز اس کے پیچھے چلتا ہوا اِدھر آ نکلا۔

"میرا آپ سے ایک سوال ہے؟ ایک سیاسی شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ آپ ایک باپ بھی ہیں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی آواز بھرائی ہوئی تھی۔
آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی۔
"ہاں بیٹا بولو کیا بات ہے؟"
وہ چشمہ اتارتے ہوئے بولے۔

" ہمارے معاشرے میں غیرت کے نام پر صرف عورت ہی کیوں قتل کی جاتی ہے؟ کبھی سنا ہے کسی باپ نے غیرت کے نام پر بیٹا قتل کیا ہو؟"
وہ ان کی آنکھوں میں دیکھتی بول رہی تھی۔
"میں سمجھ سکتا ہوں.. تم بلکل ٹھیک کہہ رہی ہو۔"
وہ شرمساری سے بولے۔

" آپ نے کیوں اپنے بیٹے کا قتل نہیں کیا؟ اگر وائز کی جگہ آپ کی بیٹی ہوتی تو اب تک وہ اس دنیا میں نہ ہوتی... یہ تضاد کیوں؟ مذہب نے تو مرد اور عورت دونوں کو اجازت نہیں دی پھر قتل کے لئے عورت ہی کیوں؟ مردوں کی غلطیوں پر پردہ کیوں ڈالا جاتا ہے؟"
وہ اشک بہاتی بول رہی تھی۔

" نجانے یہ روایت کس نے بنائی ہے؟ ہم بھی تمہاری بات سے اتفاق رکھتے ہیں لیکن شاید میری طرح ہر باپ ہی بیٹے کی محبت میں مجبور ہو جاتا ہو۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر جھکائے بول رہے تھے۔

" تو کیا بیٹیوں سے محبت نہیں ہوتی باپ کو؟ وہ اتنی ارزاں ہیں؟ صرف لڑکوں کی اہمیت ہوتی ہے؟ بیٹیوں کے ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا؟مرد کچھ بھی کر لے "کوئی کچھ نہیں بولے گا کیا مذہب اسے اجازت دیتا ہے؟
وہ خاموش تھے کیونکہ وہ حق پر تھی۔

وائز دم سادھے ان دونوں کو سن رہا تھا۔
"اگر تم یہی چاہتی ہو تو پھر ایسا ہی سہی۔"
وہ انگلی سے آنسو صاف کرتا چلنے لگا۔
~~~~~~~~

" میں تمہارے کپڑے نکال دیتا ہوں تم فریش ہو کر آرام کر لو سفر میں تھک گئی ہو گی۔"
وہ اپارٹمنٹ کا دروازہ بند کرتا ہوا بولا۔
زرش صوفے پر بیٹھی پانی پی رہی تھی۔
وہ چابیاں ٹیبل پر رکھتا اس کے کمرے میں چلا گیا۔

" اگر یہ انسان سچ میں بدل گیا ہے تو مجھے خود پر رشک آ رہا ہے.. لیکن اگر یہ صرف جھوٹ اور فریب ہے تو انتہائی گھٹیا ہے۔"
وہ گلاس میز پر رکھتی ہوئی بڑبڑائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ صوفے کی پشت پر سر ٹکائے آنکھیں بند کر کے سوچنے لگی۔
وائز کا حویلی میں نماز کے لیے جاگنا, راتوں کو رونا, اس کا خیال رکھنا, ہر کام خود کرنا, پھر راستے میں نماز کے لیے رکنا,وہ ڈانس والی ویڈیو...
اس نے جھٹکے سے آنکھیں کھول دیں۔
"....کیا وہ سچ میں سدھر گیا ہے؟ تو پھر وہ ویڈیو؟"
وہ خود کلامی کر رہی تھی۔

میں نے گرم پانی بھی چلا دیا ہے تم فریش ہو جاؤ... اور یہ بتاتی جاؤ کھانے میں کیا کھاؤ گی؟"
وہ جیب میں ہاتھ ڈالے بائیں جانب کھڑا تھا۔
وہ چند لمحے خاموش اسے تکتی رہی۔
"ایسے کیوں دیکھ رہی ہو؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"کچھ بھی بنا لو کھانے میں۔"
وہ اپنی سوچوں کو جھٹکتی ہوئی بولی۔
" ...ٹھیک ہے"
وہ سادگی سے مسکرایا۔
وہ اسے دیکھے بنا کمرے میں چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم یہ سب کیوں کر رہی ہو؟"
وائز کمرے میں آیا تو وہ الماری کھولے کھڑی تھی۔
"میں اپنا کام خود کروں گی۔"
وہ زور دے کر بولی۔
وہ ٹرے بیڈ پر رکھتا خفگی سے اسے دیکھنے لگا۔

"خبردار اگر تم نے بیڈ سے پاؤں بھی نیچے رکھا تو۔"
وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر بیڈ کے پاس لے آیا۔
"بیٹھو جلدی... ڈھنڈا ہو جائے گا۔"
وہ ٹرے کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔
وہ اسے خفگی سے دیکھتی بیٹھ گئی۔

کچھ سوچ کر وہ پاؤں نیچے رکھے سلیپر پہننے لگی۔
"میں نے کہا تم بیڈ سے نیچے پاؤں نہیں رکھو گی؟"
وہ گھورتا ہوا بولا۔
"واش روم بھی نہ جاؤں میں؟ ہاتھ دھونے ہیں۔ عجیب ہو تم بھی..."
وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

وہ مسکراتا ہوا بیٹھ گیا۔
"ویسے کبھی تم نے کیڑے نہیں نکالے کھانے میں... کیا بہت اچھا بناتا ہوں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دلچسپی سے اسے دیکھ رہا تھا۔
"مجھے عادت نہیں ہے کیڑے نکالنے کی۔"
وہ تنک کر بولی۔

ویل بہت اچھی بات ہے.. اچھا میں سوچ رہا تھا کچھ دنوں " کے لیے شمالی علاقے میں چلتے ہیں سیر بھی ہو جائے گی, "ٹائم بھی اچھا پاس ہو جائے گا۔
وہ اجازت طلب نظروں سے دیکھ رہا تھا۔
"میں ٹھیک ہوں یہاں ہی۔"
وہ ٹرے پیچھے کرتی ہوئی بولی۔

وائز کی جیب میں پڑا فون وائبریٹ کر رہا تھا جسے وہ کافی دیر سے نظر انداز کر رہا تھا اب چونکہ وہ بتا چکی تھی کہ مزید بات نہیں کرے گی سو وہ فون نکال کر دیکھنے لگا۔
"ہاں فیڈی بول؟"
وہ کھڑا ہو کر دروازے کی جانب چلنے لگا۔

"کہاں میرے گھر کے باہر؟"
وہ دروازے میں رک گیا۔
" ...اچھا میں آتا ہوں"
وہ فون جیب میں ڈال کر اس کے پاس آیا اور ٹرے اٹھا کر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چل دیا۔

"فیڈی آیا ہے... ملو گی اس سے؟"
وہ دروازہ پکڑے کھڑا تھا۔
"نہیں میں سونے لگی ہوں۔"
وہ بے رخی سے کہتی لائٹ آف کر گئی۔
" ...گڈ نائٹ"
وہ کہتا ہوا باہر نکل آیا۔

ٹرے کچن میں رکھ کر وہ باہر آ گیا۔
"بیل کیوں نہیں دی؟"
وہ گھورتا ہوا بولا۔
" ..تو کہاں بزی تھا؟ اتنی کالز کیں میں نے"
وہ منہ بناتا ہوا اندر آ گیا۔

"زرش کے پاس تھا میں... بیٹھ تو۔"
وہ صوفے پر بیٹھتا ہوا بولا۔
"بیوی کے ساتھ سیٹ ہو ہی گیا پھر تو؟"
وہ قہقہ لگاتا ہوا بولا۔

"ہاں وہ تو ہونا ہی تھا۔ سعد پھر لاہور گیا ہے؟"
وہ صوفے پر نیم دراز ہوتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں... سوچ رہے ہیں نکاح کر لیں تاکہ رشتہ مضبوط ہو "
"جائے ابھی پڑھائی مکمل ہونے میں ٹائم جو ہے۔
وہ دائیں بائیں دیکھتا ہوا بولا۔

" ....اچھی بات ہے"
وہ سر اثبات میں ہلاتا ہوا بولا۔
"....کمرے میں چلتے ہیں کچھ سموکنگ وغیرہ"
وہ ہاتھ سے اشارہ کرتا ہوا بولا۔
" ...نہ بھئ چھوڑ دیا سب میں نے"
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

" ...مذاق نہ کر یار"
اس کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔
میری شکل سے لگ رہا کہ میں مذاق کر رہا ہوں؟میرے "
"....روم میں دیکھ ایک بھی سیگرٹ مل جائے تو نام بدل دینا
وہ گھورتا ہوا بولا۔

"نہیں لیکن یہ تو ناممکن ہے۔"
وہ یقین کرنے پر رضامند نہ تھا۔
"اب کیا سٹامپ لکھواؤں پھر یقین کرے گا؟"
وہ بدمزہ ہوا۔
نہیں ایسی بھی بات نہیں لیکن دماغ ابھی بھی قبول نہیں کر "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"رہا۔
وہ قہقہہ لگاتا ہوا بولا

" ...نہ کر تو"
وہ کشن مارتا ہوا بولا جو اس نے مہارت سے کیچ کر لیا۔
"لڑکیوں کو بھی چھوڑ دیا؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
" ..شریف بن گئے ہیں ہم"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

ہائے آپ کی شرافت... لڑکیوں میں جان تھی تیری۔ عینی کا " "فون آیا تھا مجھے۔
وہ اسے وہی کشن مارتا ہوا بولا۔
بتا دینا تھا شادی شدہ ہو گیا ہوں میں,اب اپنا گھر دیکھنا ہے " "بھئ پہلے بہت بدنام ہو گئے۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔

"تم دونوں کے بیچ سب ٹھیک نہیں ہوا؟"
وہ یکدم سنجیدہ ہو گیا۔
نہیں ایسی کوئی بات نہیں لیکن دلوں سے کہاں جاتی ہیں " "پرانی باتیں۔
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے گھر کو وہ کسی باہر والے سے ڈسکس نہیں کرنا چاہتا تھا۔

"وائز سچ میں تو بدل گیا ہے؟"
وہ آگے کو ہوتا بغور اس کا چہرہ دیکھنے لگا۔
گھر سے باہر نکلتا ہوں تب دل کرتا ہے کلب جاؤں یا ڈیٹ "
"وغیرہ!.... لیکن گھر میں آتے ہی سیٹ ہو جاتا ہوں۔
وہ سانس خارج کرتا ہوا بولا۔
فیڈی اثبات میں سر ہلانے لگا۔

"چل آ نماز پڑھنے چلتے ہیں۔"
جونہی اذان کے کلمات اس کے کان میں
باز گشت کئے وہ کھڑا ہو گیا۔
"سئیرئسلی؟"
وہ ششدر سا بولا۔

"ہاں نہ... اگر تو نے نہیں بھی پڑھنی تو بھی ساتھ آ جا۔"
وہ اسے زرش کے پاس نہیں چھوڑ کر جانا چاہتا تھا۔
" ...میں تیرا انتظار کرتا ہوں یہیں بیٹھ کر"
وہ ریموٹ اٹھاتا ہوا بولا۔

" ...سیگرٹ پی لینا کہیں کھڑے ہو کر"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس بازو پکڑ کر چلنے لگا۔
" ..کوئی حال نہیں تیرا"
وہ قہقہ لگاتا باہر نکل گیا۔
وائز اپارٹمنٹ کو لاک کرتا اس کے ساتھ چلنے لگا۔
~~~~~~~~~

"مشل کیسی ہو؟"
وہ بیڈ سے ٹیک لگاتی ہوئی بولی۔
"میں ٹھیک تم سناؤ سفر کیسا رہا؟"
وہ فون بائیں ہاتھ سے کان کو لگاتا ہوئی بولی۔

" ...وائز کس کے ساتھ ہے؟ میرا مطلب"
وہ بات ادھوری چھوڑ کر لب کاٹنے لگی۔
اوہ میں سمجھ گئی۔ دو منٹ میں بس کلاس میں جا رہی "
"ہوں۔
وہ تیز قدم اٹھاتی ہوئی بولی۔
وہ خشک لبوں پر زبان پھیرتی سامنے دیوار کو گھورنے لگی۔

" ...سنو "
وہ کلاس میں داخل ہوتی ہوئی بولی۔
" ...ہاں بولو"
وہ سیدھی ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"یار وہ سعد اور فیڈی کے ساتھ بیٹھا باتیں کر رہا ہے۔"
وہ بیگ رکھتی بیٹھ گئی۔

"اور جینی؟"
اس کے لہجے میں تجسس تھا۔
"وہ صفا اور مروہ کے ساتھ بیٹھی ہے۔"
وہ مدھم آواز میں بول رہی تھی۔
"ٹھیک ہے پھر لیکچر ختم ہو جائے تو بات کرنا۔"
وہ بیڈ سے اترتی ہوئی بولی۔

"اوکے اللہ حافظ اپنا خیال رکھنا۔"
مشل نے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔
وہ فون بیڈ پر رکھتی کمرے سے باہر نکل آئی۔

کچن میں اسے وائز کھڑا دکھائی دیا۔
وہ چولہے کے سامنے کھڑا تھا۔
وہ تعجب سے اسے دیکھنے لگی۔
"وائز؟"
وہ پکارتی ہوئی آگے بڑھی۔

اس سے قبل کہ وہ اس کے پاس پہنچتی وہ غائب ہو گیا۔
"میرا خیال تھا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

"تم نے مجھے الجھا دیا ہے وائز... میں اپنے فیصلے میں ترمیم نہیں کرنا چاہتی لیکن تم مجھے کیوں مجبور کر رہے ہو؟"

وہ بولتی ہوئی چئیر کھینچ کر بیٹھ گئی۔

"امی کہتی ہیں کہ تمہیں معاف کر دوں... لیکن میرا دل نہیں مانتا۔"

وہ نفی میں گردن ہلاتی ہوئی بولی۔

"کہنا بہت آسان ہے لیکن جس پر گزرتی ہے وہی جانتا ہے۔ میرا درد ہے مجھ پر بیتا ہے میں ہی جانتی ہوں۔"

وہ ٹیبل پر پیشانی رکھے بول رہی تھی۔

"گناہ کرنا بہت آسان ہے, معافی مانگنا بھی آسان ہے لیکن زخم لے کر معاف کرنا بہت مشکل ہے۔ ان زخموں کو بھلانا بہت کٹھن ہے۔ بےشک تم نے نکاح کر کے مجھے اپنا نام دے دیا ہے لیکن وائز وہ بھلانا ممکن نہیں۔ میں تو اسی رات مر گئی تھی اب تم ایک مردہ انسان سے جینے کی توقع کیوں کر رہے ہو؟"

وہ دھیرے دھیرے بول رہی تھی۔

سفید موتی ٹوٹ کر ٹیبل پر گر رہے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

"سدرہ تم رضوان شاہ کے ساتھ کیا کر رہی ہو؟"
وہ ششدر سا بولا۔
وہ اپنی نشست سے کھڑی ہو گئی۔
"یہ میرا دوست بھی ہے اور اب تو کلاس فیلو بھی۔"
وہ لاپرواہی سے کہتی احسن کو دیکھنے لگی۔

" کلاس فیلو ہے تو کلاس تک محدود رکھو... یہ ملاقات کا کیا مقصد؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔
"اب تم ٹیپیکل مردوں کی طرح بی ہیو مت کرو۔"
وہ اکتاہٹ سے بولی۔

" واٹ یو مین بائی ٹیپیکل مرد؟ میری منگیتر ہو کر تم کسی اور سے ملاقاتیں کرتی پھر رہی ہو؟"
وہ اس کی بازو دبوچتا ہوا بولا۔
" کر دی گواروں والی بات... آخر دکھا ہی دیا کہ گاؤں سے ہو تم۔"
وہ اس کا ہاتھ ہٹاتی ہوئی بولی۔

سدرہ ایک معروف سیاستدان کی بیٹی اور احسن کے دور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

کے رشتے دار کی بیٹی تھی۔
"سدرہ اپنی حد میں رہو تم۔"
وہ تلملا اٹھا۔

" تم بھی اپنی حد میں رہو... مجھ پر پابندی لگانے کا کوئی جواز نہیں بنتا تمہارا۔"
وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

رضوان شاہ ٹانگ پے ٹانگ چڑھائے اس تماشے کو دیکھ رہا تھا۔
"منگیتر ہوں تمہارا حق رکھتا ہوں تم پر۔"
وہ ضبط کرتا ہوا بولا۔

" منگیتر ہو باپ نہیں سمجھے... اور ہاں آئیندہ ایسی حرکت کرنے سے پہلے ہزار بار سوچ لینا۔"
وہ انگلی اٹھا کر کہتی تیز تیز قدم اٹھانے لگی۔

" تم کیا سمجھ رہے تھے وہ صرف تم تک محدود رہے گی؟ وہ تمہارے ہاتھ میں آئے گی یہ سوچ دماغ سے نکال دو۔"
وہ احسن کو تپاتا ہوا چھوڑ گیا۔
"نور یہ سب تمہاری وجہ سے ہو رہا ہے۔"
وہ ٹیبل پر ہاتھ مارتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہ تم اس حمزہ کو بیچ میں لاتی نہ میں اس سدرہ سے "
"منگنی کرتا۔
وہ ہنکار بھرتا دروازے کی جانب قدم اٹھانے لگا۔

~~~~~~~~

"وائز کے ساتھ آئی ہو؟"
ثریا دروازے سے باہر دیکھتی ہوئی بولی۔
"نہیں امی اکیلی آئی ہوں۔"
وہ چادر اتارتی ہوئی بولی۔

کیوں؟ اس کے ساتھ آ جاتی...اس حالت میں اکیلے آنے کی "
"کیا ضرورت تھی؟
وہ خفگی سے بولتی اس کے پاس آ گئیں۔
امی وہ یونی گیا تھا میں بور ہو رہی تھی تو سوچا آپ سے "
"مل لوں۔ ایک گلاس پانی پلا دیں۔
وہ خشک لبوں پر زبان پھیرتی ہوئی بولی۔

"یہ بتاؤ تمہارے سسرال میں ٹھیک رہا سب؟"
وہ گلاس اس کی جانب بڑھاتی ہوئی بولیں۔
"جی امی... وہاں کیا ہونا ہے سب کی اپنی اپنی زندگی ہے۔"
وہ چہرہ جھکا کر بولی۔

...تمہاری ساس ہی مجھے صحیح لگتی ہیں باقی سب سے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"
وہ سوچتی ہوئی بولیں۔
" جی.. وہ تو بہت اچھی ہیں بلکل آپ کے جیسی بہت خیال
"کرتی ہیں میرا۔
وہ تعریف کیے بنا نہ رہ سکی۔

" لڑکیاں ساس کی برائیاں کرتی ہیں اور تم تعریف کر رہی
"ہو؟
وہ مسکراتی ہوئی بولیں۔
"کچھ لوگ تعریف کے قابل ہوتے ہیں۔"
وہ گلاس سائیڈ پر رکھتی ہوئی بولی۔

"ڈاکٹر کے پاس گئی تھی؟"
انہوں نے موضوع بدلا۔
"نہیں آج شام میں جانا ہے۔"
وہ پاؤں اوپر کرتی ہوئی بولی۔

" تم صبح فون کر دیتی تو میں تمہارے ابو سے گوشت منگوا
"لیتی۔
وہ خفگی سے گویا ہوئیں۔
" امی میں ساری زندگی یہاں ہی رہی ہوں جو بھی بنے گا
"کھا لوں گی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھورتی ہوئی بولی۔

" ...اتنے دنوں بعد آئی ہو اور تمہیں دال کھلاؤں میں"
وہ منہ بناتی ہوئی بولیں۔
"دال حرام ہے کیا؟"
وہ آنکھیں سکیڑے انہیں دیکھنے لگی۔

"نہیں بھئی دال کیوں حرام ہونے لگی۔"
وہ حیرت سے بولیں۔
" پھر مجھے کھانے میں کیا مسئلہ پیش آئے گا؟ چپ چاپ دال بنائیں میرا دل کر رہا ہے آپ کے ہاتھ کی دال کھانے کا۔
"وائز کے ہاتھ کا کھانا کھا کر تھک گئی ہوں میں۔
وہ مصنوعی خفگی سے بولی۔

"ناشکری کہتے ہیں اسے؟"
وہ اس کے سر پر چت لگاتی باہر نکل گئیں۔
وہ مدھم سا مسکرائی۔
~~~~~~~~

"تم کلب میں کیا کر رہے تھے؟"
وائز اسے کالر سے پکڑے اندر داخل ہوا۔
"فکر مت کریں پینے نہیں گیا تھا میں... بس غصہ آ گیا تھا۔"
وہ اپنی کالر چھڑواتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"دور رہنا ایسی چیزوں سے۔"
وہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتا زرش کے کمرے کی جانب چلنے لگا۔
"آپ کو کیسے معلوم ہوا میرا؟ اور بھابھی نظر نہیں آ رہیں..."
وہ نظر گھماتا ہوا بولا۔
"لوگ بتا دیتے ہیں...."
وہ کمرے کی جانب چلتا ہوا بولا۔

وائز ششدر سا خالی کمرہ دیکھ رہا تھا۔
"زرش کہاں گئی بنا بتائے؟"
وہ دو انگلیوں سے پیشانی مسلتا باہر آ گیا۔
"کیا ہوا کوئی مسئلہ ہے؟"
احسن اس کی پریشان بھانپ گیا۔

"نہیں وہ میں زرش کو فون کرنے لگا تھا تم فریش ہو جاؤ تب تک میں بات کر لوں۔"
اس نے مسکرانے کی سعی کی لیکن مسکرا نہ سکا۔
احسن سر ہلاتا اس کے کمرے میں چلا گیا۔
وہ فون کان سے لگاتا انتظار کرنے لگا۔
تیسری بیل پر فون اٹھا لیا گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"زرش کہاں ہو تم؟ کہیں جانا تھا تو مجھے بول دیتی میں آ جاتا یونی سے...."
وہ چھوٹتے ہی بولنے لگا۔

"میں امی کے پاس آئی ہوں۔"
وہ نادم سی بولی۔

"تو مجھے کہہ دیتی کیا میں لے کر نہ جاتا؟ جانتی ہو کتنا پریشان ہو گیا تھا میں؟ اور اگر چلی بھی گئی تو مجھے ایک کال کر دیتی۔"
وہ خفا تھا۔

"مجھے خیال نہیں رہا۔"
وہ لب کاٹتی ہوئی بولی۔

"آئیندہ تم اس حالت میں اکیلی کہیں نہیں جاؤں گی۔ جہاں جانا ہو مجھے بول دینا میں ہر کام چھوڑ دوں گا۔"
وہ تحکم سے بولا۔

"اچھا ٹھیک ہے۔"
وہ خفت مٹانے کو بولی۔

"اور ہاں احسن آیا ہے... تمہیں لینے آ جاؤں؟"
وہ اجازت مانگ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرش بےیقینی سے اسے سن رہی تھی۔
بہت بار اس نے ایسے ہی اجازت طلب کی تھی زرش سے اور ہر بار وہ یقین کرنے سے انکاری ہو جاتی۔

" ...دیکھ لو تم"
وہ اس پر چھوڑتی ہوئی بولی۔
" ...ٹھیک ہے پھر ریڈی رہنا میں آتا ہوں کچھ دیر میں"
اس نے کہہ کر فون بند کر دیا۔
انگلی سے آنکھ کا گوشہ صاف کرتا وہ زرش کے کمرے میں چلا گیا۔

"کہاں چلے گئے تھے؟"
احسن وائز کو اندر آتے دیکھ کر بولا۔
" !اسلام علیکم بھابھی"
وہ زرش کو دیکھتا ہوا بولا۔

"وعلیکم السلام! کیسے ہو؟"
وہ معدوم سا مسکرائی۔
"بلکل ٹھیک آپ سنائیں؟"
وہ صوفے پر بیٹھتا ہوا بولا۔
" ...میں بھی ٹھیک"
وہ وائز سے کچھ فاصلے پر بیٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم بتاؤ گھر پسند آ گیا؟ پتہ ہے یہ دو ماہ سے گھر ڈھونڈ رہا "
" ...ہے لیکن اسے کوئی گھر پسند ہی نہیں آ رہا
وہ ٹانگ پے ٹانگ چڑھاتا ہلکے پھلکے انداز میں بولا۔
زرش جھجھک کر اسے دیکھنے لگی۔

"جی پسند آ ہی گیا ہے۔"
وہ ناک سکیڑتا ہوا بولا۔
"آج ہی آئے ہو یہاں؟"
وہ احسن کو دیکھ رہا تھا۔

"کچھ کام سے آیا تھا۔"
وہ نظریں چراتا ہوا بولا۔
" ...تم دونوں باتیں کرو میں کھانے کا دیکھ لوں"
وہ بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

"آڈر کر لیں.. آپ خود بناتے ہیں؟"
وہ متحیر سا بولا۔
ہاں زرش سے کام نہیں کروا سکتا میں اس لئے خود کرتا "
ہوں... ہم دونوں کے لیے آڈر کر دیا ہے لیکن زرش کے
"لئے گھر کا کھانا بہتر ہے۔
وہ مسکرا کر کہتا کچن میں چلا گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بھابھی وائز مذاق کر رہا ہے نہ؟ گھر میں انہوں نے کبھی پانی کا گلاس نہیں اٹھایا..."
وہ بے یقینی کی کیفیت میں تھا۔
"نہیں وہ سچ کہہ رہا ہے... میں نے منع کیا تھا لیکن میری بات نہیں مانی؟"
وہ مجرمانہ انداز میں بولی۔

"واہ... آپ نے تو سر تا پیر بدل دیا وائز کو۔"
وہ سراہے بنا رہ نہ سکا۔
وہ اثبات میں سر ہلانے لگی۔
"کیا ایک کام کر سکتے ہیں آپ؟"
وہ جھجھکتے ہوئے بولی۔

"جی جی کیوں نہیں بتائیں۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
کچن سے کھٹ پٹ کی آوازیں آ رہی تھیں۔
"کیا آپ وائز پر نظر رکھ سکتے ہیں؟ وہ بظاہر تو بدل رہا لیکن اندر سے معلوم نہیں۔اکثر وہ آدھی رات کو گھر سے چلا جاتا ہے۔"
وہ مدھم آواز میں بولنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ کا مطلب کلب وغیرہ؟"
وہ سمجھتا ہوا بولا۔
"میں نہیں جانتی کہاں جاتا ہے۔"
وہ لاعلمی ظاہر کرتی ہوئی بولی۔

"ٹھیک ہے آپ فکر مت کریں یہ ذمہ داری میری ہے۔ بہت جلد آپ کو آگاہ کروں گا۔"
وہ اثبات میں سر ہلاتا ہوا بولا۔
"تھینک یو۔"
وہ مسکرا کر بولی۔

"میں غیر نہیں جو مجھے تھینکس بولیں آپ... میں ذرا دیکھوں کیسے کھانا بناتا ہے؟"
وہ شرارت سے کہتا کچن میں چلا گیا۔
"زرش تم کمرے میں جا کر آرام کرو... ابھی ٹائم لگ جائے گا۔"
وہ دروازے میں آتا ہوا بولا۔

"اگر میں سو جاؤں مجھے جگانا مت۔"
وہ بیگ اٹھاتی ہوئی بولی۔
"ٹھیک ہے..."
وہ مسکرا کر کہتا کچن میں چلا گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سانس خارج کرتی کمرے کی سمت چل دی۔
وہ ہاتھ میں شاپر پکڑے دکان سے باہر نکل رہا تھا جب سامنے سے آتی عینی سے ٹکرا گیا۔

" ...سوری"
وہ نیچے جھک کر چیزیں اٹھانے لگا۔
"وائز تم؟"
وہ خوشگوار حیرت میں مبتلا ہو گئی۔
وہ سیدھا ہوتا اسے دیکھنے لگا۔

" ...ہاں"
مختصر سا جواب آیا۔
"کیسے ہو؟"
وہ سائیڈ سے نکلنا چاہتا تھا لیکن وہ سامنے آ گئی۔
"میں ٹھیک اور تم؟"
وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

ڈارک ریڈ کلر شرٹ پہنے, ریڈ کلر کی لپ اسٹک لگائے وہ دلکش لگ رہی تھی۔سلیو لیس شرٹ سے اس کی دودھیا بازو جھانک رہی تھیں۔
میں تمہاری کال کا انتظار کر رہی تھی,, فیڈی کو بھی بولا تھا میں نے...."
وہ بس رو دینے کو تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وائز لب کاٹتا اس سے نظریں ہٹانے کی سعی کر رہا تھا۔
" دیکھو میری شادی ہو چکی ہے بہت جلد بچہ بھی ہو جائے گا سو پلیز تم کسی اور کے ساتھ ٹائم پاس کرو...."
وہ نرمی سے اسے سمجھا رہا تھا۔

"تو کیا ہوا؟ شادی کے بعد کیا لوگ ریلیشن میں نہیں ہوتے؟"
وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔
"....ہوتے ہوں گے لیکن مجھے اپنا گھر خراب نہیں کرنا"
وہ کرختگی سے بولا۔
"وائز میں تمہارا گھر خراب کروں گی؟"
وہ آنکھوں میں نمی لیے اسے دیکھنے لگی۔

" دیکھو تم سمجھ نہیں رہی.... میرے پاس اب وقت نہیں ہوتا سو پلیز تم بھول جاؤ مجھے دنیا میں بہت سے لڑکے ہیں"
میں اکیلا نہیں ہوں۔
وہ اسے بازوؤں سے پکڑ سمجھانے لگا۔

"اچھا پھر آج ملے ہیں تو ایک کافی تو پی سکتے ہیں؟"
وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔
"..اگر مزید کھڑا ہوا تو یقیناً یہ لڑکی سب خراب کر دے گی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بڑبڑاتا ہوا اپنا ہاتھ چھڑواتا تیزی سے بائیں جانب سے چلا گیا۔
وہ منہ کھولے اسے جاتا دیکھنے لگی۔

"اف!! یہ لڑکیاں غلط کام کی طرف کیوں بلاتی ہیں؟"
وہ جھرجھری لیتا گاڑی میں بیٹھ گیا۔
وائز چھوڑ اس سب کو.... ہمارا بےبی آنے والا ہے بس "
"اسی پر فوکس کرنا ہے۔
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا بول رہا تھا۔

بس جلدی سے میرا بےبی آ جائے گا پھر اسی کے ساتھ رہا "
کروں گا میں سارا دن....نہ یہ نظر آئیں گیں نہ دماغ میں
" غلط خیالات پیدا ہوں گے۔
وہ مسکراتا ہوا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

" ...میرا چھوٹا سا وائز"
بولتے بولتے اس کے چہرے پر دلکش مسکراہٹ رینگ گئی۔
وہ بیڈ پر بیٹھی میگزین کے صفحے پلٹ رہی تھی جب دروازہ کھلا اور وائز کا چہرہ نظر آیا۔
"سوری میں لیٹ ہو گیا۔"
وہ اندر آتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

زرش کی آنکھوں کے سامنے وہ تصویریں گردش کرنے لگی جو ابھی چند سیکنڈز پہلے اس نے دیکھی تھی۔
وائز کسی لڑکی کو بازوؤں سے پکڑے کھڑا تھا۔
وہ سر جھٹک کر اسے دیکھنے لگی۔
اس کے ہاتھ میں شاپنگ بیگز تھے۔

"یہ سب کیا ہے؟ تم تو امی کی طرف گئے تھے نہ؟"
وہ پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھنے لگی۔
" ..ہاں لیکن کسی کام سے گیا تھا۔ اب یہ دیکھو"

وہ فون جیب میں ڈالتا بیگز صوفے پر رکھنے لگا۔
وہ آنکھوں میں نمی لئے اسے دیکھ رہی تھی۔
...اسے افسوس ہو رہا تھا وائز پر
وہ پھر سے بدگمان ہو گئی تھی۔

" ...یہ ہیں تمہارے فیورٹ شوز"
وہ سیاہ رنگ کی پینسل ہیل والے شوز اس کے سامنے لہراتا ہوا بولا۔
وہ پوری آنکھیں کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔
" ...یہ ہے تمہارا فیورٹ کلر میں فیورٹ ڈریس"
وہ بلیک کلر کی فراک تھی جو پاؤں تک آتی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بےیقینی سے کبھی وائز کو دیکھتی تو کبھی اس ڈریس کو۔

"اور یہ تمہارا فیورٹ پرفیوم, فیورٹ جیولری.. اور ہاں آج کھانا بھی تمہاری پسند کا لایا ہوں۔"

وہ اس کے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔

اس کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں۔

"...اور یہ ایک میری فیورٹ چیز ہے"

وہ اس کا بائیاں ہاتھ پکڑ کر انگوٹھی پہناتا ہوا بولا۔

وہ ہکا بکا سی اس سیاہ رنگ والے ڈائمنڈ کی رنگ کو دیکھنے لگی۔

"کیا تم پاگل ہو؟"

وہ چہرہ اوپر کرتی ہوئی بولی۔

"بلکل بھی نہیں.. اس میں پاگل ہونے والی کیا بات؟ میں اپنی بیوی کے لئے شاپنگ نہیں کر سکتا کیا؟"

وہ خفگی سے بولا۔

"اتنا ٹائم اس سب میں لگایا تم نے؟"

وہ چیزوں کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

وہ معصومیت سے اثبات میں سر ہلانے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...تھینک یو"
وہ بس اتنا ہی بول پائی۔
چہرے پر خوشی کی رمق تک نہ تھی۔

"ضرورت نہیں... بس تم خوش رہا کرو۔"
وہ مسکراتا ہوا کھڑا ہو گیا۔
وہ خاموش اسے دیکھنے لگی۔

"تمہیں بھوک لگی ہو گی نہ؟ میں آتا ہوں۔"
وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔
وہ ششدر سی اپنے ہاتھ کو دیکھنے لگی۔
زرش کو کھانا کھلا کر وہ اپنے کمرے میں آ گیا۔
گھڑی پر نظر ڈالی تو وہ بارہ بجا رہی تھی۔

جسم تھکاوٹ سے چور تھا لیکن نیند آج بھی خفا تھی۔
وہ گرنے کے سے انداز میں بیڈ پر لیٹ گیا۔
نظریں چھت پر تھیں۔

کیا یہ آزمائش کبھی ختم نہیں ہو گی؟ اب تو میں نے سب "
چھوڑ بھی دیا ہے خود کو بس زرش تک محدود کر لیا ہے..
ہر برا کام چھوڑ دیا... آج بھی دل چاہتا ہے شراب کو اپنے
اندر اتاروں لیکن میں ہاتھ تک نہیں لگاتا کتنا مشکل ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میرے لئے یہ میں ہی جانتا ہوں۔
آنسو بہتے ہوئے تکیے میں جذب ہو رہے تھے۔

" تمہارا یہ رویہ مجھے کتنی تکلیف دیتا ہے زرش مجھ سے پوچھو۔"
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔

" کیا آزمائشیں موت تک چلتی ہیں؟ کبھی ختم نہیں ہوتیں؟ امی نے تو کہا تھا سب ٹھیک ہو جائے گا... لیکن یہاں تو کچھ بھی ٹھیک نہیں ہوا۔ وائز رضی حیات موسم کی مانند بدل گیا لیکن زرش کے دل میں جمی برف پگھل نہ سکی۔"
وہ بے بسی کی انتہا پر تھا۔

" اب تو پچھتاوا اتنا بڑھنے لگا ہے کہ دل چاہتا ہے خود کو قتل کر لوں... ہاں یہی سزا بتائی تھی نہ زرش نے؟"
اس خالی کمرے میں وہ نجانے کس سے مخاطب تھا۔
"لیکن ہمارا بچہ؟"
اشکوں کی روانی میں اضافہ ہو گیا۔

" میں اسے گود میں اٹھانا چاہتا ہوں... اس کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہوں, اس کا ماتھا چومنا چاہتا ہوں۔اسے چلنا سیکھانا چاہتا ہوں بولنا سیکھانا چاہتا ہوں, جب وہ مجھے بلائے..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آنکھیں بند کئے بول رہا تھا۔

" قسمت کہیں سے تو مہربان ہو جائے.. کچھ تو رحم میرے حال پر بھی کر دے۔ کیا میں انسان نہیں ہوں؟ اب تک جس طرح یہ سب برداشت کیا ہے میں ہی جانتا ہوں۔ روز اس کی باتوں سے اس کے رویوں سے ٹوٹتا ہوں اور روز جڑتا ہوں۔ لیکن کب تک؟ میری برداشت کی حد بھی عبور ہو چکی ہے۔
تھک گیا ہوں میں... میرے کندھوں میں اتنی سکت باقی نہیں رہی کہ مزید اس بوجھ کو اٹھا سکوں..."
وہ چہرہ تکیے پر رکھتا اپنی سسکیاں دبانے لگا۔

آج کی پوری رات ہی آنکھوں میں بسر ہونی والی ہے۔
" بس کر دو زرش بس کر دو... ایسا نہ ہو میں مر جاؤ اور پھر تم میرے پاس آؤ..."
مدھم سی سرگوشی کمرے میں سرسرائی۔
ایک معدوم سی سسکی کے بعد کمرے میں دبیز خاموشی نے ڈیرے جما لیے۔
~~~~~~~~

چھ ماہ بعد:
" بھابھی وائز پچھلے کچھ دنوں سے کسی لڑکی سے مل رہا ہے اور کسی وکیل سے بھی۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ پیشانی مسلتا ہوا بولا۔
" ...کسی لڑکی سے"
وہ زیر لب دہراتی اپنا ہاتھ دیکھنے لگی۔

"لیکن اس نے تو... سب چھوڑ....دیا تھا۔"
الفاظ ٹوٹ ٹوٹ کر ادا ہو رہے تھے۔
" جی سب چھوڑ دیا تھا اب میں بھی سمجھنے سے قاصر
ہوں وہ کر کیا رہا ہے؟"
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔

جو نرمی اس کے دل میں پیدا ہوئی تھی پھر سے ختم ہو گئی۔
بدگمانی ڈیرے جما چکی تھی۔
" پھر ایسا کرو کوشش کرو معلوم کرنے کی.. مجھے جاننا
ہے وہ میرے ساتھ وفاداری نبھا رہا ہے یا دھوکہ دے رہا
ہے۔"
بولتے بولتے اس کی آواز بھرا گئی۔

" ...میں بتانا نہیں چاہتا تھا لیکن آپ کے اصرار پر"
وہ شرمندگی سے کہتا بات ادھوری چھوڑ گیا۔
" نہیں... بلکل ٹھیک کیا مجھے بتا کر.. میں یہاں سارا دن
گھر رہتی ہوں مجھے کیا معلوم وہ باہر کیا کرتا ہے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اِدھر اُدھر دیکھتی بول رہی تھی۔

احسن خاموش رہا۔
"میں چائے بناتی ہوں۔"
وہ کہتی ہوئی اٹھ گئی۔
" ارے نہیں بھابھی... آپ اس حالت میں کام نہ کریں میں کام سے جا رہا تھا تو سوچا آپ کو بتاتا چلوں۔"
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

" ...نہیں لیکن ایسے اچھا نہیں لگتا"
وہ رک کر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔
"اپنا گھر ہے ایسی کوئی بات نہیں... پھر کبھی سہی۔"
وہ مسکرا کر کہتا باہر نکل گیا۔

وہ کچن کے دروازے کو تھامے اشک پینے لگی۔
"کتنے روپ ہیں تمہارے وائز؟"
وہ چہرہ جھکا کر بولی۔

"آج لیٹ نہیں ہو گئے تم؟"
وہ جانچتی نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔
" ..ہاں باہر تھا میں"
نگاہیں فون پر تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیوں؟"
وہ بغور اس کا چہرہ دیکھ رہی تھی۔
"کام سے گیا تھا۔"
وہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔
"کس کے ساتھ؟"
اس نے اگلا سوال داغا۔

"سعد کے ساتھ۔"
نہایت صفائی سے جھوٹ بولا گیا۔
وہ اثبات میں سر ہلانے لگی۔

"تم اتنی تفتیش کیوں کر رہی ہو؟"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
" ...نہیں ایسے ہی"
وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

"آج ڈاکٹر کے پاس جانا ہے نہ؟"
وہ فون سے نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔
"جی ہاں..اور تم بھول گئے۔"
وہ جتانے والے انداز میں بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں.. دیکھو مجھے ٹائم سے پہلے یاد آ گیا۔"
تم چینج کر لو آدھے گھنٹے میں نکلتے ہیں۔ میں ماسی کو
فون کر کے منع کر دیتا ہوں کچھ دن تک نہ آئے واپسی پر
"گاؤں چلیں گے.. امی کے دس فون آ چکے ہیں مجھے۔
وہ فون کو دیکھتا ہوا بولا۔
صبح میں جاتے تو ماسی گھر کی صفائی کر دیتی اس "
"طرح اتنے دن گھر میں گند پڑا رہے گا۔
وہ اسے دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔
" ....نہیں بند گھر میں گند کیوں پڑے گا"
وہ فون جیب میں ڈالتا ہوا بولا۔
" ...اچھا"
وہ کہتی ہوئی کمرے میں چلی گئی۔
~~~~~~~~
" ....سدرہ میں دو دن سے تمہیں فون کر رہا ہوں"
وہ چہرے پر خفگی سجائے اس کے سامنے کھڑا تھا۔
"تو کیا ہوا گیا؟ میں گھومنے گئی ہوئی تھی۔"
وہ شانے سے بال پیچھے پھینکتی ہوئی بولی۔
تمہارے پاس سب کے لئے ٹائم ہے اور میری تم کال بھی "
"نہیں لے سکتی؟
وہ تلملا اٹھا۔
دیکھو کب تک شادی نہیں ہو جاتی تب تک تو مجھے "
" ...سکون سے رہنے دو بعد کی بعد میں دیکھی جائے گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ لاپرواہی سے کہتی چلنے لگی۔
"...پچھتاؤ گی تم"
وہ غراتا ہوا دروازے کی جانب بڑھنے لگا۔
" ...میری جوتی بھی نہ پچھتائے"
وہ احسن کی پشت کو دیکھتی بڑبڑائی۔
~~~~~~~~

"امی وائز دو دن سے حویلی نہیں آیا... کدھر گیا ہے؟"
وہ متفکر سی بولی۔
مجھے خود بھی نہیں معلوم... پہلے تو کبھی تمہیں یہاں " "چھوڑ کر خود نہیں گیا۔ میں نے فون کیا تو ملا نہیں۔
وہ الجھ کر بولیں۔

میرا فون بھی اٹھا نہیں رہا... پتہ نہیں کیا چل رہا ہے اب "
"اس کے دماغ میں۔
وہ کہتی ہوئی باہر نکل آئی۔
"کیا ہوا بیٹا کوئی پریشانی ہے؟"
رضی حیات زرش کو دیکھتے ہوئے بولے۔

"وائز دو دن سے حویلی نہیں آیا... فون بھی نہیں اٹھا رہا۔"
وہ تقریباً رو دینے کو تھی.. وجہ جاننے سے خود بھی قاصر تھی۔
آ جائے گا فکر مت کرو.. اکثر ایسے ہی بنا بتائے چلا جاتا "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"ہے۔
وہ کہتے ہوئے ٹی وی آن کرنے لگے۔

وہ چینل آگے پیچھے کر رہے تھے جب ایک نیوز چینل پر ان کا ہاتھ منجمد ہو گیا۔
" جی ناظرین آپ نے بلکل درست سنا رضی حیات کے بڑے بیٹے محمد وائز رضی حیات پر ریپ کیس کی پہلی سنوائی آج ہے۔ ابھی وائز رضی حیات کو پولیس وین میں یہاں لایا جائے گا۔
دو روز قبل انہوں نے گرفتاری دی اور آج اس کیس کی پہلی سنوائی ہے..."

وپورٹر مائیک لئے کورٹ کے باہر کھڑی بول رہی تھی۔
رضی حیات اور زرش پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسکرین پر چلتی وائز کی تصویر کو دیکھ رہے تھے جس میں وہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے تھا۔
"بابا سائیں؟"
وہ حواس باختہ سی بولی۔

" گل ناز... بہو کو سنبھالو تم ہم فیض کے ساتھ شہر جا رہے ہیں۔"
وہ چلاتے ہوئے کھڑے ہو گئے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانے مانے سیاستدان کا بیٹا وائز رضی حیات آپ انہیں "
"دیکھ سکتے ہیں ان کا چہرہ جھکا ہوا ہے۔
وہ پولیس کے گھیرے میں چلتا ہوا آ رہا تھا۔

" ...یہ سب"
وہ گل ناز کو دیکھتی ٹی وی کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔
حد ہوتی ہے.... یہ لڑکا کبھی سدھر ہی نہیں سکتا.. ساری "
"عزت خاک میں ملا دی.. فیض جلدی باہر نکلو۔
وہ چکر لگاتے ہوئے چلا رہے تھے۔

بیٹا حوصلہ کرو... آؤ میں تمہیں کمرے میں لے جاتی "
"ہوں۔
گل ناز زرش کو ساتھ لگاتی ہوئی بولی۔
"صحیح کہا آپ نے بابا سائیں... وہ کبھی نہیں سدھر سکتا۔"
زرش آنسو صاف کرتی سختی سے بولی۔

امی میں ٹھیک ہوں آپ فکر مت کریں... مجھے میرے "
"کمرے تک لے جائیں۔
وہ کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔
وہ اثبات میں سر ہلاتی اس کا ہاتھ پکڑے چلنے لگی۔
"تم بہو کے ساتھ ہی رہنا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رضی حیات کہتے ہوئے فیض حیات کے ہمراہ باہر نکل گئے۔

"امی ٹی وی آن کر دیں۔"
وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتی ہوئی بولی۔
"رہنے دو تم آرام کرو۔"
وہ اس کے سر پر ہاتھ پھیرتی ہوئی بولیں۔
"میں ٹھیک ہوں آپ فکر مت کریں۔ "
وہ سپاٹ انداز میں انہیں دیکھتی ہوئی بولی۔

ناظرین جیسے ہی محمد وائز رضی حیات کے وکیل باہر " نکلیں گے تو ہم ان سے معلومات لے کر آپ تک فراہم کر دیں گے۔تب تک انتظار کیجئے ملتے ہیں اس بریک کے "بعد۔
وہ آواز بند کرتی الماری کو گھورنے لگی۔

تو تم ان کاموں میں پڑے ہوئے تھے... اسی لئے مجھے " یہاں چھوڑ گئے۔ میں نے کیسے سمجھ لیا کہ تم سدھر گئے "...ہو
وہ نفی میں سر ہلاتی بول رہی تھی۔
"...تم کبھی نہیں سدھر سکتے وائز رضی حیات کبھی نہیں"
وہ تاسف سے کہتی پانی پینے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نظر اسکرین پر پڑی تو وائز کا چہرہ نظر آیا۔
بلیک چیک والی شرٹ کے ساتھ بلیک جینز پہنے وہ وکیل اور پولیس کے ہمراہ زینے اتر رہا تھا۔
سیاہ بال پیشانی پر منتشر تھے۔
وہ اسی حلیے میں تھا جس میں وہ زرش کو گاؤں چھوڑ کر گیا تھا۔
وہ متجسس تھی جاننے کے لیے۔

وائز جا چکا تھا۔
" ...نجانے کیا ہوا ہوگا اندر"
وہ بے چینی سے پہلو بدلتی ہوئی بولی۔

ایک حیران کن بات آپ کو بتاتے چلیں کہ محمد وائز رضی " حیات نے خود عدالت سے درخواست کی کہ انہیں سزائے موت دی جائے تاکہ وہ دوسرے لوگوں کے لئے عبرت کی نشانی بن سکیں۔ مزید ایک انکشاف کرتے چلیں کہ انہوں نے خود اپنی گرفتاری دی.. اور اب اپنی آخری خواہش کے طور پر اپنے لیے یہ سزا تجویز کی۔ جج صاحبہ نے ان کی خواہش کو مد نظر رکھتے ہوئے جمعرات کی صبح پانچ بجے انہیں پھانسی دینے کا حکم دے دیا۔
اس طرح یہ کیس پہلی سنوائی میں ہی پایہ تکمیل کو پہنچ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گیا۔وائز رضی حیات کے دماغ میں کیا چل رہا ہے یہ کوئی نہیں جانتا۔ فضا راجپوت جو کہ جانے مانے سیاستدان کی بیٹی ہیں وہ اس وقت خوش ہیں کہ ان کے مجرم نے اعلی ظرفی کا مظاہرہ کیا اور اعتراف جرم کیا جس کے باعث انہیں انصاف مل سکا۔"
زرش نے ہاتھ بڑھا کر ٹی وی بند کر دیا۔

"یہ سب کیا ہے؟ وائز نے خود؟"
وہ جھنجھلا کر بولی۔
کچھ سوچ کر اس نے فون اٹھایا اور احسن کا نمبر ملانے لگی۔
"جی بھابھی؟"
وہ فون کان سے لگاتا ہوا بولا۔

"نیوز دیکھی؟"
وہ متفکر سی بولی۔
"جی بھابھی...میں اس وقت پولیس اسٹیشن میں ہوں وائز کا انتظار کر رہا ہوں۔"
وہ ٹہلتا ہوا بولا۔

"...یہ سب کیا ہے؟ اس نے کیوں خود کو"
الفاظ دم توڑ گئے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

" بھابھی آپ فکر مت کریں میں سب سیٹ کر لوں گا... جہاں تک میرا دماغ کہتا ہے اس نے خود یہ سب کیا ہے۔ فضا راجپوت کی جو رپورٹس دی گئیں کورٹ میں وہ فیک ہوں گی ان فیکٹ یہ کیس ہی فیک ہے۔"
وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"واٹ؟"
وہ جتنا حیران ہوتی اتنا کم تھا۔
" جی.. میں جانتا ہوں وائز فیک کیس بنوانے میں ماہر ہے اس سے قبل وہ کسی کے خلاف یہ کر چکا ہے اور وہ انسان ابھی تک جیل میں ہے۔"
وہ دروازے کی سمت دیکھتا ہوا بولا۔

"لیکن کیوں؟"
وہ الجھ کر بولی۔
" یہ تو وائز ہی بتا سکتا ہے آخر اس نے یہ حماقت کیوں کی..."
وہ تاسف سے بولا۔

" ٹھیک ہے پھر جیسے وائز سے بات ہو مجھے بتانا..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آہستہ سے بولی۔
" آپ ٹینشن مت لیں...میں دیکھ لوں گا اسے۔ اور ایک بات آپ لوگوں میں سے کوئی بھی باہر نہ نکلے۔ میں نے گیٹ پر گارڈز بھیج دئیے ہیں۔ عوام کا کوئی بھروسہ نہیں وہ نقصان بھی پہنچا سکتی ہے۔"
اس نے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔

"تم نے کیوں کیا ایسا؟"
وہ خود کلامی کرتی دیوار پر لگی اس کی تصویر دیکھنے لگی۔
جامنی رنگ کی شرٹ کے ساتھ سیاہ رنگ کی جینز پہن رکھی تھی گلے میں گرے کلر کا مفلر پہن رکھا تھا۔ شیو ہمیشہ کی مانند بڑھی ہوئی تھی, بال نفاست سے سیٹ کئے وہ مغرور انداز میں کھڑا تھا۔

زرش کے پاس الفاظ ختم ہو گئے تھے۔
اس کا دماغ یہ صورتحال سمجھنے سے قاصر تھا۔
وہ وائز کی تصویر کو دیکھتی اپنی سوچوں کو جھٹکنے لگی
~~~~~~~~

" ...یہ آپ نے اچھا نہیں کیا"
احسن دیوار پر دونوں ہاتھ رکھے گھورتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...وائز واٹ از دس"
وہ اسے دیکھتا ہی چلایا۔
اس کے برعکس وائز پر سکون تھا۔
"زرش کیسی ہے؟"
وہ اس کے سوال کو نظر انداز کرتا کرسی پر بیٹھ گیا۔

"کوئی کسر چھوڑی ہے کہ وہ ٹھیک رہیں؟"
وہ ٹیبل پر ہاتھ مارتا ہوا بولا۔
"تم اتنا تاؤ کیوں کھا رہے ہو؟"
وہ کرسی کی پشت سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

" ...یہ آپ کا گھر نہیں ہے جیل ہے"
وہ اس کے سکون پر تلملا اٹھا۔
" ہاں میں اچھے سے جانتا ہوں.. گزشتہ دو روز سے یہیں ہوں۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

"آپ مجھے پاگل کر دیں گے۔"
وہ پیشانی مسلتا ہوا بولا۔
" تمہیں کس نے کہا یہاں آنے کو... حویلی جاؤ اور سب کا خیال رکھو۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جتانے والے انداز میں بولا۔

"یہ فیک کیس بنوانے کی کیا ضرورت تھی آپ کو؟"
وہ سیدھا مدعے پر آیا۔
"سچ سننا چاہتے ہو؟"
وہ ہونٹوں پر انگلی رکھتا پرسوچ انداز میں بولا۔
" ...نہیں کھیلنے آیا ہوں آپ کے ساتھ"
وہ جل کر بولا۔
وائز قہقہ لگاتا اسے دیکھنے لگا۔

اچھا تو سنو پھر... لیکن زرش کو کچھ مت بتانا۔"
زرش نے مجھے ابھی تک معاف نہیں کیا۔ ایک بار اس نے بابا سائیں سے کہا تھا کہ انہوں نے مجھے قتل کیوں نہیں کیا۔"

وہ غیر مرئی نقطے کو دیکھتا ہوا بول رہا تھا۔
"تو اس کا کیا مطلب؟"
وہ فون جیب سے نکال کر ریکارڈنگ آن کر کے وائز کو دیکھنے لگا۔

" تو وہ مجھے سزا دلوانا چاہتی تھی... میں نے بھی وہی کیا مقصد سزا دلوانا تھا, فضا سے میری پرانی دوستی تھی اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے منگیتر کے ساتھ بیٹھ کر میں نے بات کر لی۔ پیسہ پھینکا اور سب ہو گیا۔ آج کل پیسے سے کیا نہیں ہوتا... اسے "لوگوں کی ہمدردیاں بھی مل گئیں۔

وہ قہقہ لگاتا ہوا بولا۔

احسن سر پر ہاتھ مارتا اسے دیکھنے لگا۔

" وہ آپ کے ساتھ رہ رہی تھیں پھر اس سب کی کیا تُک بنتی تھی..."

وہ ضبط کرتا ہوا بولا۔

غصے سے گردن کی رگیں تنی ہوئی تھیں۔

" وہ مجبور تھی میرے ساتھ رہنے پر... مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتی تھی اس لئے.... میں اس سے دور جا رہا ہوں تاکہ اسے بھی تسلی ہو جائے کہ مجھے سزا مل گئی اور مجھ سے جان بھی چھوٹ جائے گی۔"

وہ سر جھکائے بول رہا تھا۔

"یار ایسا کیوں سوچ رہے ہیں آپ؟"

احسن جھنجھلا کر بولا۔

"زرش کو بتا دینا...اس کے مجرم کو سزا ملنے والی ہے۔"

وہ اداسی سے مسکرایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر یہ سزا زرش کے مجرم کو مل رہی ہے پھر یہ ڈرامہ "
"کیوں؟
وہ مٹھیاں بند کرتا ہوا بولا۔

تو کیا میں زرش کو منظر عام پر لاتا؟ پاگل ہوں کیا؟ آج وہ "
سر اٹھا کر چلتی ہے۔اگر میں اس کا مجرم بن کر پیش ہوتا
تو وہ کبھی سر اٹھا کر جی نہ پاتی... اہم بات تھی سزا اور
وہ مل گئی۔ نماز کا ٹائم ہوگیا ہے اب میں چلتا ہوں تم سب کا
"خیال رکھنا۔
وہ اٹھ کر اس کے سامنے آتا ہوا بولا۔

احسن تاسف سے اسے دیکھتا کھڑا ہو گیا۔
" ...زرش کا خیال رکھنا بہت"
وہ اسے سینے سے لگاتا ہوا بولا۔

"میں آپ کو باہر نکالوں گا یہاں سے۔"
وہ جھٹکے سے اسے دور دھکیلتا ہوا بولا۔
ناممکن میں فضا کو سمجھا چکا ہوں اور اس کے علاوہ "
"کوئی مجھے بچا نہیں سکتا۔
وہ اس کا شانہ تھپتھپاتا چل دیا۔

" ...بہت غلط کیا آپ نے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آنکھیں مسلتا ہوا بولا۔
" ...بابا سائیں آپ گھر چلیں میں نے بات کر لی ہے"
احسن انہیں ساتھ لئے چلنے لگا۔

ایسے کیسے ہم خود بات کریں گے اس بے غیرت سے... "
ساری دنیا ہم پر تھو تھو کر رہی ہے۔ آخر وہ باز کیوں نہیں
"آتا۔
وہ تلملاتے ہوئے رک گئے۔
آپ گھر چلیں سب بتاتا ہوں... میری بات تحمل سے سن لیں "
"خدا کے واسطے۔
وہ ان کے سامنے ہاتھ جوڑتا ہوا بولا۔

وہ ہنکار بھرتے گاڑی کی جانب چلنے لگے۔
رضی حیات آپ اس بارے میں کیا کہنا چاہیں گے؟ آپ کے "
" ...بیٹے نے
رپورٹر مائیک لاتی ہوئی بولی۔

" ...ہم کسی سوال کا جواب نہیں دینا چاہتے "
احسن درشتی سے اس کی بات کاٹتا ہوا بولا۔
رپورٹر سہم کر دو قدم پیچھے ہٹ گیا۔
وہ سب کو گھورتا گاڑی میں بیٹھ گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ سب کیا ہے؟"
اس کا اشارہ صوفے کی جانب تھا۔
" سر یہ رضی حیات صاحب کا حکم ہے۔ آپ کے لئے کھانا
"بھی الگ سے آئے گا۔
حولدار سر جھکائے بول رہا تھا۔

" باہر نکالو اسے اور جیسے باقی مجرم ہیں ویسے ہی پیش
"آؤ مجھ سے سمجھے.....میں یہاں چھٹیاں گزارنے نہیں آیا۔
وہ اس کا گریبان پکڑتا ہوا بولا۔
" ...سر یہ آڈر"
"بھاڑ میں گیا آڈر... میں کھیلنے نہیں آیا یہاں۔"
وہ طیش میں چلا رہا تھا۔

"کیا ہو رہا ہے یہاں؟"
شور و غل سن کر انسپکٹر ادھر آ نکلا۔
" یہ سب کیا ہے؟ کب سے مجرموں کو گھر جیسی سہولیات
"دی جانے لگی ہیں؟
وہ سینے پر بازو باندھتا چبا چبا کر بولا۔

" ....آپ کے والد نے
" یہ رشوت لینا بھی حرام ہے۔ قانون سب کے لئے برابر ہونا
چاہئیے تم جیسے ناسوروں کے باعث معاشرہ یہاں تک پہنچ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...گیا ہے
وہ تاؤ کھاتا ہوا بولا۔

" نہیں چائیے تو آپ کی مرضی جیسے یہ کہتے ہیں ویسے ...ہی کرو تم"
وہ حولدار کو دیکھ کر کہتا الٹے قدم اٹھانے لگا۔
وائز ہنکار بھرتا اندر داخل ہو گیا۔
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ٹہلنے لگا۔

" ...مجھے نماز پڑھنی ہے"
وہ خیال آنے پر بولا۔
~~~~~~~~
" وائز یہ کیا حرکت ہے؟ جب تم نے ایسا کچھ کیا نہیں تو پھر کیوں خود کو سزا دلوا رہے ہو؟"
رضی حیات کمزور پڑ رہے تھے۔
" بابا سائیں معذرت کے ساتھ یہ میرا اور میری بیوی کے بیچ کا مسئلہ ہے۔ اس لئے کوئی دخل نہ دے..."
اس نے کہتے ہوئے فون پولیس آفیسر کی جانب بڑھا دیا۔

" حیات صاحب وہ بات نہیں کرنا چاہتا... میں نے اپنا فرض پورا کیا اب یہ آپ کے بیٹے کی مرضی ہے۔"
آفیسر فون کان سے لگائے چلنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...پاگل ہو گیا ہے وہ"
رضی حیات نے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔

"احسن کہاں ہے؟"
وہ متفکر سے بولے۔
" زرش سے بات کرنے گیا ہے... مجھے بھی کچھ نہیں بتایا "
"اس نے۔
گل ناز آنسو بہاتی ہوئی بولی۔

" تم جان کر کیا کر لو گی... ابھی جاؤ یہاں سے ہمارا دماغ
"خراب مت کرو وہ ایک نواب کافی ہے۔
وہ ہنکار بھرتے ہوئے بولے۔
گل ناز بیگم آنسو پیتی باہر نکل گئی۔

"کیا بات ہوئی وائز سے؟"
احسن کو اندر آتے دیکھ کر وہ بےقراری سے استفسار کرنے لگی۔
"وہی جو میں نے کہا تھا۔"
وہ اس کے سامنے صوفے پر بیٹھتا ہوا بولا۔

"کیا؟"
وہ انجان بنتے ہوئے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

انہوں نے آپ کو انصاف دلایا ہے۔ سزا فضا کے مجرم کو "
"نہیں آپ کے مجرم کو ملی ہے۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔
"وہ پاگل ہے کیا؟"
وہ بے یقینی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

مجھے بھی ایسا ہی فیل ہو رہا ہے۔ نہ وہ کچھ سننے پر تیار "
پر نہ ہی اپنا فیصلہ بدلنے پر۔ یہ وائس کلپ ہے وائز سے
"بات کرتے ہوئے میں نے ریکارڈ کی تھی۔ آپ خود سن لیں۔
وہ اپنا فون اس کی جانب بڑھاتا ہوا بولا۔

وہ منہ پر ہاتھ رکھے خود کو رونے سے باز رکھ رہی تھی۔
مجھے فضا کے پاس لے چلو میں اس سے بات کروں گی.. "
وہ
"معافی نامہ سائن کر دے گی تو اسے سزا نہیں ملے گی۔
وہ بیڈ سے اترتی ہوئی بولی۔

" ...بھابھی آپ کا سفر کرنا مناسب نہیں"
وہ ہچکچاتا ہوا بولا۔
کچھ نہیں ہو گا مجھے... مجھے فضا سے ملنا ہے بس۔ "
ہمارے پاس آج کا اور صرف کل کا دن ہے وقت ضائع مت
"کرو۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ یاس سے اسے دیکھ رہی تھی۔

" میں بابا سائیں سے بات کر کے آتا ہوں تب تک آپ کھانا وغیرہ کھا لیں۔"

وہ فون اٹھاتا باہر نکل گیا۔

" ...ہاں بولو سدرہ"

وہ فون کان سے لگائے رضی حیات کے کمرے کی سمت میں چلنے لگا۔

"...تمہارے بھائی کے کارنامے دیکھ رہی تھی میں"

وہ محظوظ ہوتی ہوئی بولی۔

"بکواس بند رکھو اپنی۔"

وہ تلملا اٹھا۔

" ...بڑا ہی کوئی"

"میری پاس تمہاری فضول باتوں کے لئے وقت نہیں ہے۔"

وہ تاؤ کھاتا فون جیب میں ڈال کر چلنے لگا۔

" بابا سائیں میں لے آؤں گا اسے واپس... بھابھی جا رہی ہیں نہ آپ فکر مت کریں۔"

احسن گزشتہ آدھ گھنٹے سے انہیں سمجھا رہا تھا۔

"نجانے کیا ہو گیا ہے اسے ہماری بات بھی نہیں سن رہا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آنکھیں صاف کرتے ہوئے بولے۔
"کچھ نہیں ہو گا اسے آپ فکر مت کریں۔میں چلتا ہوا اب۔"
وہ ان کے گلے لگتا ہوا بولا۔

" ...آج اس نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے"
وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولے۔
احسن خاموشی سے باہر نکل گیا۔
~~~~~~~~~
پلیز انکار مت کرو... تمہاری وائز سے دشمنی نہیں پھر "
"کیوں ایسا کر رہی ہو؟
زرش چادر اوڑھے اس کے سامنے بیٹھی تھی۔

زرش دیکھو مجھے وائز نے سختی سے کہا تھا کسی کے "
"بھی کہنے پر میں معافی نامہ سائن نہ کروں۔
وہ لاچاری سے اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

میں بس آخری بار تمہیں کہوں گی۔ اگر تم میرے بچے کو "
یتیم کرنا چاہتی ہو تو ٹھیک ہے اپنی ضد پر قائم رہو۔ اس کی
تو عقل کام نہیں کر رہی اور تم بھی اسی کے نقشے قدم پر
"چل رہی ہو۔
وہ تاسف سے کہتی کھڑی ہو گئی۔
آنکھیں نمکین پانیوں سے لبریز تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"بھابھی آپ ٹھیک ہیں؟"
احسن آگے آتا ہوا بولا۔
"میں ٹھیک ہوں چلو.. کوئی فائدہ نہیں بحث کرنے کا۔"
وہ تاسف سے کہتی چلنے لگی۔
فضا لب کاٹتی انہیں جاتا دیکھ رہی تھی۔

" ..ایک منٹ رکو"
وہ ان کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔
وہ دونوں چہرہ موڑے اسے دیکھنے لگے۔

ٹھیک ہے تم معافی نامہ تیار کرواؤ میں سائن کر دوں گی۔ "
"...کسی معصوم کی زندگی تباہ نہیں کر سکتی میں
وہ زرش کو دیکھتی ہوئی بولی۔

" ...تھینک یو"
زرش اس کے ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔
"احسن اب کانفرم وہ رہا ہو جائے گا نہ؟"
وہ گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی۔

جی بھابھی اب آپ ٹینشن مت لیں۔ وہ صحیح سلامت صبح "
"ہمارے ساتھ ہو گا۔ آپ کو کچھ چاہیے؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کھڑکی سے دیکھتا ہوا بولا۔
"ہاں پانی لے لو... آگے کوئی دکان نہیں ملے گی۔"
وہ ٹیشو سے چہرہ صاف کرتی ہوئی بولی۔

"وائز سے ملیں گیں؟"
وہ فرنٹ سیٹ پر بیٹھتا ہوا بولا۔
"نہیں حویلی چلو... اب گھر میں ہی بات ہوگی وائز سے۔"
وہ سیٹ کی پشت سے سر ٹکائے آنکھیں بند کرتی ہوئی بولی۔
وہ اثبات میں گردن ہلاتا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

جی وکیل صاحب... بھاڑ میں گیا وائز آپ میری بات سنیں "
جیسے میں کہہ رہا ہوں کریں جتنے پیسے چاہئیں مل جائیں
"گے۔ لیکن کل صبح وائز یہاں ہو۔
وہ فون کان سے لگائے بولتا ہوا چل رہا تھا۔
زرش سر جھکائے اس سے آگے تھی۔

"بیٹا ہو گئی بات؟ وائز کہاں ہے؟"
گل ناز بیگم اس کے عقب میں دیکھتی ہوئی بولیں۔
" ...امی ان شاءاللہ صبح آ جائے گا وہ"
وہ ان کے شانے پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

"احسن بات کر رہا ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تشویش سے بولیں۔
"جی.. احسن وکیل سے بات کر رہا ہے۔ اب فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔"
وہ کوشش کے باوجود مسکرا نہ سکی۔

"تم آرام کرو جا کر... تھک گئی ہو گی سفر میں۔"
وہ اسے ساتھ لئے چلنے لگیں۔
وہ وائز کی تصویر کے سامنے آ گئی۔
"یہ تم نے کیا کر دیا؟ اپنی عزت کی بھی پرواہ نہیں کی تم نے؟"

وہ آنکھوں میں اشک لئے اس کی تصویر سے مخاطب تھی۔
وہ ریڈ کلر کی شرٹ پہنے ہوئے تھا چہرے پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ تھی۔
"تم نے ہمارے بچے کے بارے میں بھی نہیں سوچا؟ جہاں اتنا صبر کیا تھوڑا اور کر لیتے۔ میرا دل نرم ہو رہا تھا تمہارے لیے...۔"

وہ انگلی سے آنکھ کا گوشہ صاف کرتی ہوئی بولی۔
"میرے الفاظ دم توڑ چکے ہیں۔ کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا کیا بولوں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی تصویر کو اتارنے کے لیے ہاتھ بڑھا رہی تھی۔
زرش کا ہاتھ کانپ رہا تھا۔
اپنی کیفیات سمجھنے سے وہ خود بھی قاصر تھی۔
~~~~~~~~~

"آپ کے بھائی کا فون ہے۔"
حولدار فون اس کی جانب بڑھاتا ہوا بولا۔
"تیری بھابھی نے معاف کر دیا مجھے؟ لیکن کیوں؟ تو نے کیا بتایا اسے؟"
وائز زمین پر لیٹتا ہوا بولا۔

"جی ہاں... مبارک ہو آپ کو اور اب خدا کے واسطے کوئی مزید مشکل کھڑی مت کر دینا آپ۔ اور انہیں معاف کرنا ہی تھا اگر آپ اتنی مشکوک حرکتیں نہ کرتے تو شاید وہ پہلے ہی معاف کر دیتیں۔"
وہ بیڈ پر ڈھیر ہوتا ہوا بولا۔
"تمہیں میں نے تھکا دیا... "
وہ ندامت سے بولا۔

"جی اچھا خاصا... اتنے چکر آج تک نہیں لگائے شہر سے گاؤں پھر گاؤں سے شہر۔"
وہ گردن دائیں بائیں گھماتا ہوا بولا۔
"زرش ٹھیک ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہ فکرمند تھا۔

"اتنی فکر تھی تو پھر یہ سب کیوں کیا؟"
اس نے الٹا سوال داغا۔
" اتنی لمبی تقریر کی تھی ابھی بھی سمجھ نہیں آیا خیر بات "
"ہی کروا دو اپنی بھابھی سے۔
لہجے میں بےقراری تھی۔

" وہ ناراض ہیں آپ سے... اس لئے ایسے بات نہیں کریں "
"گیں اب کل تک کا انتظار کر لیں۔
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
" اچھا چلو جہاں اتنے دن انتظار کیا ایک دن اور سہی... چل "
"تو آرام کر کل ملتے ہیں۔
اس نے مسکراتے ہوئے فون بند کر دیا۔

" بس ایک بار تم میرے سامنے آ کر کہہ دو تم نے اس "
"گناہگار کو معاف کیا۔
وہ انگلی سے آنکھ کا نم گوشہ صاف کرتا ہوا بولا۔
" ...سر فون"
حولدار اسے خود کلامی کرتے دیکھ کر بولا۔

" ...ہاں یہ لو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سلاخوں کی جانب آتا ہوا بولا۔
رات کی تاریک میں یہ سلاخیں مزید تاریک ہو گئیں تھیں۔
وہ جو موت کا انتظار کر رہا تھا اب زرش سے ملنے کو بےتاب تھا۔ ایک ایک لمحہ صدیوں پر محیط ہو رہا تھا۔وہ پھر سے زمین پر لیٹتا چھت کو گھورنے لگا۔

~~~~~~~~~

"جلدی جلدی ہاتھ چلاؤ... اتنا سب بنانے کو پڑا ہے اگر وائز کے آنے سے پہلے یہ سب مکمل نہ ہوا تو خیر نہیں..."
گل ناز بیگم ملازموں کو جھڑک رہی تھیں۔
پوری حویلی میں گہما گہمی تھی۔

"اچھے سے سجانا میرا بیٹا آ رہا ہے۔"
آنکھوں میں امڈ آتی نمی کو وہ صاف کرتی ہوئی بولیں۔
"ہاں ہاں حاجی صاحب آج ہی آ رہا ہے وہ..."
رضی حیات فون کان سے لگائے بول رہے تھے۔

"ہم نے کوئی جبر نہیں کیا بچی پر... اس نے اپنی مرضی سے معافی نامہ سائن کیا ہے۔ چلیں باقی باتیں مل کر کریں گے۔"
وہ خفا انداز میں کہتے فون بند کر گئے۔
"گل ناز؟"
وہ دائیں بائیں دیکھتے ہوئے بولے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"...جی"
وہ سرعت سے کہتی کمرے سے باہر نکلیں۔
"احسن کہاں ہے؟ دوپہر سے شام ہونے کو ہے نظر نہیں آ رہا..."
وہ صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولے۔

"جی وہ سو رہا ہے.. تھک گیا تھا کل سارا دن کورٹ کچہری کے چکر لگا لگا کے میں نے سوچا آرام کرنے دوں۔"
وہ بولتی ہوئی بیٹھ گئیں۔
"..ہمم ٹھیک ہے۔ ثوبیہ بھی نظر نہیں آ رہی"
وہ اخبار اٹھاتے ہوئے بولے۔

"آپ تو جانتے ہی ہیں شروع سے ہی زرش کو پسند نہیں کرتی وہ اس لئے کمرے میں ہی ہے۔ میں نے بھی نہیں بلایا۔"
وہ منہ بناتی ہوئی بولیں۔
"... ٹھیک ہے جاؤ"
وہ اشارہ کرتے ہوئے بولے۔

اگلے لمحے وہ وہاں سے غائب تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی کون بول رہا ہے؟"
احسن کی نیند میں ڈوبی آواز گونجی۔
"واٹ؟ کون سے ہاسپٹل میں؟"
ایک ہی لمحے میں نیند اس کی آنکھوں سے غائب ہو گئی۔

وہ اٹھ کر بیٹھ چکا تھا۔
کب ہوا یہ ایکسیڈنٹ؟ میں پہنچ رہا ہوں بس کچھ ہی دیر "
" ...میں
وہ فون بیڈ پر اچھالتا سلیپر پہننے لگا۔
وہ ٹی شرٹ کے ساتھ ٹراؤذر پہنے ہوئے تھا۔
چابیاں اٹھا کر فون پکڑتے ہوئے باہر نکل آیا۔

اتنی جلدی میں کہاں جا رہے ہو؟ کپڑے بھی نہیں بدلے تم "
" ...نے
رضی حیات اسے ٹوکتے ہوئے بولے۔
وہ بابا سائیں وائز کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے وہ ہاسپٹل میں ہے "
"اسی کے پاس جا رہا ہوں۔

رضی حیات کے ساتھ ساتھ زرش اور گل ناز بھی سن چکی تھیں۔
زرش لڑکھڑاتی ہوئی دیوار کا سہارا لینے لگی۔
وہ تینوں پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھ رہے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بیٹا وہ ٹھیک ہے نہ ؟
گل ناز اس کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔
زرش پتھرائی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔
"امی.. بھابھی۔"
وہ ان دونوں کو دیکھتا ہوا بولا۔

ان دونوں کی موجودگی سے وہ انجان تھا۔
"کیسے ہوا ایکسیڈنٹ وہ ٹھیک ہے نہ؟"
اب کہ رضی حیات کی جانب سے سوال آیا۔

جی وہ ٹھیک ہے معمولی سی چوٹ آئی ہے اس لئے میں "
"خود لینے جا رہا ہوں۔
وہ مہارت سے جھوٹ بولتا باہر کی جانب قدم اٹھانے لگا۔
"احسن سچ بول رہے ہو نہ؟"
گل ناز بیگم کا دل پتے کی مانند لرز رہا تھا۔

"جی امی... آپ اپنی تیاریاں مکمل کر لیں تب تک۔"
وہ باوجود کوشش کے مسکرا نہ سکا۔
وہ زرش کو نہیں دیکھ رہا تھا شاید اس کی آنکھوں میں
اٹھتے سوالوں کے جواب نہ دے پاتا۔

"میں آپ کو پہنچ کر فون کرتا ہوں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ رضی حیات کو دیکھ کر کہتا باہر نکل گیا۔
" یا اللہ یہ کیسی آزمائش ہے... کل اسے جیل سے نکالا اور آج وہ ہسپتال پہنچ گیا۔"
رضی حیات سر تھام کر بیٹھ گئے۔

زرش ابھی تک دیوار پر ہاتھ رکھے کھڑی تھی۔
وہ بے یقینی کی کیفیت میں تھی۔
کیا ہو رہا تھا وہ سمجھنے سے قاصر تھی۔
بنا کچھ کہے بنا کچھ پوچھے وہ مرے مرے قدم اٹھاتی کمرے کی جانب چل دی۔

"یہ سب کیا ہو رہا ہے؟"
وہ دروازہ بند کرتی اس سے ٹیک لگا کر کھڑی ہو گئی۔
" خدا کرے احسن سچ بول رہا ہو... لیکن اس کی زبان کچھ کہہ رہی تھی اور آنکھیں کچھ۔"
وہ منہ پر ہاتھ پھیرتی ہوئی بولی۔

چند پل سرکنے کے بعد وہ وضو کرنے چلی گئی۔
"جو بھی ہو صرف دعا ہی کام آئے گی۔"
وہ جائے نماز بچھاتی ہوئی بولی۔

احسن سپیڈ بڑھاتا جا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گاڑی گرد اڑاتی بھاگتی جا رہی تھی۔
" ..یہاں وائز رضی حیات ایڈمٹ ہوئے ہیں "
وہ ریسیپشن پر بیٹھی لڑکی کو دیکھتا ہوا بولا۔

"جی آپ ان کے بھائی ہیں نہ؟ اس طرف آ جائیں۔"
ریسیپشنسٹ کی بجائے نرس اشارہ کرتی چلنے لگی۔
"کیسی طبیعت ہے اس کی؟"
وہ بےچینی سے بولا۔

ان کی حالت بہت خراب ہے۔ دوا کے ساتھ ساتھ انہیں دعا " کی بھی ضرورت ہے۔ان کے دماغ پر چوٹ لگی ہے جو "کسی بڑے نقصان کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔
وہ آئی سی یو کے سامنے رکتی ہوئی بولی۔
احسن پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"یہ کیا بکواس ہے؟"
وہ حواس پر قابو پاتا ہوا بولا۔
سر میں نے آپ کو ان کی موجودہ حالت بتائی ہے آپ ڈاکٹر " سے بات کر لیں۔ ابھی کچھ دیر قبل ان کا آپریشن مکمل ہوا ہے لیکن انہیں آئی سی یو میں ہی رکھا گیا ہے کیونکہ ان "کی حالت بہت نازک ہے۔
وہ کہتی ہوئی اندر چلی گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا سامنے دروازے کو دیکھنے لگا جس کے پار اس کا بھائی زندگی اور موت کے بیچ کھڑا تھا۔
" ....یہ سب کیا"
آنسو اس کے رخسار کو تر کر رہے تھے۔

" نہیں وائز کو کچھ نہیں ہو سکتا... یہ فضول میں بکواس کر رہی ہو گی.. ایسے کیسے وائز ...."
وہ لمبے لمبے سانس لیتا ٹہلنے لگا۔
"ڈاکٹر مجھے وائز سے ملنا ہے.. میں اس کا بھائی ہوں۔"
وہ ڈاکٹر کو باہر نکلتے دیکھ کر ان کی جانب لپکا۔

"گڈ آپ آ گئے مجھے آپ سے بات کرنی تھی۔"
وہ اس کے شانے پر ہاتھ رکھتے چلنے لگے۔
" نرس مجھے یہ سب بتا چکی ہے۔ مجھے ملنا ہے وائز سے کیا وہ ہوش میں ہے؟"
وہ آنسو صاف کرتا ہوا بولا۔

" ....جی ابھی تو وہ ہوش میں ہیں لیکن ان کی حالت کچھ"
وہ بات ادھوری چھوڑ کر احسن کو دیکھنے لگے۔
" وائز کو کچھ نہیں ہونا چاہیے میں بتا رہا ہوں ورنہ یہ آپ کا ہاسپٹل آپ کا لائسنس ہر چیز بند کروا دوں گا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ غم و الم کی حالت میں چلا رہا تھا۔

"دیکھیں تحمل سے کام لیں ہم اپنی پوری کوشش کریں گے "
"باقی اللہ کے آگے کس کی چل سکتی ہے؟
وہ اس کا شانہ تھپتھپاتے ہوئے بولے۔
وہ ان کا ہاتھ جھٹکتا آئی سی یو میں چلا آیا۔

وائز کا سر پٹیوں میں لپٹا ہوا تھا۔
منہ پر آکسیجن ماسک لگا ہوا تھا۔ ہاتھ پر ڈرپ لگی ہوئی تھی۔ بدن پر چادر اوڑھ رکھی تھی۔ آدھی گردن بھی سفید پٹیوں سے پوشیدہ تھی۔وہ مٹھیاں بند کئے اسے دیکھنے لگا۔
وائز کی تکلیف اسے محسوس ہو رہی تھی۔ گرم مادہ تیزی سے اس کے رخسار پر بہنے لگا۔

وہ آنکھیں بند کئے لیٹا ہوا تھا۔
"وائز؟"
وہ پکارتا ہوا اس کے پاس آیا۔
آواز پر اس کی پلکوں میں جنبش آئی۔
نقاہت کے باعث اسے آنکھیں کھولنے میں دقت پیش آ رہی تھی۔

وائز اسے دیکھتا پھیکا سا مسکرایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...احسن بات سن"
وہ اسے دیکھتا مدھم آواز میں بولا۔

" ...آپ ٹھیک ہو جاؤ گے"
وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر دلاسہ دیتا ہوا بولا۔
وہ نفی میں سر ہلاتا اسے دیکھنے لگا۔

زرش کو ابھی مت لانا, جب میری سانس بند ہونے لگے تب " اسے میرے سامنے لانا۔ میں آنکھیں بند ہونے سے "پہلے....اس کا چہرہ دیکھنا چاہتا ہوں۔
وہ آکسیجن ماسک ہٹاتا ہوا بولا۔

"آپ کو کچھ نہیں ہوگا۔ ایسا مت بولیں۔"
اسے تکلیف ہو رہی تھی۔
زرش کو بتانا میں اس سے بے حد محبت کرتا ہوں....اتنی " "کہ شاید مجھے خود بھی معلوم نہیں۔

اشک اس کی آنکھوں سے بہہ کر تکیے میں جذب ہو رہے تھے۔
احسن سر جھکائے اسے سن رہا تھا۔
اور میری بات سن... تو اس کا خیال رکھے گا سمجھا۔ بہت " "....خیال رکھنا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سانس لینے کو رکا۔

"پلیز چپ ہو جائیں... آپ کی طبیعت خراب ہو جائے گی۔"
وہ التجائیہ نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔
"...ٹائم تو نہیں ہے میرے پاس اس لئے بولنے دے مجھے"
آنسو متواتر بہتے جا رہے تھے۔

" تو اس کا خیال رکھے گا اور بہت خیال رکھنا ہے اس کا۔
"....اور ایک بات اگر بیٹا ہوا تو اسے ایک اچھا انسان بنانا
وہ چہرہ پھیرتا ہوا بولا۔
" ...مت بولیں یہ سب"
اس کا چہرہ بھی آنسوؤں سے تر تھا۔

وہ لمبے لمبے سانس لینے لگا۔
"پلیز اب آپ کچھ نہیں بولیں گے۔"
وہ آکسیجن ماسک لگاتا ہوا بولا۔
وائز کی آنکھوں میں تیرتا کرب اسے مزید کمزور کر رہا تھا۔

" زرش سے کہنا مجھے بھول مت جانا... میرے دل پر
صرف اس کا نام لکھا ہے اور اسی کا نام لئے میں اس دنیا
سے جا رہا ہوں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پھر سے آکسیجن ماسک اتار چکا تھا۔

" آپ دونوں ایک ساتھ رہیں گے۔ بہت سی خوشیاں دیکھیں
" ...گے۔ کچھ نہیں ہو گا آپ کو سمجھے آپ
وہ غم و غصے کی حالت میں گرجا۔
تو سمجھ نہیں رہا... تجھے دکھائی نہیں دے رہا, نہیں.. "
"میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے۔ زندگی دغا دے گئی یار۔
وہ سسکتا ہوا بولا۔

" مجھے اس سے دور مت لے جانا... مہ مجھے گھر کے
عقبی حصے میں دفن کرنا۔ احسن میں اس سے دور نہیں
"جانا چاہتا۔
کیسے ظالم لمحے تھے یہ۔

"بھائی پلیز ایسا مت بولیں۔"
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔
" اسے بتانا محمد وائز رضی حیات مرتے دم تک اس کا نام لیتا
رہا۔ وہ میرے دل میں, میری روح پر قابض ہے... اس لئے
وعدہ کر مرنے کے بعد بھی تم لوگ مجھے اس سے دور
"نہیں کرو گے۔
وہ ہاتھ اوپر کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"وعدہ کرتا ہوں۔"
وہ اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
" اسے کہنا مجبوری تھی میری... ورنہ کبھی نہ جاتا, ابھی
"تو ایک خوشی کا لمحہ بھی ہم نے ساتھ نہیں دیکھا تھا۔
وہ آہیں بھرتا بول رہا تھا۔

" قسمت ستم کر رہی ہے اور میں لاچار ہوں لڑ نہیں سکتا۔
اسے کہنا معاف کر دینا وائز کو۔ وہ خوش نہیں رکھ سکا
تمہیں,, جو خوشیاں میں نہیں دے سکا وہ خوشیاں تو دے گا
اسے۔ حسرتیں تو بہت ہیں دل میں لیکن ایک ملال ہے ایک
بار وہ میرے سامنے آ کر کہہ دیتی وائز میں نے تمہیں
"معاف کیا۔
وہ آنکھیں بند کرتا ہوا بولا۔

" خیر.... کوئی نہیں۔ تو اسے وہ سب دینا جو میں نہیں دے
"سکا۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔
اسے سانس لینے میں دشواری پیش آ رہی تھی۔

" ...نرس پلیز چیک کریں انہیں"
احسن کہتا ہوا باہر نکل گیا۔
اس سے زیادہ سکت اس میں باقی نہ تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چہرے پر ہاتھ رکھے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔

کیسا کرب تھا اس کی آنکھوں میں کہ موت سامنے ہے چند قدم کی مسافت پر اور دل میں ہزاروں لمحوں کی طلب تھی۔

" ...نہیں وائز نہیں"

وہ چہرہ صاف کرتا کھڑا ہو گیا۔

فون نکال کر نمبر ملایا اور بابا سائیں کو آگاہ کر دیا۔

وہ چہرے پر ہاتھ رکھے بیٹھے تھا۔

اس کی آنکھیں خشک تھیں لیکن دل رو رہا تھا۔

اسے اب مضبوط بننا تھا گھر کی عورتوں کو سنبھالنا تھا۔

"وائز کہاں ہے؟"

وہ زرش کی آواز تھی۔

وہ ہانپتی ہوئی اس کے پاس آئی۔

اتنے وقت میں وہ خود کو نارمل کر چکا تھا۔

" ...نرس انجیکشن دے رہی ہے اسے"

اس نے بہانہ بنایا۔

"مہ مجھے ملنا ہے وائز سے۔"

آنکھوں میں نمی تھی جنہیں رہا ہونے سے وہ روک رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مل لیجیے گا فکر مت کریں وہ ٹھیک ہے۔ کچھ چوٹیں آئیں "
"ہیں لیکن ری کور کر لے گا۔
وہ جھوٹے دلاسے دینے لگا۔

"احسن کہاں ہے وہ؟"
زرش کے عقب سے رضی حیات نمودار ہوئے۔
"بابا سائیں اندر ہے۔"
وہ کمرے کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔
وہ خاموشی سے اندر چلے گئے۔ ان کے ہمراہ گل ناز بھی تھی۔

" ...آپ کچھ کھا لیں تب تک"
یکدم احسن کو خیال آیا۔
"نہیں میں ٹھیک ہوں۔"
وہ بیٹھتی ہوئی بولی۔
احسن وہاں سے اٹھ کر چلا گیا۔

چند منٹوں بعد وہ اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔
میں جانتا ہوں آپ نے صبح سے کچھ نہیں کھایا۔وائز "
"...مجھے ڈانٹ رہا تھا کہ آپ کا خیال نہیں رکھ رہے ہم سب
وہ سینڈوچ اس کی جانب بڑھاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وائز کے ذکر پر آنسو اس کے رخسار سے ہوتے ہوئے دامن میں آ گرے۔

"وہ ٹھیک ہے تو پھر آئی سی یو میں کیوں؟"

یکدم اس کے دماغ میں جھماکا ہوا۔

"کیونکہ ان کا بیک گراؤنڈ بہت مضبوط ہے اس لئے خاص توجہ دی جا رہی ہے ان پر.."

وہ اس کے ہاتھ پر سینڈوچ رکھتا ہوا بولا۔

"آپ کھائیں گیں تو ہی میں وائز سے ملنے دوں گا ورنہ جب تک اسے چھٹی نہیں ملتی آپ اسے دیکھ بھی نہیں پائیں گیں۔"

اس نے آخری حربہ استعمال کیا۔

"میرا دل نہیں چاہ رہا..."

وہ بے بسی سے بولا۔

".. دل نہیں کر رہا تو پھر بھی کھا لیں وائز کے لئے"

بولتے بولتے اس کی آواز بھرا گئی۔

وہ نم آنکھوں سے ہاتھ پر رکھے سینڈوچ کو گھورنے لگی۔

اس نے چند لقمے اندر اتارے اور پھر سائیڈ پر رکھ دیا۔

"بھابھی ختم کریں وہ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب کہ وہ ذرا خفگی سے بولا۔
"بس... پانی لا دو۔"
وہ اسے دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...میں لاتا ہوں"
وہ کہتا ہوا چلا گیا۔

"یہ کیا حالت بنا لی تم نے اپنی؟"
رضی حیات نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہے تھے۔
آپ لوگ زرش کا بہت خیال رکھیں گے بلکل ویسے ہی "
"جیسے میں رکھتا تھا۔
اس کی آنکھیں پھر سے برسنے لگیں۔

"ٹھیک ہو جاؤ اور خود رکھنا خیال... ہم نہیں رکھیں گے۔"
وہ ناراضگی سے بولے۔
ایسے مت بولیں... زندگی مہلت دیتی تو کبھی یہ نہ کہتا آپ "
"کو۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔

"بس میرے بچے... دیکھنا تو بلکل ٹھیک ہو جائے گا۔"
گل ناز اس کے رخسار پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔
وہ اشک بہاتا مسکرانے لگا۔
اس کا سانس اکھڑنے لگا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...نرس اسے دیکھو... اور تم چلو"
وہ گل ناز بیگم کو اشارہ کرتے ہوئے بولے۔

آئی سی یو میں دبیز خاموشی تھی وائز آنکھیں بند کئے لیٹا تھا جب زرش دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی۔
وہ اس کی خوشبو پہچان گیا سو فوراً آنکھیں کھول دیں۔
اسے دیکھتے ہی وائز کے بے قرار دل کو چین آ گیا۔ آنکھیں سیراب ہو گئیں کہ جسے دیکھنے کے لیے ترس رہی تھیں وہ سامنے تھی۔
وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس کے پاس آ گئی۔

" ...تم ٹھی"
الفاظ دم توڑ گئے۔
وہ منہ پر ہاتھ رکھے اپنی سسکیاں دبانے لگی۔
" ...زرش"
یہ کیسا لمحہ تھا یہ تو وائز کی جانتا تھا۔

"تمہارے آنسو مجھے تکلیف دے.... رہے ہیں۔"
وہ بمشکل بول رہا تھا۔
"کیا بولوں میں؟"
وہ اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ بھی مت بولو۔بس میرے سامنے رہو۔"
وہ ڈرپ والا ہاتھ بڑھا کر اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
"تم نہیں جاؤ گے۔"
وہ اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

اس نے بولنے کے لیے لب وا کئے لیکن سانس نہ لے سکا۔
" ..نرس انہیں دیکھیں"
وہ نرس کو دیکھتی ہوئی چلائی۔

وہ بولنا چاہتا تھا لیکن آواز ساتھ نہیں دے رہی تھی۔
" ...آپ ان سے بات مت کریں"
وہ وائز کا معائنہ کرتی ہوئی بولی۔
"وائز تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔"
وہ ہچکیاں لیتی ہوئی بول رہی تھی۔

وہ رنج سے اسے دیکھ رہا تھا۔
اس کے پاس صرف آنسو تھے جو وہ مسلسل بہا رہا تھا۔
وائز کے چہرے پر اداس سی مسکراہٹ تھی۔

"وائز مجھ سے بات کرو۔"
وہ اس کا چہرہ تھپتھپاتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا وجود بے جان ہو چکا تھا۔
آنکھیں دم بخود بند ہو گئیں۔

"....وائز... وائز آنکھوں کھولو, ڈاکٹر...پلیز انہیں دیکھیں"
وہ ڈاکٹر کو اندر آتے دیکھ کر بولی۔
"...وائز پلیز مجھ سے بات کرو"
کمرے میں زرش کی ہچکیاں گونج رہی تھیں۔

"....سوری ہی از نو مور"
ڈاکٹر نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔
نرس مشینری وغیرہ آف کرنے لگی۔

نہیں... وائز تم مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتے پلیز اٹھو "
مجھ سے بات کرو... دیکھو میں نے تمہیں معاف کر دیا ہے۔
" ...وائز مجھ سے بات کرو نہ
وہ اس کے سینے پر سر رکھے بلک رہی تھی۔

وائز میری آواز سن رہے ہو نہ؟ پلیز مجھے جواب دو مجھ "
سے بات کرو نہ... ایسے کیسے سارے فیصلے تم نے لے
"لیے۔
وہ اسے جھنجھوڑتی ہوئی بول رہی تھی۔
ثریا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"امی... امی وائز کو بولیں نہ آنکھیں کھولے.. دیکھیں مجھ سے بات نہیں کر رہا۔"
وہ ان کا ہاتھ پکڑ کر وائز کے پاس لے آئی۔
وہ اسے سینے سے لگاتی اشک بہانے لگی۔

"امی آپ کچھ کہہ کیوں نہیں رہی دیکھیں وہ چپ ہو گیا ہے بول کیوں نہیں رہا؟"
وہ دیوانہ وار چلاتی جا رہی تھی۔
"...میری بچی صبر کر"
وہ اس کا چہرہ ہاتھوں میں پکڑتی ہوئی بولیں۔

"صبر؟"
وہ تعجب سے زیر لب دہراتی ہوئی بولی۔
"امی کیسے صبر کر لوں؟ مجھ سے تو بات بھی نہیں کی وائز نے پلیز اسے کہیں ایک بار مجھ سے بات کر لے امی..."
وہ وائز کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

"...زرش حوصلہ کرو"
وہ اسے اپنے ساتھ لگاتی ہوئی بولی۔
"وائز اٹھو میں کچھ نہیں جانتی تم ایسے نہیں جا سکتے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی بہت کچھ باقی ہے پلیز ایک بار میری بات مان لو۔ امی بولیں نہ بس ایک بار اٹھ جائے۔ ایک بار مجھ سے بات کر لے۔ وائز میں نے معاف کر دیا تمہیں,, پھر کیوں ناراض ہو گئے ہو؟"

وہ اس کے سینے پر سر رکھے سسک رہی تھی۔

"جلدی کریں ہاسپٹل جانا ہے... احسن کا فون آیا تھا۔"

ثریا چادر اوڑھتی ہوئی بولی۔

"بتایا نہیں احسن نے کون ہے ہاسپٹل میں؟"

وہ منہ پر پانی کے چھینٹے مارتے ہوئے بولے۔

آپ کو بتایا تو تھا فون پر... وائز ہے ہاسپٹل میں اب خدا " جانے کس وجہ سے ہے۔"

وہ متفکر سی بولی۔

"اچھا اچھا... چلو پھر دیر نہیں ہونی چاہیے۔"

وہ تولیے سے چہرہ خشک کرتی ہوئے بولے۔

ثریا ان کے عقب میں چلتی سُرعت سے باہر نکل آئی۔

جنید صاحب گھر کو تالا لگانے لگے۔

وہ ہاسپٹل کی حدود میں داخل ہوتے دائیں بائیں دیکھنے لگے۔

"ریسپشن سے پوچھ لیں۔"

ثریا اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ لڑکی سے بات کرتے اثبات میں سر ہلانے لگے۔
" ...آؤ"
وہ اشارہ کرتے ہوئے چلنے لگے۔
"کیا ہوا وائز کو؟"
وہ رضی حیات کے پاس آتے ہوئے بولے۔

" ...ایکسیڈنٹ ہوا ہے"
ان کی مدھم سی آواز گونجی۔
"اب کیسی طبیعت ہے اس کی؟"
وہ احسن کو دیکھتے اس سے مخاطب تھے۔

" کچھ بہتر ہے... ڈاکٹر نے کہا تھا دس گھنٹے پریشانی کے ہیں اگر وائز اس میں ٹھیک رہا تو ان شاءاللہ ری کور کر جائے گا۔"
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔
" ...اللہ اسے صحت و تندرستی والی زندگی دے"
وہ رضی حیات کے ہمراہ بیٹھتے ہوئے بولے۔

"بیٹا زرش دکھائی نہیں دے رہی؟"
ثریا کوریڈور میں نگاہ دوڑاتی ہوئی بولی۔
" ...انہیں بیہوشی کی دوا دے کر کمرے رکھا گیا ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سپاٹ انداز میں بول رہا تھا۔

"کس کمرے میں؟"

وہ بےچینی سے بولی۔
" ...اس کمرے میں"
وہ ہاتھ سے اشارہ کرتا ہوا بولا۔

" ...وائز"
زرش آنکھیں کھول کر اٹھ بیٹھی۔
چہرہ آنسوؤں اور پسینے سے تر تھا۔
"وائز؟"
وہ پکارتی ہوئی تاریکی میں نگاہ دوڑانے لگی۔

اس تاریک کمرے میں اس کے سوا کوئی نہیں تھا۔
"وائز کہاں گیا؟ وہ خواب تھا کیا؟"
وہ چہرے پر ہاتھ پھیرتی سوچنے لگی۔
" ...مجھے دیکھنا ہو گا وہ کہاں ہے"
وہ تھوک گلے سے نیچے اتارتی بیڈ سے اتر آئی۔

"زرش کہاں جا رہی ہو؟"
دروازے میں ثریا اسے مل گئی۔
" ...امی وہ وائز"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہاتھ سے اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

" ...ہاں بیٹا اب اس کی طبیعت کچھ بہتر ہے تم اندر چلو"
وہ اسے ساتھ لئے اندر آ گئیں۔
" امی مجھے دیکھنا ہے اسے... مہ... میں نے بہت برا خواب
"دیکھا ہے مجھے اس کے پاس جانا ہے۔
وہ دروازے کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔

" ...ٹھیک ہے چلو"
وہ اسے ساتھ لگاتی چلنے لگیں۔
"احسن میں اس کمرے میں کیسے گئی؟"
وہ کمرے سے باہر نکل کر اسے دیکھنے لگی۔

" سوری بھابھی ڈاکٹر نے کہا تھا اس لئے میں نے پانی میں
بیہوشی کی دوا ملا دی تاکہ آپ کچھ دیر آرام کر لیں اور
"وائز بھی۔
وہ سر جھکا کر مجرم کی مانند بولا۔
"مطلب؟"
وہ الجھ گئی۔

" مطلب بھابھی ڈاکٹر نے کہا تھا چند گھنٹے پیچیدہ ہیں اگر
آپ وائز سے ملتیں تو وہ آپ سے بات کرتا اس کی طبیعت

Page | 254
CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...بگڑ سکتی تھی اس لئے
وہ بات ادھوری چھوڑ کر اسے دیکھنے لگا۔
"تو کیا اب میں مل سکتی ہوں اس سے؟"
وہ اجازت طلب نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

" لیکن بات مت کیجئے گا... ہم میں سے بھی کوئی دوبارہ
"اندر نہیں گیا۔
وہ لاچاری سے دیکھتا ہوا بولا۔
وہ اثبات میں سر ہلاتی اس کے کمرے کی جانب چل دی۔

اس نیم تاریک کمرے میں وہ خاموشی سے لیٹا ہوا تھا۔
نجانے ہوش میں تھا یا بیہوشی کی حالت میں۔
آکسیجن ماسک چہرے پر لگائے وہ آنکھیں بند کئے ہوئے تھا۔
وہ لب کاٹتی آگے بڑھنے لگی۔
آنکھیں دم بخود برسنے لگیں۔

وائز کو اس حال میں دیکھ کر اسے تکلیف ہو رہی تھی۔
اس سے قبل کہ وہ اس کے بلکل پاس پہنچتی وہ الٹے قدم
واپس لوٹ گئی۔
" ...امی وہ تکلیف میں ہے... اس کے سر پر"
وہ سوں سوں کرتی بول رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...تم اللہ سے دعا کرو نہ کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائے"
گل ناز اس کے سر پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔
"وہ جلدی ٹھیک ہو جائے گا نہ؟"
وہ احسن کو دیکھتی استفسار کرنے لگی۔

" ...جی بھابھی بس یہ دس گھنٹے گزر جائیں"
وہ آسودگی سے مسکرایا۔
" ...آؤ تم بیٹھ جاؤ میرے ساتھ"
گل ناز اس کی پشت تھپتھپاتی ہوئی بولی۔

وہ آنکھیں رگڑتی ان کے ہمراہ بیٹھ گئی۔
دائیں جانب ثریا آ کر بیٹھ گئی۔
وہ سر جھکائے ٹہلنے لگا۔
فون کی رنگ ٹون نے کوریڈور کی خاموشی میں ارتعاش پیدا کیا۔
احسن نمبر دیکھتا اس راہداری کو عبور کرتا آگے آ گیا۔

"بولو؟"
وہ فون کان سے لگاتا ہوا بولا۔
"وائز بھائی کیسے ہیں؟"
نور ہچکچاتی ہوئی بولی۔
"دعا کرو... خالہ سے بھی کہنا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سپاٹ انداز میں کہتا ہاسپٹل کی حدود سے باہر نکل آیا۔

" جی ضرور... امی کہہ رہی تھیں ہاسپٹل بتا دیں کون سا ہے"۔

اتنے عرصے بعد اس سے مخاطب ہونا اسے عجیب لگ رہا تھا۔

"میں ٹیکسٹ کر دیتا ہوں۔ کچھ اور؟"

وہ سامنے کھلے آسمان کو دیکھتا ہوا بولا۔

" ...نہیں"

وہ آہستہ سے بولی۔

" ...خدا حافظ"

نور کو سنے بنا اس نے فون بند کر دیا۔

"عمر اسے کیا ہوا؟"

وہ آنکھوں میں حیرت سموئے سامنے اس زخمی لڑکی کو دیکھ رہا تھا۔

" یار اس کے بھائی نے مارا ہے اسے... باقی باتیں بعد میں بتاؤں گا"۔

وہ بغور اسے دیکھنے لگا مار نے اسے ادھ موا کر دیا تھا۔

وہ کسی معصوم پنچھی کی مانند خود میں سمٹی عمر کے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمراہ چل رہی تھی۔
یہ دونوں کزن تھے اور احسن کے کلاس فیلو۔
وہ پیشانی مسلتا ان کے عقب میں چلنے لگا۔

"یہ سب کس نے کیا؟"
نرس انہیں دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...آپ پلیز ان کا علاج کریں"
عمر التجائیہ انداز میں بولا۔

" ڈاکٹر اصغر کو بولو احسن رضی حیات نے بولا ہے ان کو چیک کریں..."
وہ آگے آتا ہوا بولا۔
" ...اوکے سر"
وہ اثبات میں سر ہلاتی انہیں اشارہ کرتی چلنے لگی۔
وہ تاسف سے انہیں دیکھنے لگا۔

" ...بیٹا تم گھر چلی جاؤ تھک جاؤ گی بیٹھ کر"
گل ناز متفکر سی بولی۔
" ہاں گل ناز بیگم ٹھیک کہہ رہی ہیں تم میرے ساتھ گھر چلو.. صبح میں پھر آ جانا"
ثریا اس کے سر پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں آپ نے کہا وائز سے بات نہیں کرنی میں نے کوئی "
"بات نہیں کی... لیکن اب میں یہاں سے نہیں جاؤں گی۔
وہ قطعیت سے بولی۔
" ...بیٹا ضد نہیں کرتے"
گل ناز نے نرمی سے سمجھانا چاہا۔

اب اسے چھوڑنا نہیں چاہتی میں... وہ کہنا چاہتی تھی لیکن کہہ نہ سکی۔
"امی پلیز میں نہیں جاؤں گی۔"
وہ ثریا کا ہاتھ ہٹاتی ہوئی بولی۔

" ...رہنے دو"
گل ناز بیگم خفگی سے بولیں۔
وہ پیر اوپر کرتی غیر مرئی نقطے کو دیکھنے لگی۔
احسن ایک نظر سب پر ڈالتا دوسری سمت میں چل دیا۔

"کیسی طبیعت ہے حیا کی؟"
وہ ڈاکٹر کے کیبن میں آتا ہوا بولا۔
ٹھیک ہے... زخم وقت کے ساتھ ہی بھرتے ہیں کافی بے "
"دردی سے مارا ہے اس کے بھائی نے۔
وہ چشمہ اتارتے ہوئے بولے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اثبات میں سر ہلاتا چئیر پر بیٹھ گیا۔
"بہت زیادہ مارا ہے کیا؟"
وہ آہستہ سے بولا۔
ہاں ایسا ہی سمجھ لو.. ہم تو تقریباً ہر ہفتے ہی ایسے کیسز " ...دیکھتے ہیں کسی کے شوہر نے مارا تو کسی کے باپ نے "

وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولے۔

"کتنا عجیب ہے نہ یہ؟"
وہ کہے بنا رہ نہ سکا۔
ہاں عجیب تو ہے۔ مرد کو حاکم بنایا تو وہ ظالم حکمران بن " گیا۔"
وہ دروازے کو گھورتے ہوئے بولے۔

"لیکن یہ تو ظلم ہے اسے پولیس کے پاس جانا چائیے۔"
وہ بے چینی سے پہلو بدلتا ہوا بولا۔
کس کس کے خلاف پولیس میں جاؤ گے؟ بھائی کے خلاف, " باپ کے خلاف, شوہر کے خلاف؟ سب سے اہم بات یہ " ....لڑکیاں کبھی جائیں گیں ہی نہیں
وہ نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولے۔

"اسے کیوں مارا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہاتھ مسلتا ہوا بولا۔
" بتایا نہیں... اس کا کزن بتا رہا تھا بڑی مشکل سے بچا کر لایا ہے اسے۔"
وہ فائل کھولتے ہوئے بولے۔
احسن خاموشی سے اثبات میں سر ہلانے لگا۔

" نرس بتا رہی تھی تم نے بھیجا ہے میرے پاس؟ تم جانتے ہو انہیں؟"
وہ چہرہ اوپر اٹھا کر اسے دیکھنے لگے۔
" جی میرے کلاس فیلو ہیں۔ آپ سے دوستی ہے اس لئے آپ کے پاس بھیج دیا۔"
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

" ..ٹھیک ہے"
وہ پیشہ ورانہ مسکراہٹ لئے بولے۔
"وائز کے لئے پریشان مت ہونا وہ ٹھیک ہو جائے گا۔"
وہ اس کی پشت کو دیکھتے ہوئے بولے۔

" ...ان شاءاللہ"
وہ دروازے میں رک کر انہیں دیکھتا ہوا بولا۔
کچھ سوچ کر وہ کمرہ نمبر پچس کی جانب چلنے لگا۔
معدوم سی دستک دے کر وہ اندر داخل ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

حیا ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کر رہی تھی۔
احسن کے قدم منجمد ہو گئے۔
آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔
اس معصوم سی لڑکی کا کیا حال ہو گیا تھا۔

بال بکھرے ہوئے, چہرے پر جابجا نیلے اور سرخ نشاں پڑے ہوئے, آستین پر خون کے دھبے تھے۔
اس نے نظروں کا زاویہ موڑ لیا۔
اس سے زیادہ اس میں سکت نہ تھی۔

"احسن تم؟"
عمر اسے دیکھتا ہوا بولا۔
"ہاں... کیسی ہے حیا؟"
وہ بولتا ہوا آگے بڑھنے لگا۔

"تمہارے سامنے ہے۔"
وہ کرب سے کہتا مڑ گیا۔
تم اس کے پاس رک سکتے ہو کچھ دیر؟ میں پین کلرز لے " آؤں؟"
وہ سوالیہ نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ہاں لے آؤ"
اس کی نظریں حیا پر تھیں جو چہرہ جھکائے اپنے ہاتھ کی پشت کو دیکھ رہی تھی۔ جس پر سرخ نشانات تھے۔
"یہ سب کیوں کیا تمہارے بھائی نے؟"
وہ سٹول پر بیٹھتا ہوا بولا۔

وہ اسی پوزیشن میں اپنے ہاتھ کو تکتی رہی۔
" ...حیا"
وہ اس کی بازو ہلاتا ہوا بولا۔
وہ سہم کر پیچھے ہو گئی۔
آنکھوں میں خوف اور تکلیف نمایاں تھی۔

" ڈرو مت...میں جانتا ہوں تم کسی سے زیادہ بات نہیں کرتی
"لیکن مجھے بھی اپنا دوست ہی سمجھو۔
وہ مدھم آواز میں سرگوشی کر رہا تھا۔
وہ سوں سوں کرتی چہرہ جھکا گئی۔

"مجھے بتاؤ شاید میں مدد کر سکوں؟"
وہ بےچینی سے بولا۔
" بھائی میری شادی ساٹھ سال کے آدمی سے کرنا چاہتے
" ...تھے.. میں نے انکار کر دیا تو
وہ ہونٹوں پر ہاتھ کی پشت رکھتی خاموش ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنسو اس کے چہرے کے ساتھ ساتھ ہاتھ کو بھی تر کر رہے تھے۔

"لیکن کیوں؟"
وہ بےبسی سے گویا ہوا۔
کوئی اپنی جوان بہن کی شادی کسی بوڑھے آدمی سے "
"کیوں کرے گا؟

وہ آنکھوں میں اشک لئے اس سے سوال کر رہی تھی۔
چند لمحے وہ اس کی سرخ درد بھری آنکھوں میں دیکھتا رہا پھر چہرہ جھکا گیا۔
" ...یہ غلط ہے"
وہ بڑبڑاتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

" ...تھینک یو"
وہ آہستہ سے بولی۔
" ...نہیں ضرورت نہیں"
وہ نفی میں سر ہلاتا دروازے کے پاس آ گیا۔

دماغ ابھی تک اس کی کربناک آنکھوں میں الجھا ہوا تھا۔
وہ بیس سالہ معصوم سی لڑکی اس سب کی حقدار نہیں تھی۔
"کیا غربت یہ سب کروا لیتی ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خود کلامی کر رہا تھا۔

" ...سوری ڈسپنسری پر رش تھا"
عمر اندر آتا ہوا بولا۔
" ..کوئی بات نہیں"
وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا کوریڈور میں آ گیا۔
سب کے چہرے غم کی داستاں بنے ہوئے تھے۔
وہ ایک کونے میں بیٹھ گیا۔
دماغ سوچوں میں الجھا ہوا تھا۔
ڈاکٹر وائز کے کمرے سے باہر نکلے تو زرش کھڑی ہو گئی۔

"کیا میں مل سکتی ہوں؟"
وہ التجائیہ نظروں سے دیکھ رہی تھی۔
آنکھ کے پپوٹے سوجھ چکے تھے۔
جی مل سکتی ہیں لیکن خیال رہے زیادہ بات نہ کریں ان "
" ...سے
وہ مسکراتے ہوئے احسن کو اشارہ کرتے اپنے کیبن کی سمت چل دئیے۔

Page 265

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ان کے عقب میں چلنے لگا۔
"کیسی طبیعت ہے اب وائز کی؟"
وہ دروازہ بند کرتا ہوا بولا۔

کل سے بہتر ہے۔ اب وہ خطرے سے باہر ہے لیکن پھر "
" ...بھی محتاط رہنا چاہیے
وہ مسکرا کر کہتے چئیر پر بیٹھ گئے۔

جی ٹھیک ہے اور اس کی صحت پر اس ایکسیڈنٹ کا کوئی "
"اثر تو نہیں پڑے گا؟
اسے خدشہ لاحق ہوا۔
نہیں فلحال تو ان کی پوری باڈی ٹھیک ریسپانس کر رہی "
"ہے۔ آپ چیک اپ کے لئے آتے رہنا۔
وہ اس کی فائل کو دیکھتے ہوئے بولے۔

" ...ٹھیک ہے"
وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔
زرش خاموشی سے اسے دیکھ رہی تھی جس کے چہرے پر
ابھی بھی آکسیجن ماسک لگا ہوا تھا۔
نرس اسے دیکھ کر باہر نکل گئی۔
وہ اسے دیکھتی سٹول پر بیٹھ گئی۔

آنکھوں میں پھر سے نمی تیرنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...آئم سوری وائز"
وہ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتی ہوئی بولی۔
اس کے لمس پر وائز نے آنکھیں کھول دیں۔
وہ آنکھوں میں حیرت سموئے اسے دیکھ رہا تھا۔

"تم؟"
وہ آکسیجن ماسک ہٹاتا ہوا بولا۔
" ...پلیز تم جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ"
وہ اشک بہاتی بول رہی تھی۔
چہرہ جھکا ہوا تھا۔

وائز کے چہرے پر دلکش مسکراہٹ رینگ گئی۔
"کیوں؟"
وہ دلچسپی سے اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ دیکھ رہا تھا۔
"کیوں؟"
وہ تعجب سے زیر لب دہراتی اسے دیکھنے لگی۔

"اب سزا سے کیوں بچا لیا مجھے؟"
وہ جیسے لطف لے رہا تھا۔
" ...میں نے تمہیں معاف کر دیا تھا لیکن بیچ میں وہ سب"
وہ مجرمانہ انداز میں بول رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا کہا تم نے؟"
اس نے جیسے سنا نہیں یا پھر دوبارہ سننا چاہتا تھا۔
" ...تم سن چکے ہو"
وہ نگاہیں اٹھا کر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔
"ہاں لیکن میں دوبارہ سننا چاہتا ہوں۔"
وہ معدوم سا مسکرایا۔

"کیا؟"
وہ معصومیت سے اسے دیکھ رہی تھی۔
وہ گھورتا ہوا اٹھنے کی سعی کرنے لگا۔
" ...نہیں لیٹے رہو تم"
وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

" ...تم نے مجھے معاف نہیں کیا"
وہ رخ موڑتا ہوا بولا۔
وائز میں نے تمہیں معاف کر دیا ہے... آج نہیں پہلے ہی "
"لیکن کہا نہیں۔
وہ سر جھکا کر ندامت سے بولی۔
وہ سانس خارج کرتا چھت کو دیکھنے لگا۔

جیسے کوئی بوجھ اس پر سے ہٹا لیا گیا ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"انسان کے ضمیر پو بوجھ ہو تو وہ زندہ نہیں رہ سکتا۔"
وہ آہستہ سے بول رہا تھا۔
" ...پلیز تم بس ٹھیک ہو جاؤ"
وہ ہاتھ کی پشت سے رخسار صاف کرتی ہوئی بولی۔

"کیوں؟ تاکہ تمہیں میری خدمت نہ کرنی پڑے؟"
وہ سانس لینے کو رکا۔
نہیں ایسی کوئی بات نہیں...میں تمہیں اس حال میں نہیں "
"دیکھ سکتی اور اب تم زیادہ بات مت کرو۔
وہ آکسیجن ماسک اس کے چہرے پر لگاتی ہوئی بولی۔

وہ مسکرا کر اسے دیکھنے لگا۔
" ...میں یہیں ہوں تمہارے پاس"
وہ اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔
وہ پرسکون سا ہو کر آنکھیں بند کر گیا۔

"کیا کہا ڈاکٹر نے؟"
جنید صاحب اس کے پاس آتے ہوئے بولے۔
"بہتر ہے اب... لیکن ابھی کچھ دن ہاسپٹل میں رہے گا وہ۔"
احسن عقب میں دیکھتا ہوا بولا۔

"...اللہ کا شکر ہے اس کی طبیعت سنبھلی "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بولتے ہوئے رضی حیات کے پاس آ گئے۔
فیض حیات بھی انہی کے پاس بیٹھے تھے۔
احسن دروازے کی جانب بڑھ گیا۔

"حیا؟"
وہ اسے پکارتا تیز قدم اٹھانے لگا۔
وہ رخ موڑ کر اسے دیکھنے لگی۔
سرخ اور نیلے نشانات ابھی تک اس کے چہرے کی زینت بنے ہوئے تھے۔

"تم اسے گھر لے جا رہے ہو؟"
اب وہ عمر سے مخاطب تھا۔
" ...ہاں ظاہر ہے گھر ہی جانا ہے"
وہ آسودگی سے بولا۔
"نہیں... ایسا کرو تم اسے ہاسپٹل ہی رکھو۔"
وہ پرسوچ انداز میں بولا۔

" یار اتنے پیسے نہیں ہیں میرے پاس... اور کب تک ہاسپٹل رکھیں گے حیا کو ایک دن تو گھر جانا ہی ہے۔"
وہ بےبسی سے گویا ہوا۔
" بل میں دیکھ لوں گا لیکن تم اسے ابھی گھر مت لے کر جاؤ..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے شانے پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

حیا الجھ کر اسے دیکھ رہی تھی۔
یہ کیوں مہربان ہو رہا ہے؟
وہ کہنا چاہتی تھی لیکن خاموش رہی۔
وہ ایک نظر حیا پر ڈالتا اندر کی جانب چلنے لگا۔

" ....چلو حیا"
عمر اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
وہ خاموشی سے اس کے ساتھ اندر کی جانب چلنے لگی۔
شاید وہ بھی گھر نہیں جانا چاہتی تھی
وہ کوریڈور میں آیا تو نظر نور پر پڑی جو اپنی امی کے ساتھ بیٹھی تھی۔
وہ خاموشی سے وائز کے کمرے میں آ گیا۔
"ہاں جی شوق پورا ہو گیا آپ کا؟"
وہ وائز کو گھورتا ہوا بولا۔
وہ آنکھیں کھول کر اسے دیکھنے لگا۔

"میں نے سوچا کچھ میری بھی خدمت ہونی چائیے۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
اچھا طریقہ ہے خدمت کروانے کا... بھابھی آپ کی امی آئی " ہیں کھانا لے کر۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کہتا ہوا سائیڈ پر بیٹھ گیا۔
" ...اچھا"
مختصر سا جواب آیا۔

" ...جاؤ تم"
وائز زرش کو دیکھتا ہوا بولا۔
" ...چلی جاؤں گی"
وہ اثبات میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔
" ...ابھی جاؤ پتہ نہیں کب سے بھوکی ہو"
وہ فکرمند ہوا۔

احسن دھیرے سے مسکرانے لگا۔
"جائیں بھابھی میں اس کے پاس ہوں۔"
اس نے عقب سے ہانک لگائی۔
وہ نا چاہتے ہوئے بھی چلی گئی۔

"سانس اب ٹھیک آ رہا ہے؟"
وہ اس کے پاس آتا ہوا بولا۔
اس نے آہستہ سے سر کو خم دیا۔
" پھر کب تک گھر جانے کا ارادہ ہے؟ اب تو آکسیجن ماسک بھی ہٹا دیا۔ ویسے آپ نے ہمیں ہارٹ اٹیک دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بولتا ہوا بیٹھ گیا۔

"مجھے خود بھی امید نہیں تھی۔"
وہ نم آنکھوں سے دیکھتا ہوا مسکرایا۔
وہ نظروں کا زاویہ موڑتا مسکرانے لگا۔
~~~~~~~~
" امی آپ کیوں ضد کر رہی ہیں؟ ایک دو دن تک مل جائے گی چھٹی..."
وہ فون کان سے لگائے بول رہا تھا۔
" میرا بیٹا ہسپتال میں ہے میں کیسے سکون سے بیٹھی رہوں؟"
وہ روہانسی ہو گئی۔

" امی آپ صبح مل کر گئیں ہیں وائز سے..."
وہ جیسے یاد دہانی کروا رہا تھا۔
"ہاں تو کیا ہو گیا..."
وہ خفگی سے بولیں۔

" بس بہت کر لی تم نے بات لاؤ اِدھر دو ہمیں فون..."
رضی حیات کی گرج دار آواز گونجی۔
وہ گھبرا کر فون انہیں دیتی وہاں سے غائب ہو گئیں۔
"ہاں کیسی طبیعت ہے وائز کی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ فون کان سے لگاتے ہوئے بولے۔

" ...ان شاءاللہ ایک دو دن تک چھٹی مل جائے گی"
وہ ٹہلتا ہوا بولا۔
"ٹھیک ہے ہم نکلتے ہیں پھر... تمہیں کیا کام تھا؟"
وہ پیشانی پر بل ڈالتے ہوئے بولے۔
"نہایت اہم کام ہے... آپ آئیں گے تو بتاؤں گا۔"
وہ لب کاٹتا ہوا بولا۔

"....اچھا چلو ٹھیک ہے پھر انتظار کرو ہمارا"
کہتے ساتھ ہی فون بند ہو گیا۔
وہ وائز کے کمرے میں آیا تو زرش اسے سوپ پلا رہی تھی۔
"تم نے زرش کو گھر کیوں نہیں بھیجا؟"
وہ اسے دیکھتا گرجا۔

" بلکل ٹھیک ہوئے نہیں اور پہلے والی ٹون میں واپس آ گئے..."
وہ مصنوعی خفگی سے کہتا بیڈ کے پاس آ گیا۔
وائز نے گھورنے پر اکتفا کیا۔

" میں کیا کرتا آپ کی بیگم ضد کی پکی ہیں کسی نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...سنتی
وہ کانوں کو ہاتھ لگاتا ہوا بولا۔
"...تمہیں میری بات سننی ہے زرش کی نہیں"
وہ زور دے کر بولا۔

"وائز میں کیسے چلی جاؤں؟"
وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔
تمہارا خیال رکھنا بھی ضروری ہے اور میں کچھ نہیں "
"سنوں گا۔
وہ چہرے پر سختی طاری کئے اسے دیکھ رہا تھا۔

" ...نہیں"
وہ دھیرے سے منمنائی۔
" ...تم دوبارہ اس کمرے میں نہیں آؤں گی"
وہ انگلی اٹھا کر بولا۔
زرش ہکا بکا سی اسے دیکھنے لگی۔

"وائز یہ سب کیا؟"
وہ ششدر سی بولی۔
" ...یہ بھی لے جاؤ مجھے نہیں کھانا"
وہ بےرخی سے بولا۔
وہ نفی میں سر ہلاتی وہاں سے چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن جو تب سے خاموش تھا اب بول پڑا۔
"یہ سب کیوں؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
اس حالت میں اس کا ہاسپٹل میں رہنا ٹھیک نہیں... میں "
"جانتا ہوں وہ ایسے ہی سمجھے گی۔
وہ خفا انداز میں بولا۔

"لیکن آپ انہیں نرمی سمجھا سکتے تھے۔"
" ...نہیں مانتی وہ ایسے جانتا ہوں اچھے سے میں"
وہ احسن کو دیکھتا ہوا بولا۔
" ...چلیں پھر بابا سائیں کے ساتھ بھیج دوں گا آج انہیں"
وہ اثبات میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

میں نہیں چاہتا اتنے قریب آ کر کوئی مسئلہ در پیش آئے... "
میرے لئے میری بیوی اور بچہ مجھ سے بھی پہلے ہیں۔ میں
تو اب ٹھیک ہوں ایک دو دن تک گھر چلا جاؤں گا پھر اس
"کے پاس ہی رہنا ہے اور مجھے کہاں جانا ہے؟
وہ تکیے سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

"ٹھیک کہہ رہے ہیں آپ.... میں انہیں دیکھتا ہوں۔"
وہ دروازے کی جانب قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ ٹھیک ہیں؟"
وہ باہر نکلتا ہوا بولا۔
وہ سر جھکائے بیٹھی تھی۔

"بھابھی؟"
اسے خاموش پا کر وہ پھر سے بولا۔
"ہممم ٹھیک ہوں۔ بابا سائیں کب آئیں گے؟"
اس کی آواز بھرائی ہوئی تھی جو رونے کی چغلی کھا رہی تھی۔

" ...نکل گئے ہوں گے اب تک"
وہ گھڑی پر نظر ڈالتا ہوا بولا۔
" ...آپ یہیں پر رہنا مجھے کچھ کام سے جانا ہے"
وہ جیب میں ہاتھ ڈالے اسے دیکھ رہا تھا۔

" ..تم فکر مت کرو"
وہ سنبھل چکی تھی۔
وہ مسکراتا ہوا چل دیا۔
~~~~~~~~

" احسن کب تک حیا یہاں رہے گی؟ اب تو اس کے زخم بھی مندمل ہو گئے ہیں...."
وہ پریشان تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

احسن اثبات میں سر ہلاتا حیا کو دیکھنے لگا۔

" ...چلو میں تم دونوں کو چھوڑ دیتا ہوں"
وہ باری باری دونوں کو دیکھتا ہوا بولا۔
" ...نہیں ہم چلے جائیں گے"
عمر نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔
"مجھے ساتھ جانا ہے۔"
وہ ایک نظر اس پر ڈالتا دروازے کی جانب بڑھ گیا۔

عمر شانے اچکاتا حیا کو اشارہ کرتا دروازے کی جانب بڑھنے لگا۔
گاڑی تنگ و تاریک گلیوں سے گزر رہی تھی۔
" ...یہاں سے آگے گاڑی نہیں جائے گی"
حیا جو پچھلی نشست پر بیٹھی تھی سامنے دیکھتی ہوئی بولی۔
"ٹھیک ہے۔"
وہ بیک مرر میں حیا کو دیکھتا ہوا بولا۔

وہ دونوں شکریہ ادا کرتے باہر نکل گئے۔
احسن گاڑی لاک کرتا ان کے عقب میں چلنے لگا۔
"تم کیوں آ رہے ہو؟"
حیا قدموں کی آہٹ پر گردن گھما کر اسے دیکھنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...مجھے کچھ کام ہے"
وہ کہتا ہوا ان سے آگے نکل گیا۔

عمر لاعلمی ظاہر کرتا اس کے ہمراہ چلنے لگا۔
" ...لے آئے ہو اس جاہل کو"
گھر میں قدم رکھتے ہی زاہد کی آواز سنائی دی۔
کون سا ظلم کر دیا تھا جو اتنے دن ہاسپٹل سے نہیں نکلی "
"یہ؟
وہ عمر کو دیکھتا ہوا دھاڑا۔

بیرونی دروازہ کھلا تھا۔
احسن اس معمولی سے گھر کو دیکھتا اندر آ گیا۔
"کون ہو تم بھائی؟"
اس سے قبل کہ عمر کچھ بولتا زاہد پیشانی پر بل ڈالے احسن کو دیکھنے لگا۔

" ...مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے"
وہ وہاں موجود افراد کو دیکھتا آگے بڑھنا لگا۔
" ...ہم تو نہیں جانتے تمہیں"
نہایت بداخلاقی سے جواب آیا۔

" ...میں حیا سے شادی کرنا چاہتا ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے گویا بم پھوڑا۔
سب کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔
حیا گردن گھما کر پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھنے لگی۔

"کون سا عاشق ہے یہ تیرا؟ کیا کرتی پھر رہی ہے تو؟"
وہ حیا کو بالوں سے دبوچتا ہوا بولا۔
" ...بھائی میں نہیں جانتی یہ کیوں ایسا بول رہا ہے"
وہ درد سے کراہتی ہوئی بولی۔

حیا کی ماں ایک کونے میں کھڑی آہیں بھر رہی تھی۔
"....حیا کا اس میں کوئی قصور نہیں"
وہ زاہد کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
وہ آنکھیں سکیڑے اسے دیکھنے لگا۔

"....تم تو"
وہ پہچاننے کی سعی کر رہا تھا۔
" میں رضی حیات کا چھوٹا بیٹا ہوں... آپ حیا کی شادی مجھ سے کر دیں۔"
وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتا ہوا بولا۔

"کیوں؟ تم کیوں میری بہن سے شادی کرنا چاہتے ہو؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تفتیشی انداز میں بولا۔
"مجھ سے زیادہ پیسہ اس ساٹھ سال کے آدمی کے پاس نہیں ہوگا۔ لیکن دوبارہ حیا کو ہاتھ بھی نہیں لگاؤ گے تم ..."
وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"اوہ.. تو اس نے تمہیں کہانی سنائی ہے؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
"مجھے اس سب سے کچھ نہیں لینا دینا... جواب چاہیے میرے بابا سائیں آ رہے ہیں اگر ہاں تو میں مولوی صاحب کو ساتھ لے کر آؤں؟"
وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

حیا کبھی زاہد کو دیکھتی تو کبھی احسن کو۔
آخر تم کیوں یہ سب کر رہے ہو؟ وہ پوچھنا چاہتی تھی لیکن زاہد کے سامنے بول نہ سکی۔
"ہمم ٹھیک ہے مجھے منظور ہے۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

"کچھ ہی دیر میں آؤں گا نکاح کی تیاری کر لینا۔"
احسن ایک نظر حیا پر ڈالتا باہر نکل گیا۔
"سچ سچ بتانا یہ عاشق ہے نہ تمہارا؟"
وہ حیا کی بازو پکڑتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ....بھائی مجھے درد ہو رہا ہے"
وہ اس کے زخم پر ہاتھ رکھے ہوئے تھا۔
"....چھوڑ دو اب تو اس کی جان"
صفیہ دونوں کے وسط میں آتی ہوئی بولی۔

" امی ہٹ جائیں آپ میں اس بے غیرت سے پوچھ کے رہوں گا..."
وہ بل کھاتا ہوا بولا۔
عمر خاموش تماشائی بنا ہوا تھا۔

" ایک ہی بار میرا گلا کیوں نہیں دبا دیتے آپ.... اس کے بعد بھی دل نہ بھرے تو میری قبر پر لکھ دیتا باقی کی تکلیفیں۔"
وہ ضبط کی انتہا پر کھڑی چلا رہی تھی۔

" حیا خاموش ہوجاؤ خدا کے واسطے..."
صفیہ اس کے سامنے ہاتھ جوڑتی ہوئی بولی۔
"میرے آگے زبان چلاؤ گی تم؟ اتنی ہمت آ گئی ہے؟"
وہ آگے بڑھتا ہوا بولا۔

" خدا کے لئے بس کر دو... ہر روز ایک نیا تماشا کھڑا کیا ہوتا ہے تم لوگوں نے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پھٹ پڑیں۔
" اپنی اس آوارہ بیٹی کو سمجھا لیں خود ہی ورنہ میں خود سمجھا لوں گا۔"
وہ قہر آلود نظر ڈالتا باہر نکل گیا۔

حیا ہچکیاں لیتی کمرے میں بھاگ گئی۔
"عمر وہ کیوں حیا سے شادی کرنا چاہتا ہے؟"
صفیہ اشک صاف کرتی ہوئی بولی۔

" تائی امی وہ ہمارا کلاس فیلو ہے... لیکن مجھے بھی سمجھ نہیں آیا وہ کیوں حیا سے شادی کرنا چاہتا ہے؟"
وہ لاعلمی سے شانے اچکاتا ہوا بولا۔
" اچھا اتنے دن ہاسپٹل میں کیوں رہے؟ خرچا کہاں سے کیا تم نے؟"
وہ تشویش سے بولیں۔

"احسن نے کیا خرچا... وہ جو ابھی آیا تھا نہ۔"
وہ کمرے کی جانب دیکھتا ہوا بولا۔
" چلو اللہ تمہیں خوش رکھے تم ہمیشہ برے وقت میں ہمارے کام آئے ہو۔"
وہ اس کے سر پر پیار دیتی ہوئی بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...بس تائی امی آپ کی دعا چاہیے"
وہ کہتا ہوا منہ دھونے چل دیا۔
"میں سالن گرم کر دیتی ہوں روٹی کھا لو تم... اس بھاگ دوڑ میں تھک گئے ہو گے۔"
وہ فکر سے کہتی باورچی خانے میں چلی گئی۔
~~~~~~~~

"میں نے تمہیں یہاں سے جانے کو بولا تھا؟"
وہ سوالیہ نظروں سے زرش کو دیکھ رہا تھا۔
"تم کیسے میرے ساتھ اتنے تلخ ہو سکتے ہو؟"
وہ شکوہ کناں نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"تمہاری بھلائی کے لئے... اس وقت تمہیں اپنا خیال رکھنا چاہیے اور یہ میری صحت سے زیادہ اہم ہے کیونکہ تمہارے ساتھ ایک اور جان بھی جڑی ہے۔"
اب کہ وہ نرمی سے بولا۔

"لیکن میں کیسے چلی جاؤں تمہیں چھوڑ کر ؟"
وہ چہرہ جھکا کر بولی۔
".. تم کہو گی تو کل ہی آ جاؤں گا"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

"نہیں جب تک ڈاکٹر چھٹی نہیں دیں گے تم گھر نہیں آؤ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...گے
وہ نفی میں سر ہلاتی قطعیت سے بولی۔
" اچھا تم اس دن کیا کہہ رہی تھی؟ کہ میں نے معاف کر دیا
"تھا لیکن بیچ میں؟ کیا بیچ میں؟
وہ الجھا ہوا تھا۔

" وہ کسی نے انجان نمبر سے مجھے تمہاری ویڈیو اور
"...تصویریں بھیجی تھیں
وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔
"فون دو اپنا؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"کیا کرو گے تم؟"
وہ فون اس کے ہاتھ پر رکھتی ہوئی بولی۔
" ...ٹھیک ہے یہ لو"
وہ نمبر اپنے فون میں سیو کرتا ہوا بولا۔

" اب تم گھر جاؤ اور آرام کرو.... جب میری یاد آئے تو کال
"کر لینا, لیکن صرف ویڈیو کال کی اجازت دوں گا میں۔
وہ تیکھے تیور لئے بولا۔
"کیوں؟"
وہ پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری مرضی... جیل میں تمہاری یاد بہت شدت سے آتی "
"تھی۔
وہ اس کے ہاتھ کی پشت اپنی آنکھوں پر رکھتا ہوا بولا۔
زرش کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔
" ...آئم سوری"
وہ نادم تھی۔

"کس لیے؟"
وہ اسی پوزیشن میں بولا۔
" ...تمہیں تکلیف دینے کے لئے"
وہ لب کاٹتی ہوئی بولی۔

ہاں حساب کتاب ہم گھر جا کر کریں گے... یہ جگہ کچھ "
"اچھی نہیں۔
وہ ناک چڑھاتا ہوا بولا۔
"بہو چلیں؟"
رضی حیات دروازہ کھولتے ہوئے بولے۔

" ...جی"
وہ بولتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔
" ...گھر پہنچ کر مجھے کال کر دینا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کا ہاتھ اپنی گرفت سے آزاد کرتا ہوا بولا۔

" ...تم پلیز اپنا خیال رکھنا"
وہ کہتی ہوئی دروازے کی جانب بڑھنے لگی۔
وہ مسکرا کر سر کو خم دیتا اسے جاتا دیکھنے لگا۔

"بابا سائیں آپ کسی کام سے گئے تھے؟"
زرش گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی۔
" ہاں تمہارے دیور کا نکاح پڑھوانے گئے تھے.. دونوں بیٹوں کے نکاح عجیب ہی حالات میں ہوئے ہیں۔"
وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولے۔

"احسن کا نکاح؟"
وہ تعجب سے انہیں دیکھنے لگی۔
" ہاں لمبی کہانی ہے... حویلی جا کر سب کے ساتھ سناؤں گا تمہیں بھی۔"
وہ مسکراتے ہوئے بولے۔

" ...جی بہتر"
وہ چہرہ موڑ کر شیشے سے پار دیکھنے لگی۔
رات کی سیاہی نے ہر شے کو سیاہ کر رکھا تھا۔
یہ سیاہی زندگی پر چھائی سیاہی کے مانند تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

حیا کھڑکی میں بیٹھی اس تاریک رات کو دیکھ رہی تھی۔
زندگی عجیب سے عجیب ہوتی جا رہی تھی یا اسے ایسا معلوم ہو رہا تھا۔

چند گھڑیوں میں وہ حیا رزاق سے حیا احسن بن چکی تھی۔
وہ دائیں ہاتھ سے بائیں بازو کے زخم کو دیکھنے لگی۔
تکلیف کے باعث اس نے آنکھیں میچ لیں۔
" کیا آج رات کی سیاہی میری زندگی کی سیاہی کو ختم کر دے گی؟کیا یہ اذیت کا اختتام ہے یا ایک نئے کرب کی ابتدا؟"

وہ تاریک آسمان کو دیکھتی بول رہی تھی۔
چاند بادلوں کی اوٹ میں تھا جس کے باعث سیاہی اپنے عروج پر تھی۔
تاریکی میں بھاگتے بھاگتے شاید ہماری آنکھوں کی بینائی ہی چلی جاتی تھی۔ تبھی ہماری آنکھیں اچھا برا دیکھنے سے محروم رہ جاتی ہیں۔

" کیا وجہ ہو گی جو احسن نے مجھ سے نکاح کیا؟ اس کو کیا مجبوری در پیش آئی جو مجھ جیسی لڑکی کو اپنی بیوی بنا لیا؟"
دماغ میں وسوسے جنم لے رہے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور یہ وسوسے اس کا دل دہلانے کو بہت تھے۔
"....پتہ نہیں کیا ہوگا؟ اگر اس نے بھی بھائی کی طرح"
وہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔
اس سے آگے اس سے بولا نہیں گیا۔
~~~~~~~~

" ...ہمارا شیر"
رضی حیات اسے سینے سے لگاتے ہوئے بولے جس کی نگاہیں زرش پر تھیں۔
" ...ابھی آپ کا شیر زخمی ہے"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

" ...زخمی شیر زیادہ خطرناک ہوتا ہے"
وہ اسے بازو سے پکڑ کر بولے۔
زرش دوہری کیفیت میں تھی اس کے آنے کی خوشی لیکن اسے دیکھ کر تکلیف ہو رہی تھی۔
بےشک یہی زندگی تھی۔

"کیسی ہو؟"
وہ سب سے آخر میں زرش کے سامنے آیا۔
"تم کیسے ہو؟ احسن نے اچھے سے تمہارا خیال رکھا نہ؟"
وہ بےتابی سے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"تمہارے سامنے ہوں... بیٹھ جاؤ۔"
وہ اشارہ کرتا صوفے پر بیٹھ گیا۔
" ...بال خراب کر دئیے میرے"
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا جو عقب سے غائب تھے۔
آپریشن کے باعث اس کے بال کاٹ دئیے گئے تھے۔

" ...ہاں تو آ جائیں گے"
رضی حیات خفگی سے بولے۔
" ...شیو دیکھو ذرا اپنی"
وہ ہنکار بھرتے ہوئے بولے۔

"....یہ تو وائز رضی حیات کا غرور ہے"
وہ بڑھی ہوئی شیو پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔
ثوبیہ کو سانپ سونگھا ہوا تھا۔
وہ ناخوش تھی اور یہ اس کے چہرے سے عیاں تھا۔
" یہ احسن کی شادی بھی آپ نے اچانک ہی کر دی... وہ بھی
"پتہ نہیں کس خاندان میں۔
ثوبیہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔
" یہ میرے بیٹوں کے فیصلے ہیں زندگی انہیں گزارنی ہے
" ...کسی اور نے نہیں
وہ تلملا اٹھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ثوبیہ"
فیض حیات تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے بولے۔
"تم دونوں اب یہیں رہو گے؟"
اب وہ وائز اور زرش کو دیکھ رہی تھی۔
" ...جی فلحال تو یہی ارادہ ہے"
وہ صوفے سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

"بیٹا ڈاکٹر کو چیک کروانے جانا ہوگا نہ؟"
گل ناز بیگم اس کے سامنے بیٹھتی ہوئی بولیں۔
ظاہر ہے جانا تو پڑے گا ابھی تمام زخم مندمل نہیں ہوئے... "
"وقت کے ساتھ ہی بھریں گے۔
وہ رضی حیات اور احسن کو دیکھتا ہوا بولا جو آپس میں محو گفتگو تھے۔

" ...میں تمہارا کھانا دیکھتی ہوں"
وہ کہتی ہوئی چلی گئیں۔
آہستہ آہستہ سب وہاں سے منتشر ہو گئے۔

"بابا سائیں کچھ بات کر سکتی ہوں؟"
وہ دروازے پر دستک دیتی اجازت طلب نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ارے بہو... ہاں کیوں نہیں آ جاؤ۔"
وہ چشمہ اتارتے ہوئے بولے۔

وہ مسکراتی ہوئی ان کے سامنے بیٹھ گئی۔
"آپ برا تو نہیں منائیں گے؟"
وہ متفکر تھی۔
"نہیں....تم پوچھ لو کیا پوچھنا چاہتی ہو؟"
وہ شفقت سے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولے۔

" بابا سائیں آپ نے وائز کا نکاح مجھ سے کروا دیا حالانکہ اگر آپ چاہتے تو ایسا نہ کرواتے آپ طاقت ور لوگ ہیں کیس کو آسانی سے دبا سکتے تھے لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا..."
وہ الجھ کر انہیں دیکھنے لگی۔

"ہاں ہم سمجھ گئے... تم احسن کے نکاح پر ششدر ہو نہ؟"
وہ مسکراتے ہوئے بولے۔
"...جی"
وہ خفیف سی ہو گئی۔

" بیٹا آج سے بیس سال پہلے ہماری بہن کو کسی نے نشانہ بنایا تھا بلکل تمہاری طرح... لیکن وہ زندہ نہیں رہ سکی چند

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....!دن بعد چل بسی... ایک ہی بہن تھی ہماری
وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولے۔
زرش انہماک سے انہیں سن رہی تھی۔

" جب تمہیں ہم نے ہسپتال میں دیکھا تو اپنی بہن یاد آ گئی۔ ہم
نہیں چاہتے تھے پھر سے کسی آنگن کا ویران ہو جائے,
" ...کسی بھائی کی بہن دور ہو جائے اس سے
وہ آنکھوں میں امڈ آنے والی نمی کو صاف کرتے ہوئے
بولے۔

" ...اسی لئے آپ نے تبھی میرا نکاح کروا دیا"
وہ کسی ٹرانس کی سی کیفیت میں بولی۔
وہ اثبات میں سر ہلانے لگے۔
"اور حیا؟"
وہ آہستہ سے بولی۔

" احسن کی خاطر پہلے ہم نے نور کا رشتہ مانگا تھا لیکن
اس کے باپ نے انکار کر دیا اور کہا کہ وہ اپنی بہن کے
گھر کرنا چاہتا ہے نور کا رشتہ اس لئے دوبارہ بات کر کے
ہم رشتہ داری خراب نہ کریں۔ سدرہ ہماری پسند تھی جس
" ...کے لئے احسن مان گیا
وہ لمحہ بھر کو خاموش ہوئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پھر؟"
وہ جیسے سننا چاہتی تھی۔
" وہ بہت آزاد خیال تھی... اس حویلی میں رہ نہیں سکتی تھی
اس لئے جب احسن نے حیا کے لئے خواہش ظاہر کی اور
بتایا کہ اس بچی پر کیسے ظلم ہو رہا ہے تو ہم نے حامی
بھر لی... خدا نے ہمارا اور ہمارے بیٹے کا دل نرم کر دیا
"اسی لئے اسے اس ظلم سے بچا لیا۔
وہ پانی کا گلاس اٹھاتے خاموش ہو گئے۔

" ...آپ بہت اچھے دل کے مالک ہیں"
وہ آنکھوں میں نمی لئے بولی۔
" یہ خدا کے کام ہوتے ہیں اس واقعے کے بعد خدا نے
" ...ہمارے دل میں نرمی ڈال دی ورنہ ہم بھی بس
وہ بات ادھوری چھوڑ گئے۔

"وائز کمرے میں ہے؟"
انہوں نے بات کا رخ موڑا۔
"جی.. بس اسی کے پاس ہی جا رہی تھی۔"
وہ کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔

" ...اب اس کا خیال رکھنا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسکراتے ہوئے چشمہ لگانے لگے۔
" ...جی"
وہ کہتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی۔

"تم ڈاکٹر کے پاس گئی تھی؟"
وہ واش روم سے باہر نکلتا ہوا بولا۔
"ہاں... کہہ رہی تھیں سب ٹھیک ہے۔"
وہ دراز میں ہاتھ مارتی ہوئی بولی۔

"...تم کھانا کھا لو پھر واک کے لئے چلتے ہیں"
وہ تولیہ صوفے پر پھینکتا ہوا بولا۔
اس سے قبل کہ زرش نوالہ منہ میں ڈالتی ملازمہ ہانپتی ہوئی اندر آئی۔

"عقل کہاں مر گئی ہے تمہاری؟"
وائز اسے اندر آتے دیکھ کر چلایا۔
" ...بڑے صاحب اس کھانے میں کوئی دوائی ہے"
وہ لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔

"کون سی دوائی؟"
وہ زرش کا منہ میں جاتا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
پتہ نہیں ثوبیہ بی بی نے مجھے باہر بھیج دیا تھا اور جب "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں واپس باورچی خانے میں گئی تو کوڑے دان میں یہ شیشی پڑی تھی..."
وہ ہاتھ میں پکڑی بوتل اس کے سامنے کرتی ہوئی بولی۔

اس پر کوئی ٹیگ وغیرہ نہیں تھا یقیناً اس نے اتار دیا ہوگا۔
"...پھینکو اس کھانے کو"
وہ درشتی سے کہتا زرش کا ہاتھ پکڑ کر باہر کی جانب چلنے لگا۔

"وائز یہ سب کیا؟"
وہ ہکا بکا سی اس کے ہمراہ چل رہی تھی۔
"...تم خاموش رہو میں دیکھ لوں گا"
وہ لاؤنج میں آتا ہوا بولا۔

"امی چاچی کہاں ہیں؟"
وہ گھورتا ہوا بولا۔
گردن کی رگیں تنی ہوئی تھیں, چہرے پر بلا کی سختی تھی۔
"...وہ پتہ نہیں اپنے کمرے میں ہو گی"
وہ وائز کے غصے کو دیکھ کر گھبرا گئی۔

"چاچی باہر آئیں؟"
وہ حلق کے بل چلایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا ہو گیا کس بات پر شور مچا رہے ہو؟"
فیض حیات کمرے سے باہر نکلتے ہوئے بولے۔

" ...چاچی کو بلائیں"
وہ چبا چبا کر بولا۔
"ہاں بولو؟"
وہ کمرے سے نکل کر اس کے سامنے آتی ہوئی بولی۔
"شرم نہیں آتی آپ کو؟"
...وہ اس پر دھاڑا

"یہ کیا طریقہ ہے بات کرنے کا؟"
فیض حیات تلملا اٹھے۔
" آپ سے ہماری خوشی برداشت نہیں ہوئی؟ کتنے کند ذہن کی مالک ہیں آپ؟ میرے بچے کو مارنا چاہتی تھیں؟"
وہ فیض حیات کو نظرانداز کرتا ثوبیہ سے مخاطب تھا۔

" ...کیا ہو گیا کچھ بتاؤ تو سہی"
رضی حیات خفگی سے بولتے ہوئے اس کے پاس آئے۔
" آپ خود پوچھ لیں ان سے کیوں میرے بچے کو مارنا چاہتی ہیں یہ؟ بلکہ پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں ہے میں بتا دیتا ہوں... انہیں فکر ہے کہ اگر میرا بیٹا پیدا ہوا تو اس گھر کا وارث آ جائے گا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

نظریں ابھی تک ثوبیہ پر تھیں۔
زرش لب کاٹتی ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔
"یہ کیا سن رہے ہیں ہم؟"
وہ باری باری ثوبیہ اور فیض کو دیکھتے ہوئے بولے۔

" جھوٹا الزام ہے یہ... میں کیوں مارنے لگے اس کے بچے کو۔ ہاں مانتی ہوں مجھے یہ دو کوڑی کی لڑکی ایک آنکھ نہیں بھاتی لیکن..."
"...سوچ سمجھ کر بولیں میری بیوی ہے وہ"
وہ انہیں ٹوکتا ہوا بولا۔

" یہ مت سمجھئے گا آپ کے جو دل میں آئے گا آپ بولیں گیں۔ شادی کی ہے اور اسے عزت بھی میں ہی دلواؤں گا۔ میں دیکھتا ہوں کون میری بیوی کے بارے میں کچھ بولتا ہے..."
وہ سینے پر بازو باندھتا انہیں دیکھنے لگا۔

" بس یہی رہ گیا تھا... کیسی لڑکی ہے یہ بھائی صاحب دیکھیں گھر میں فساد برپا کر دیا ہے۔ کیا ثبوت ہے وائز کے پاس؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ثوبیہ دہائی دیتی ہوئی بولی۔

" یہ ڈرامہ یہاں نہیں چلے گا نہ ہی میں کسی کو اپنے گھر کا سکون برباد کرنے دوں گا۔ جیرو نے بتایا ہے مجھے اور سن لیں بابا سائیں فلحال میں جارہا ہوں... اپنے بچے کو لے کر آؤں گا یہاں۔"

وہ رضی حیات کی جانب گھومتا ہوا بولا۔

" اور ہرگز یہ مت سوچئے گا کہ میں حویلی چھوڑ کر جا رہا ہوں... میں کوئی رسک نہیں لے سکتا اس لئے کچھ وقت کے لیے... صرف کچھ وقت کے لیے۔ واپس یہی آؤں گا اور یہیں رہوں گا دیکھتا ہوں کیسے میری بیوی کے بارے میں کچھ بولتی ہیں آپ..."

وہ ثوبیہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالتا انگلی اٹھا کر بولا۔

وہ تھوک نگلتی فیض حیات کو دیکھنے لگی۔

" بھائی صاحب دیکھیں ذرا کیسے بات کر رہا ہے وائز..."

وہ ثوبیہ کا اشارہ سمجھتے ہوئے بولے۔

" بس... نظر ہمیں بھی آتا ہے...وائز کا فیصلہ درست ہے بچے کی پیدائش تک وہ شہر میں رہے اور اس کے بعد ثوبیہ تم بھول جانا جو رقابت دل میں پال رکھی ہے۔ اس غلطی کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم نظر انداز کر رہے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں تم پھر سے ایسی کوئی غیر اخلاقی حرکت کرو..." وہ ضبط کرتے ہوئے بولے۔

حویلی میں ان کی بلند آواز گونج رہی تھی۔
"لیکن بھائی صاحب..."
فیض حیات کے گھورنے پر وہ خاموش ہو گئی۔
وہ قہر برساتی نظروں سے زرش کو دیکھتی وہ اپنے کمرے کی جانب چل دی۔

"چلو زرش کمرے میں... امی ہمارا سامان تیار کروا دیں۔"
وہ رک کر گل ناز بیگم کو دیکھنے لگا۔
"ہا... ہاں میں کروا دیتی ہوں ابھی۔"
وہ ہڑبڑا کر کہتی ملازمہ کو ہدایات دینے لگی۔

"ہاں نمبر کا کچھ معلوم ہوا؟"
وہ فون کان سے لگاتا رک گیا۔
زرش مڑ کر اسے دیکھنے لگی۔
"تم جاؤ میں آتا ہوں..."
وائز اسپیکر پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

وہ سر ہلاتی چلنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کس کا؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
" ٹھیک ہے فیڈی شکریہ... مجھے معلوم تھا خیر اب سب
"حساب برابر کرنے ہیں۔
وہ تاؤ کھاتا ہوا بولا۔

"...ہاں ملتے ہیں کل یونی چکر لگاؤں گا میں"
وہ کمرے کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔
"ٹھیک ہے پھر بعد میں بات کرتا ہوں۔"
اس نے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔
~~~~~~~~

" ثوبیہ تم کیوں ہم دونوں کے لیے مشکلات کھڑی کر رہی
"ہو؟
وہ جھنجھلا کر بولے۔
"ہاں تو کیا کروں پھر؟"
وہ کاٹ دار لہجے میں بولی۔

" صبر کرو.. اور وائز ہمارے بیٹے جیسا ہے کبھی اس نے
" ....ہمارے ساتھ برا نہیں کیا پھر بھی تم اسی کے بچے کو
وہ ششدر تھے۔
" تم نہیں جانتے وائز کا وارث آ گیا تو بھائی صاحب پوچھیں
" ...گے بھی نہیں ہمیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

" یہ فتور اپنے دماغ سے نکال دو... بھائی صاحب کی ایسی عادت نہیں ورنہ سیاست میں جاتے ہی مجھے الگ کر دیتے..."

وہ آگ بگولہ ہو گئے۔

" ...ہاں مجھے ہی برا کہو تم بھی"

وہ آنسو بہاتی ہوئی بولی۔

" جس سعدیہ کے لئے تم اس گھر کا ماحول خراب کر رہی ہو تمہاری بہن نہیں ہے وہ... اور اب اگر تم نے کوئی الٹی سیدھی حرکت کی تو تم اکیلی ذمہ دار ہو گی, میں کہہ دوں گا بھائی صاحب سے جو کرنا ہے کریں۔"

وہ کہتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گئے۔

" ....عقل ہی نہیں ہے اسے"

وہ تاسف سے کہتی دروازے کو گھورنے لگی۔

~~~~~~~~

"زاہد اسی کا بڑا بھائی جیل میں تھا نہ؟"

صفیہ اس کے سامنے کھانا رکھتی ہوئی بولیں۔

"ہاں کیوں؟"

وہ چہرہ اٹھا کر انہیں دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"میرا مطلب یہ لوگ ٹھیک نہیں لگ رہے... بھائی پر زیادتی کا کیس یہ نجانے کیسا ہو؟"
وہ متفکر سی بولیں۔
"جتنی ہم لوگوں کی اوقات ہے نہ کوئی شہزادہ نہیں ملنے والا تمہاری بیٹی کو... اور ویسے بھی سیاسی لوگ ہیں زمینوں کے علاوہ پیسہ بھی بہت ہوگا..."
وہ نوالہ منہ میں ڈالتا ہوا بولا۔

"لیکن پھر بھی... دنیا تھو تھو کر رہی ہے رضی حیات پر اور تم ان حالات میں... لوگ کیا کہیں گے؟کچھ تو خیال کرو۔"
وہ بیچارگی سے بولیں۔

"تمہیں کہا ہے حیا نظر رکھا کرو... یہ فضول میں میرا دماغ خراب مت کیا کرو اب جاؤ اس گھر کے فیصلے میں لیتا ہوں اور یہی میرا فیصلہ ہے اور اب تو نکاح ہوگیا اب کیا فائدہ...."
وہ ہنکار بھرتا ہوا بولا۔
وہ مایوسی سے سر جھکائے چل دیں۔

~~~~~~~~

"کوئی بھی آئے تم دروازہ مت کھولنا... میں جب آؤں گا تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کال کر دوں گا۔
وہ دروازے میں رک کر اسے ہدایات دینے لگا۔
"ٹھیک ہے... لیکن کیا یہاں کوئی خطرہ ہے؟"
وہ اس کے اس انداز پر پریشان ہو گئی۔

"نہیں خطرہ کوئی نہیں ہے لیکن محتاط رہنا مفید ہوتا ہے۔"
وہ دو انگلیوں سے اس کا رخسار تھپتھپاتا ہوا بولا۔
" ...جلدی آ جانا"
وہ یاس سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"ماسی سے کہنا جب تک میں نہ آؤں وہ جائیں نہ...اوکے؟"
وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔
" ...اوکے"
وہ مسکراتی ہوئی بولی۔

وائز نرم سی مسکراہٹ اچھالتا زینے اترنے لگا۔
وہ لاک کرتی صوفے پر بیٹھ گئی۔
کتنا عجیب ہے یہ سب؟ چاچی کا ہمارے بچے کو مارنا؟ یا "
"اللہ اگر جیرو وقت پر نہ آتی پھر کیا ہوتا؟
وہ منہ پر ہاتھ رکھے خود کلامی کر رہی تھی۔

ہمارے بچے کی حفاظت کرنا... اب کوئی دکھ برداشت نہیں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کر سکتے ہم بہت مشکل سے یہ خوشی نصیب ہوئی ہے۔
آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

گلاس میں پانی انڈیلتی وہ پانی پینے لگی۔
وہ صوفے پر نیم دراز ہوتی وائز کے متعلق سوچنے لگی۔
~~~~~~~~~

"فائنلی تمہاری شکل تو نظر آئی؟"
سعد گرمجوشی سے ملتا ہوا بولا۔
" ابھی بھی زخم باقی ہیں لیکن گھر بیٹھنا بہت کٹھن ہے اس لئے یہاں آ گیا..."
وہ دور کھڑے فیڈی اور جینی کو دیکھتا ہوا بولا۔

" یار یہ باہر کیسے آ گیا جیل سے؟ اس کمینے کو تو سزا ملی تھی..."
وائز کو اپنے عقب سے سرگوشی سنائی دی۔
چہرے پر سختی طاری کئے وہ مڑا اور ان لڑکوں کی جانب بڑھنے لگا۔

"کیا بکواس کی تم نے؟ تیری بہن تھی وہ؟"
وہ اس لڑکے کا گریبان پکڑے چلانے لگا۔
" ہم نے تو کچھ بھی نہیں کہا..."
دوسرا لڑکا بوکھلا کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"اس زبان کو بند رکھنا... ورنہ اچھا نہیں ہوگا۔"
وہ اس کی کالر چھوڑ کر شانہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔
"وائز چھوڑ نہ... کس کس کا منہ بند کروائے گا۔"
سعد اسے ساتھ لئے چلنے لگا۔

" مجھے فرق بھی نہیں پڑتا... خود تو جیسے فرشتے ہیں ...نہ.....ہونہہ "
وہ ہنکار بھرتا چلنے لگا۔
"وائز کیسے ہو تم؟"
جینی اس کے گلے لگنے کی نیت سے آگے بڑھی جبکہ وائز دو قدم پیچھے ہٹ گیا۔

" ...دور رہ کر بات کیا کرو"
وہ پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھ رہا تھا۔
وہ لب بھینچ کر فیڈی کو دیکھتی الٹے قدم اٹھانے لگی۔
"یار تم ہمیں بتا سکتے تھے یہ سب؟"
فیڈی شکوہ کناں نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

" تم جینی اپنی حد سے باہر نہ نکلو... تمہیں کیا لگا تھا زرش کو میری خلاف بھڑکاؤ گی اور میں لاعلم رہوں گا؟"
وہ فیڈی کو نظرانداز کرتا اس کی جانب بڑھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھ پر جھوٹے الزام مت لگاؤ مجھے کیا ضرورت پڑی "
"...اس لڑکی کو میسج کرنے کی
وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔
دوبارہ اگر تم نے کوئی ایسی حرکت کی تو تمہیں بخشوں "
گا نہیں... آرام سے سمجھا رہا ہوں سمجھ جاؤ ورنہ میرے
پاس بہت سے طریقے ہیں تم جیسے لوگوں کو سیدھا کرنے
" ...کے
اس کی آواز بلند ہوتی جا رہی تھی۔

آس پاس سٹوڈنٹس کی بھیڑ لگ گئی تھی۔
جینی اپنی ہتک محسوس کرتی وہاں سے نکل گئی۔
"...یار آرام سے"
سعد اس کے شانے پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

" ...کیا آرام سے میری زندگی تباہ کر رہی ہے وہ"
وہ تلملا کر بولا۔
" ...اب سمجھ جائے گی وہ... چل کلاس میں چلتے ہیں"
فیڈی اس کا بازو پکڑ کر چلنے لگا۔

وائز تم نے اس دو کوڑی کی لڑکی کے لئے مجھے بے "
"عزت کیا سب کے سامنے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شیشے کے سامنے کھڑی آنسو صاف کر رہی تھی۔

"....زرش تیار رہنا اب تم"
وہ بدلے کی آگ میں جل رہی تھی۔
آگ لگ جائے تو نقصان بھی یقینی ہوتا ہے۔
~~~~~~~~

"جنید صاحب یہ دیکھیں آج میں بازار گئی تھی... زرش کے بچے کے لئے کپڑے لائی ہوں۔"
ثریا پرجوش انداز میں کہتی انہیں وہ کپڑے دکھانے لگی۔
"...واہ بھئی نانی کو بہت جلدی ہے"
وہ باری باری دیکھنے لگے۔

"میری تو بس یہی خواہش تھی اپنی زندگی میں زرش کی خوشیاں دیکھ لوں اور اب تو میری بچی کو خوشیاں ملی ہیں...."
وہ انگلی سے آنکھ کا گوشہ صاف کرتی ہوئی بولی۔

"ہاں ٹھیک کہہ رہی ہو... لیکن وہ پیسے والے ہیں وائز کو کہاں یہ سب پسند آئے گا۔"
چہرے پر مایوسی در آئی۔
"ایسی بھی بات نہیں وائز کبھی ہماری حیثیت دیکھ کر ہم سے نہیں ملتا پھر ہماری محبت سے کیسے انکار کر دے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"گا؟

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

" زرش کا فون آیا تھا آج مجھے... بتا رہی تھی حویلی سے آ گئے ہیں یہاں۔"

وہ بیڈ سے ٹیک لگاتے ہوئے بولے۔

" یہیں ٹھیک ہے... سو کوئی مسئلہ ہو سکتا ہے ہاسپٹل بھی قریب ہیں وہاں سے پھر مشکل ہو جاتا۔"

وہ سامان سمیٹتی ہوئی بولی۔

" پھر مجھے آپ کل یا پرسوں زرش کی طرف چھوڑ دینا... وائز کی طبیعت بھی پوچھنی ہے..."

وہ فکر سے بولی۔

" ویسے تو آج فون کیا تھا میں نے وائز کو... ماشاءاللہ اب ٹھیک ہے, چلی جانا تم بھی زرش کا بھی دل بہل جاتا گا اکیلی ہی ہوتی ہے وہاں۔"

وہ اثبات میں سر ہلاتے ہوئے بولے۔

" ...میں لائٹ بند کر دیتی ہوں آپ آرام کر لیں"

وہ وہاں سے اٹھتی ہوئی بولی۔

~~~~~~~~

"تمہاری چاچی اس حد تک جا سکتی ہیں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ بے یقینی کی کیفیت میں تھی۔
" ہم لوگوں کے بارے میں کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے... تمہارے آنے سے پہلے وہ ٹھیک تھیں لیکن اس سب کے بعد میں بھی شاک میں ہوں۔"
وہ پاؤں ٹیبل پر رکھتا ہوا بولا۔

"تم نے میڈیسن لی؟"
یکدم زرش کے دماغ میں جھماکا ہوا۔
" ہاں لے لی تھی... تم اب اس سب کے بارے میں مت سوچو۔ یہاں بس ہم دونوں ہیں اور بلکل محفوظ ہیں۔"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

" میں نے ماسی کو بول دیا ہے کل سے کھانا بھی وہی بنائے گی..."
وہ کمبل اوڑھتی ہوئی بولی۔
" چلو اچھا کیا... ویسے یہ آفر صرف ابھی کے لیے تھی بعد میں سب تمہی کرو گی..."
وہ گھورتا ہوا بولا۔

" میرے کام مجھے ہی کرنے ہیں.. اور میں تمہیں منع بھی کرتی تھی لیکن تم نے ایک ہی رٹ لگا رکھی تھی۔"
وہ خفگی سے اسے دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ویسے نرس اچھی تھی میری"
وہ فون اٹھاتا کھڑا ہو گیا۔

" ...اسی لئے مجھے حویلی بھیجا تھا نہ"
وہ جل کر بولی۔
وائز قہقہ لگاتا اسے دیکھنے۔
"تم جیلیس ہو رہی ہو؟"
وہ اس کے سامنے آتا جھک کر بولا۔

زرش بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔
" ...جی نہیں"
وہ خفیف سی ہو گئی۔
یس تم جیلیس ہو رہی ہے... اچھی بات ہے ہونا بھی "
"چاہیے۔
وہ اس کا منہ تھپتھپاتا سیدھا ہو گیا۔

" ...وائز"
وہ جانے کے لیے مڑا ہی تھا لیکن اس کا ہاتھ زرش کے ہاتھ میں آ گیا۔
"یس میری جان؟"
بھاری گھمبیر آواز گونجی۔
" ...ہم ماضی کے متعلق کوئی بات نہیں کریں گے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ نگاہیں اٹھائے اسے دیکھ رہی تھی۔
"اوکے... اور کچھ؟"
وہ دلفریب مسکراہٹ چہرے پر سجائے اسے دیکھ رہا تھا۔
" ...نہیں بس یہی"
وہ معدوم سا مسکرائی۔

"تم خوش ہو؟"
وہ اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتا ہوا بولا۔
وہ اثبات میں سر ہلانے لگی۔
" ...گڈ نائٹ"
وہ اس کا رخسار تھپتھپاتا ہاتھ چھوڑ کر چلنے لگا۔

لائٹ آف کر کے وہ اپنے کمرے میں آ گیا۔
چند لمحے ساکت کھڑے وہ اپنے کمرے کا جائزہ لینے لگا۔
سب کچھ ویسا ہی تھا جیسا وہ چھوڑ کر گیا تھا۔
وہ سانس خارج کرتا بیڈ کو دیکھنے لگا۔

" ...آج عرصے بعد میں یہاں سکون سے سو سکوں گا"
وہ بیڈ پر گرتا ہوا بولا۔
"عشاء کی نماز؟"
یہ خیال بجلی کی سی تیزی کے ساتھ اس کے دماغ میں کوندا...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...شٹ میں نے نماز پڑھی ہی نہیں"
وہ سر پر ہاتھ مارتا کھڑا ہو گیا۔
گھڑی پر نظر ڈالی جو گیارہ بجا رہی تھی۔
"ٹائم ختم نہیں ہوا... پڑھ سکتا ہوں ابھی۔"
وہ گھڑی اتارتا ہوا بولا۔

نماز پڑھ کر وہ بیڈ پر لیٹ گیا۔
" جب تم مجھے خود کہو گی تب ہی ہم ایک کمرے میں رہیں گے..."
وہ آنکھیں بند کرتا ہوا بڑبڑایا۔
بستر پر لیٹتے ہی نیند اس پر مہربان ہو گئی۔
وہ لیمپ آف کئے بنا ہی سو گیا۔
~~~~~~~~
"احسن؟"
وہ جھجھکتے ہوئے بولی۔
"ہاں بولو؟"
نکاح کے بعد وہ اب اس سے مخاطب ہوا۔

" ....تم نے مجھ سے.... مجھ سے نکاح"
وہ گھبراہٹ کا شکار تھی۔
" تم ایزی ہو کر مجھ سے بات کر سکتی ہو... یہاں کافی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...سٹوڈنٹس ہیں وہاں سائیڈ پر چلتے ہیں
وہ اس کی پریشانی سمجھتا ہوا بولا۔
وہ سر جھکائے اس کے عقب میں چلنے لگی۔

"اب بولو... اور ڈرو مت جو کہنا چاہتی ہو کہہ سکتی ہو۔"
وہ دیوار سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔
"وہ مجھے پوچھنا تھا تم نے مجھ سے نکاح کیوں کیا؟"
وہ تیز تیز بول کر اسے دیکھنے لگی۔

احسن مسکرایا پھر چہرہ جھکا گیا۔
کسی وجہ سے... لیکن تم پریشان مت ہو پوری کوشش " "
"کروں گا تمہیں ایک اچھی زندگی دے سکوں۔
وہ بغور اس کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

صاف رنگت, کپکپاتے گلابی ہونٹ, سیاہ پتلیوں میں خوف نمایاں تھی۔
وہ معصوم تھی یا شاید احسن کو ایسا معلوم ہوتا تھا۔
"کیا وجہ؟"
وہ لب کاٹتی آگے دیکھنے لگی۔

جب تم میرے گھر آ جاؤں گی بتا دوں گا۔کلاس کا ٹائم ہو " "
"رہا ہے چلیں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھڑی اس کے سامنے کرتا ہوا بولا۔
وہ اثبات میں سر ہلاتی قدم اٹھانے لگی۔
~~~~~~~~~

"وائز تم ابھی بلکل ٹھیک نہیں ہوئے پھر یونی جانا ضروری ہے کیا؟"
وہ منہ بنا کر بولی۔
"ہاں ضروری ہے... دوستوں کے ساتھ تھوڑا ٹائم پاس ہو جاتا ہے۔"
وہ پرفیوم اٹھاتا ہوا بولا۔

"اور میں؟ جو سارا دن یہاں اکیلی رہتی ہو؟ میرا خیال نہیں تمہیں؟"
وہ خفا انداز میں بولی۔
"تمہیں باہر نہیں لے جا سکتا بس کچھ وقت ہے اس کے بعد تمہارا اکیلا پن بھی دور ہو جائے گا ہمارا بےبی آ جائے گا نہ..."
وہ اس کی ناک دباتا ہوا بولا۔

"تم اپنی ہی مرضی کرو گے..."
وہ پیر پٹختی کمرے سے باہر نکل گئی۔
"یار مجھے کچھ کام بھی ہیں سمجھا کرو نہ... شکر مناؤں مجھ میں بابا سائیں والی عادتیں نہیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہ کمرے سے باہر نکلتا ہوا بولا۔

"اچھا ٹھیک ہے لیکن جلدی آ جانا... مجھے اکیلے تسلی نہیں ہوتی اس واقعے کے بعد اب ڈر لگتا ہے۔"

وہ غیر مرئی نقطے کو دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

"ڈرنے کی ضرورت نہیں تم ریلیکس رہو..... اور میں جلدی آ جاؤں گا۔"

وہ چابیاں اٹھاتا ہوا بولا۔

وہ خاموش شکوہ کرتی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی جو ہاتھ ہلاتا باہر نکل گیا۔

وہ دروازے بند کر کے کمرے میں چلی گئی۔

دوپہر کے تین بج رہے تھے۔

زرش گھڑی کو دیکھتی ضبط کر رہی تھی۔

یکدم لائٹ چلی گئی۔

"لائٹ کیوں چلی گئی؟"

وہ چہرہ اوپر اٹھاتی ہوئی بولی۔

اگلے لمحے اسے دروازہ بجانے کی آواز سنائی دینے لگی۔

"دروازے پر کون ہے؟"

وہ گھبراتی ہوئی کمرے سے باہر نکل آئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی لاک کھولنے کی کوشش کر رہا تھا۔
وہ تھوک گلے سے اتارتی واپس اپنے کمرے میں آ گئی۔
دروازہ اچھی طرح لاک کیا اور فون اٹھا کر نمبر ملانے لگا۔

نمبر بزی جا رہا تھا۔
اس کے ہاتھ ٹھنڈے پڑ رہے تھے۔
پیشانی پر پسینے کی ننھی ننھی بوندیں نمودار ہونے لگیں۔
"وائز فون اٹھاؤ؟"
وہ فون کان سے لگائے سرگوشی کر رہی تھی۔

چہرے پر خوف و ہراس نمایاں تھا۔
"کہاں بزی ہوں تم؟"
وہ جھنجھلا کر کہتی آوازیں سننے لگی۔
آوازیں بلند ہوتی جا رہی تھیں۔

زرش کے ہاتھ کپکپانے لگے۔
حواس ساتھ چھوڑتے جا رہے تھے۔
وہ پھر سے وائز کا نمبر ملانے لگی۔
احسن زینے چڑھتا اوپر آیا تو آنکھوں میں تحیر سمٹ آیا۔

اپارٹمنٹ کا دروازہ کھلا تھا۔
وہ سرعت سے آگے بڑھتا اندر آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کون ہو تم لوگ؟"
وہ ان نقاب پوشوں کو دیکھتا ہوا چلایا۔

وہ دونوں نقاب پوش ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔
احسن کے دماغ میں جھماکا ہوا تو الٹے قدم اٹھانے لگا۔
"کیا لینے آئے ہو یہاں؟"
وہ انہیں دیکھتا ہوا بول رہا تھا۔

ان دونوں کے پاس ہتھیار نہیں تھے ایک دوسرے کو اشارہ کرتے وہ احسن کی جانب بڑھے۔
احسن ہاتھ عقب میں کے جا کر دراز کھولنے کی سعی کر رہا تھا۔
" ...ہلنا بھی مت"

وہ گلدان توڑ کر احسن کے گلے پر شیشہ رکھتا ہوا بولا۔
وہ گردن اوپر اٹھائے دونوں کو دیکھنے لگا۔
" ...تو جا کر کمرے میں دیکھ"
وہ دوسرے کو اشارہ کرتا ہوا بولا۔

وہ اثبات میں سر ہلاتا وائز کے کمرے میں چلا گیا۔
کمرہ خالی تھا وہ بے دھیانی میں کھڑی سے باہر دیکھنے لگا تو نظر وائز سے ٹکرائی جو گاڑی سے باہر نکل رہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا۔
" ...بھائی نکل وہ آ رہا ہے"
وہ دوسرے کو کہتا باہر نکل گیا۔

دوسرا لڑکا احسن کو دھکا دیتا دروازہ بند کر کے باہر بھاگ گیا۔
وہ پیشانی مسلتا باہر نکلا لیکن وہ دونوں غائب ہو چکے تھے۔
"کہاں گئے؟"
وہ سیڑھیوں کے وسط میں کھڑا تھا۔

"عجیب بات ہے اتنی جلدی نیچے کیسے جا سکتے ہیں؟"
وہ بڑبڑاتا ہوا واپس اوپر آ گیا۔
اسی اثنا میں وائز بھی آ گیا۔

"یہ سب کیا؟"
وہ ہکا بکا رہ گیا۔
"کہاں تھے آپ؟"
احسن آبرو اچکا کر بولا۔

"میں کچھ کام سے گیا تھا لیکن یہ سب؟ زرش کہاں ہے؟"
وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے ٹوٹے ہوئے گلدان اور گری ہوئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چیزوں کو دیکھ رہا تھا۔
" ...شاید کمرے میں ہوں دیکھ لیں"
وہ کہتا ہوا کچن کی جانب بڑھ گیا۔

" ...زرش دروازہ کھولو"
وہ دروازہ بجاتا ہوا چلایا۔
زرش چہرہ صاف کرتی دروازے کے پاس آئی۔
" ...یار میں ہوں دروازہ تو کھولو"
اس کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا تھا۔

وہ دروازہ کھول کر شکوہ کناں نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔
"کیا ہوا تمہیں؟ کوئی مجھے بتائے گا یہاں ہوا کیا ہے؟"
وہ چلا کر بولا تاکہ احسن بھی سن لے۔

" کہاں بزی تھے تم؟ جانتے ہو میں نے کتنی کالز کیں تمہیں ...لیکن تم"
وہ تاسف سے دیکھتی اندر چلی گئی۔
" ...ہوا کیا ہے مجھے بتاؤ تو سہی"
وہ اس کے پیچھے آ گیا۔

" پتہ نہیں وہ کون تھے... لاک کھول کر اندر آ گئے اور پھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے بعد احسن کی آواز سنائی دی... مجھے نہیں پتہ کیا ہوا ہے..."
وہ چہرے پر ہاتھ رکھے رونے لگی۔

"وہ تمہارے کمرے میں تو نہیں آئے؟"
وہ اس کے سامنے گھٹنے زمین پر رکھے بول رہا تھا۔
وہ نفی میں سر ہلانے لگی۔
اوکے آئم سوری... فون میرے پاس نہیں ہے سعد کے پاس تھا۔"

وہ اس کے چہرے سے ہاتھ ہٹاتا ہوا بولا۔
"اگر احسن نہ آتا تو سوچا ہے تم نے کیا ہوتا؟"
آنکھیں آسوؤں سے لبریز ہتھیں۔

تم روتی ہوئی اچھی نہیں لگتی... میں دیکھتا ہوں یہ سب بھی۔"
وہ اس کے آنسو چنتا ہوا بولا۔
"وائز مجھے ڈر لگ رہا ہے..."
آنسوؤں کی روانی میں اضافہ ہو گیا۔

"میں آ گیا ہوں نہ فکر مت کرو..."
وہ اسکے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے بول رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..ہم کسی دوسری جگہ شفٹ ہو جاتے ہیں"
وہ اس کے جھکے ہوئے سر کو دیکھ رہی تھی۔

" ضرورت نہیں بس مجھے ایک دو دن کا ٹائم دو... میں سب سنبھال لوں گا۔ امی کو بلوا لیتا ہوں پھر تم اکیلی نہیں رہو گی۔ اب تم آرام کرو میں احسن سے بات کر لوں۔"
وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔
وہ خاموش اسے دیکھنے لگی۔

" میں لاؤنج میں بیٹھا ہوں اس لئے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔"
وہ دروازہ ہاتھ میں پکڑے بول رہا تھا۔
وہ چہرہ موڑ کر پانی پینے لگی۔
وائز دروازہ بند کرتا باہر نکل گیا۔

"کون تھے؟"
وہ احسن کو دیکھتا ہوا بولا۔
"معلوم نہیں چہرے پر نقاب تھا۔"
وہ گلاس سلیب پر رکھتا ہوا بولا۔

"تم کب آئے؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی پانچ منٹ پہلے... امی نے بھابھی کے لئے کھانے کو "
"کچھ بھیجا تھا میرا خیال ہے باہر ہی گر گیا۔
وہ باہر دیکھتا ہوا بولا۔

"آپ کو کیا لگتا ہے یہ چاچی کا کام ہے؟"
وہ صوفے پر بیٹھتا ہوا بولا۔
" ...کچھ کہا نہیں جا سکتا"
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

ہاں ایک بات وہ آپ کو پہچانتے تھے۔ یقیناً آپ کی تصویر "
"دی گئی ہو گی۔
وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔
"یہ چوٹ ابھی لگی ہے؟"
وہ اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

" ...معمولی سی ہے"
وہ اس کا ہاتھ ہٹاتا ہوا بولا۔
وائز خاموش ہو گیا۔
اس کا دماغ مختلف نوعیت کی سوچوں میں الجھا ہوا تھا۔
~~~~~~~~

"نور تم خوش نہیں ہو؟"
حمزہ اس کے سامنے آتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔"
وہ جبراً مسکرائی۔

" میں نوٹ کر رہا ہوں... نکاح کے بعد سے تم کچھ عجیب سی ہو گئی ہو۔"
وہ بغور اس کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

" حمزہ ایسی کوئی بات نہیں... بس تم جانتے ہی ہو وہ وائز بھائی والا واقعہ تو امی پریشان رہتی ہیں بس اسی وجہ سے۔"
وہ نظریں چراتی بہانہ بنانے لگی۔
" دیکھو میں نے نکاح اس لئے پہلے کیا تاکہ ہم ہنی مون پر باہر جا سکیں... اب تم بتاؤ کہاں جانا چاہتی ہو؟"
وہ ریلنگ پر ہاتھ رکھے مسکراتا ہوا بولا۔

نور کی نظروں کے سامنے کچھ ماضی کے پل گردش کرنے لگے۔
" اچھا چلو بتاؤ تمہیں کون سا ملک پسند ہے؟ ہم ہنی مون کے لئے وہیں جائیں گے۔"
وہ بائیں آنکھ دباتا ہوا بولا۔

" ...تم مذاق کر رہے ہو نہ"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی بازو پر مکا جھڑتی ہوئی بولی۔
" ارے نہیں مذاق کیوں... ایسی باتیں سنجیدگی سے کی جاتی ہیں اب جلدی بتاؤ میں ویزہ تیار کرواؤں..."
وہ شرارت سے بولا۔

"....سوئٹزرلینڈ"
وہ اشتیاق سے بولی۔
" ہممم... دیکھو کوئی ایسا ملک ہو جس کا نام این سے شروع ہوتا ہو۔"
وہ لب دبائے مسکراہٹ دبا رہا تھا۔

" ...یہ کیا بات ہوئی؟ تم ہو ہی بدتمیز میں جانتی ہوں"
وہ خفا انداز میں کہتی چلنے لگی۔
" اچھا چلو لکھ لو کہیں پر... احسن رضی حیات تمہیں وہیں لے کر جائے گا۔"
وہ اس کی کلائی پکڑتا ہوا بولا۔

احسن کی جانب نور کی پشت تھی۔
وہ دھیرے سے مسکرانے لگی۔
" ..خالہ آ جائیں گیں"
وہ اپنا ہاتھ چھڑواتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کہاں گم ہو گئی؟"
حمزہ اس کے سامنے چٹکی بجاتا ہوا بولا۔
وہ جیسے حال میں واپس آئی۔

"...کہیں نہیں...تم جہاں کہو گے وہیں ٹھیک ہے "
وہ اداسی سے بولی۔
میں تمہاری خوشی کو ترجیح دے رہا ہوں اور تم میری "
" ...مرضی کو
اس نے مسکراتے ہوئے بات ادھوری چھوڑ دی۔

"...میرا خیال ہے امی بلا رہی ہیں"
وہ ریلنگ پر ہاتھ رکھے نیچے جھانکتی ہوئی بولی۔
"ٹھیک ہے پھر بعد میں طے کر لیں گے۔"
وہ مسکراتا ہوا زینے اترنے لگا۔

" ...خواب تو وہ تھے جو تمہارے ساتھ دیکھے تھے"
وہ بے خیالی میں کہتی احسن سے مخاطب تھی۔
~~~~~~~~
"جینی کہاں ہے؟"
اس کا چہرہ غصے کے باعث سرخ ہو چکا تھا۔
" ...اپنے کمرے میں ہو گی"
عینی اسے دیکھتی گھبرا کر بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ سرعت سے سیڑھیاں پھلانگتا اوپر چلا گیا۔
"تم کیا سمجھتی ہو مجھے علم نہیں ہوگا؟"
وہ جینی وہ گلے سے پکڑ کر دیوار کے ساتھ لگاتا ہوا بولا۔
وہ بوکھلا کر اسے دیکھنے لگی۔
اس اچانک حملے کے لیے وہ تیار نہ تھی۔

وہ آسمانی رنگ کی شرٹ پہنے ہوئے تھا جو باہر نکلی ہوئی تھی۔ شیو بڑھی ہوئی, سیاہ آنکھوں سے چنگاریاں نکل رہی تھیں۔
بال بڑے ہو کر کنپٹی پر آئے ہوئے تھے۔
" ...تم پاگل ہو کیا"
وہ اس کا ہاتھ ہٹانے کی سعی کرتی ہوئی بولی۔

وائز کی فولادی گرفت کو ہٹانا سہل نہیں تھا۔
جینی کی آنکھیں پھیل گئیں۔
وائز نے گرفت ڈھیلی کی تو وہ اس کا ہاتھ ہٹاتی کھانسنے لگی۔

آئیندہ مجھ سے اور میری فیملی سے دور رہنا ورنہ انجام " بہت برا ہو گا۔"
وہ قہر برساتی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"..ڈرتی نہیں ہوں میں تمہاری دھمکیوں سے"
وہ لمبے لمبے سانس لے رہی تھی۔

" جو میں کروں گی تمہاری سوچ سے بھی پرے ہے اور یہ
تم اچھی طرح جانتی ہو وائز رضی حیات کسی کے باپ سے
بھی نہیں ڈرتا..."
وہ ہنکار بھرتا کمرے سے باہر نکل گیا۔
وہ لب بھینچے فرش کو گھورنے لگی۔

" بھاڑ میں جاؤ تم اور وہ تمہاری بیوی..."
وہ ڈریسنگ پر پڑے سامان کو ہاتھ مارتی ہوئی بولی۔
ہر شے زمین بوس ہو چکی تھی۔
~~~~~~~~~~
"کس کے ساتھ آئی ہے تو؟"
زاہد اسے دیکھتا ہوا چارپائی سے اتر آیا۔
" عمر کے ساتھ..."
وہ گھبرا کر دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔

" کہاں ہے عمر؟ سچ سچ بتا دے کس بے غیرت کے ساتھ
آئی ہے تو؟"
وہ حیا کی بازو دبوچتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

امی دیکھیں اسے... دن بہ دن پاگل ہوتا جا رہا ہے میں عمر "
"...کے ساتھ آئی ہوں وہ باہر دکان پر رک گیا تھا
وہ اپنی بازو چھڑوانے کی سعی کر رہی تھی۔
زبان تو دیکھو کیسے قینچی کی طرح چل رہی ہے؟ گنتی "
"...سے باہر کھینچ لوں گا اگر میرے سامنے چلائی تو
وہ خونخوار نظروں سے گھورتا ہوا بولا۔

اب تو اسے بخش دو.. نکاح ہو گیا ہے بہت جلد رخصت "
"...بھی ہو جائے گی
صفیہ اسے دھکا دیتی ہوئی بولی۔
"...اس کی حرکتیں ہیں بخشنے والی"
وہ آگ بگولہ ہو گیا۔

حیا اشک بہاتی صفیہ کے عقب میں چھپ گئی۔
"کیا کر دیا ہے اس نے؟"
عمر اندر آتا ہوا بولا۔

یہ تمہارے ساتھ آئی ہے؟ پتہ چلے کل کو کوئی نیا عاشق آ "
...جائے اس کا بعد میں کیا جواب دوں گا رضی حیات کو میں
"

وہ صفیہ پر دھاڑا۔
"...جی یہ میرے ساتھ آئی ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمر پرسکون انداز میں بولا۔

"..ہممم"
وہ کہتا ہوا چارپائی پر بیٹھ کر روٹی کھانے لگا۔
" ...اپنی بہن پر یقین نہیں ہے تمہیں"
صفیہ اسے کمرے میں بھیجتی ہوئی بولی۔

" ہاں نہیں ہے...کچن میں جاؤ تم۔ واحد میں کمانے والا ہوں
" ...اس گھر کا سربراہ,, گریز برتا کرو بات کرتے ہوئے
وہ سر جھٹکتا کھانے لگا۔
" ...تم ہاتھ منہ دھو لو پھر ایک ساتھ کھانا کھا لینا"
وہ عمر سے مخاطب تھی۔

" بات کرتا ہوں میں اسے رخصت کر کے لے جائیں یہاں
"سے... پڑھائی سسرال والے کروا لیں گے پوری۔
وہ کہاں خاموش رہنے والا تھا۔
صفیہ اسے نظر انداز کرتی کچن میں چلی گئی۔
عمر سرد آہ بھرتا واش روم کی جانب چل دیا۔

جب سے اس کے ماں باپ گئے تھے اس گھر میں وہ یہی تماشے دیکھ رہا تھا ہر روز زاہد ایک نیا مسئلہ کھڑا کر دیا اور مجرم ہمیشہ حیا ہوتی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں سمجھتا تھا میرا کوئی نہیں ہے یہ زیادتی ہے... لیکن "
"میرے خیال میں کوئی نہ ہونا ہی بہتر ہے۔
وہ حیا کے بارے میں سوچتا ہوا بڑبڑایا۔

"حیا تم ٹھیک ہو؟"
وہ اس کے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔
" ...پہلی بار تو نہیں ہو رہا یہ سب"
وہ تلخی سے بولی۔

"زاہد بچپن سے ایسا ہی تھا یا تایا ابو کی وفات کے بعد؟"
آج اس نے یہ سوال کر ہی لیا۔
میں نہیں جانتی... میں جب سے کالج میں گئی ہوں وہ ایسا "
"ہی ہے۔
وہ سرد مہری سے بولی۔

" ...آج امی ابو کو گئے تین سال ہو گئے ہیں"
وہ آسودگی سے بولا۔
حیا خاموش تھی شاید اس کے پاس ہمدردی کے دو بول بھی نہیں تھے۔
"تم اپنا باقی کا آدھا گھر کب سیل کرو گے؟"
اس نے موضوع تبدیل کیا۔
ابھی سوچ رہا ہوں رہنے دوں... ان پیسوں سے پڑھائی تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مکمل ہو ہی جائے گی پھر کل کو شادی ہوگی تو بیوی کو لے
" ...کر الگ ہی گھر میں رہنا بہتر ہے
وہ پرسوچ انداز میں بولا۔

ہاں بہتر ہے تم الگ ہی رہو... ورنہ اس گھر کی نحوست "
"تمہاری زندگی میں بھی شامل ہو جائے گی۔
وہ تلخی سے بولی۔
عمر یک ٹک اسے دیکھ رہا تھا جس کے چہرے کی کیفیات
لمحہ بہ لمحہ تغیر ہو رہی تھیں۔
...کبھی غیض, کبھی بےبسی, کبھی رنج تو کبھی الجھن

تم اب چلے جاؤ یہ نہ ہو زاہد کا دماغ پھر سے خراب ہو "
" ...جائے
کھڑکی سے زاہد کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں جنہیں
سنتے ہی حیا بول پڑی۔
وہ اثبات میں سر ہلاتا چلا گیا۔

وہ سانس خارج کرتی آنکھیں بند کرتی تکیے پر سر رکھ کر
لیٹ گئی۔
"پتہ نہیں یہ آزمائش کب تمام ہو گی؟"
گلابی لب دھیرے سے پھڑپھرائے۔
~~~~~~~~

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...آئم سو سوری"
وہ زرش کے ہاتھ پکڑے مجرمانہ انداز میں بول رہا تھا۔
" میرا دل نہیں کرتا یہاں رہنے کو... ہم امی کی طرف چلتے ہیں وہ جگہ پرسکون ہے۔ کہیں کچھ برا نہ ہو جائے, میں چاہتی ہوں ہمارا بچہ اس دنیا میں آ جائے,,ان واقعات سے مجھے خوف محسوس ہوتا ہے۔"
وہ اس کے بالوں کو دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

" تمہارا شوہر اس قابل ہے کہ تمہاری حفاظت کر سکے...وعدہ کرتا ہوں اب کوئی تمہارے آس پاس بھی نہیں بھٹک سکتا...کچھ برا نہیں ہوگا یقین کرو..."
وہ چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔
وہ نم آنکھوں سے مسکرانے لگی۔

اس کا پر اعتماد انداز مجبور کر گیا زرش کو ہتھیار ڈالنے پر۔
" ...تمہارے بال بڑے ہو گئے ہیں"
وہ اس کے سیاہ گھنے بادلوں میں ہاتھ پھیرتی ہوئی بولی۔
" ہاں بس ٹائم نہیں مل رہا... بابا سائیں نے فون کر کے کہا تھا اپنی حالت درست کرو جیل سے فرار ہوئے قیدی لگ رہے ہو..."
وہ مسکراتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...بلکل صحیح کہا انہوں نے"
وہ وائز کے بال کھینچتی ہوئی بولی۔
" آؤچ... ظالم بیوی ہو تم۔ اس معصوم سے شوہر پر ظلم کر رہی ہو؟"
وہ مظلومیت سے اسے دیکھتا ہوا بولا۔

" تم اور معصوم... دور دور تک کوئی رشتہ نہیں۔ اچھا یہ بتاؤ تم نے کوئی نام سوچا ہے؟"
وہ پرجوش انداز میں بولی۔
"ہاں بلکل... جیل میں رہ کر نام ہی سوچتا رہا میں۔"
وہ قہقہ لگاتا ہوا بولا۔

" میں نے کہا تھا ہم اس سب کے متعلق کوئی بات نہیں کریں گے..."
وہ اس کے منتشر بالوں کو سمیٹنے لگی۔
"اچھا چلو ہم نام کی بات کر رہے تھے ہیں نہ؟"
وہ آنکھیں سکیڑتا ہوا بولا۔

" ...بلکل"
وہ اثبات میں سر ہلاتی تائیدی انداز میں بولی۔
" ...ولی حیات"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وائز کی آنکھیں چمکنے لگیں تھیں۔
"بہت اچھا ہے.. اور تمہارے نام سے بھی مل رہا ہے۔"
وہ کھل کر مسکرائی۔

نام رکھنے کی اجازت میں تمہیں نہیں دے سکتا جب دوبارہ "
" ...یہ موقع آئے تب تم اپنی خواہش پوری کر لینا
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
"میں نے کب لڑائی کی تم سے اس بات پر؟"
وہ خفگی سے اس کے بال بکھیرتی ہوئی بولی۔

سیاہ بال روشن پیشانی پر منتشر ہو گئے۔
ہاہاہاہا... میں نے سوچا اس سے پہلے تم ایسا کچھ سوچو "
"میں تمہیں آگاہ کر دوں۔
وہ دلچسپی سے زرش کو دیکھ رہا تھا جو ابھی تک اس کے بالوں کے ساتھ الجھی ہوئی تھی۔

"یہ لمحے کتنے خوبصورت ہیں نہ؟"
وہ اپنے خیالوں میں مگن تھی۔
" ...بہت انتظار کیا ہے ان لمحوں کا میں نے"
وہ اس کی آنکھوں کے سامنے چٹکی بجاتا ہوا بولا۔

" ...جانتی ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسکرا کر کہتی دروازے کی جانب دیکھنے لگی۔
" ...چلو تم اب آرام کرو"
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

"ہاں بول؟ "
وہ فون کان سے لگائے کمرے سے باہر نکل گیا۔
" ...تھینک یو وائز"
وہ دروازے کو دیکھتی مسکرانے لگی۔
وہ پرسکون سی کمبل اوڑھ کر لیٹ گئی۔
~~~~~~~~
"کہاں جانا ہے؟"
وہ گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی۔
ریسپشن کے لئے ڈریس لینا ہے تمہارا... امی فآرٹ نہیں "
"تھیں تو مجھے آنا پڑا۔
وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا بولا۔

حیا گردن اٹھائے اس مال کو دیکھنے لگی۔
وہاں برانڈ کے کپڑے تھے۔
اس کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں۔
"یہاں سے لیں گے؟"
وہ ہچکچاتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

احسن جو اپنی رو میں چل رہا تھا آواز پر رک کر اسے دیکھنے لگا۔

"کیوں کوئی مسئلہ ہے؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"نہیں... کوئی مسئلہ نہیں۔"

وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

" ...ہمم چلو"

وہ اشارہ کرتا تیز قدم اٹھانے لگا۔

" ...ہاں یاسر بولو"

وہ فون کان سے لگائے بول رہا تھا۔

" یار... وائز نے کہا تھا ان سب سے دور رہنا۔ ویسے بھی انہیں دیکھ کر ڈر لگتا ہے اب ان چیزوں سے۔"

وہ دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گیا۔

حیا اس کے عقب میں چلتی جا رہی تھی۔

"تم دیکھو.... پسند کرو میں آتا ہوں۔"

وہ اسے اشارہ کرتا ایک طرف چل دیا۔

وہ لب کاٹتی سامنے موجود ڈریسز کو دیکھنے لگی۔

ایسی جگہ پر وہ پہلی بار آئی تھی۔

"یس میم... برائیڈل ڈریس لینا ہے آپ کو؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لڑکا اس کے پاس آتا ہوا بولا۔
"جی.. ریسپشن کے لیے۔"
وہ احسن کو ڈھونڈتی ہوئی بولی۔

" پھر ایسا کریں گے رات میں فارم ہاؤس چلے گے....نہیں یار پینا نہیں ہے بس اڑا لیں گے۔"
وہ بولتا ہوا ٹہل رہا تھا۔
نور متحیر سی اسے دیکھ رہی تھی۔

" ...میں ابھی آتی ہوں"
وہ حمزہ کو کہتی ہوئی اس کی جانب چلنے لگی۔
" ہاں اسے بھی بلا لینا لیکن اویس کو مت بلانا یار وہ... میں بعد میں بات کرتا ہوں۔"
وہ نور کو اپنے عین مقابل کھڑے دیکھ کر فون بند کرنے لگا۔

"بولو؟"
وہ جیب میں ہاتھ ڈالتا ہوا بولا۔
"تو تم نے نکاح کر لیا؟"
وہ زخمی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

"تمہارا تو نکاح کب سے ہوا ہے... رائٹ؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آنکھیں سکیڑتا ہوا بولا۔
" رائٹ... تو کیا نام ہے.. ہاں حیا... محبت نور سے, منگنی سدرہ سے اور نکاح حیا اب یہ بتا دو رخصتی کس کی "کرواؤ گے؟
وہ محظوظ انداز میں بولی۔

" سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے۔ اور یاد ہے تم نے آخری بار مجھے کیا کہا تھا کال پر؟ کہ کسی کو تکلیف دے کر تم خوش نہیں رہ سکتے... تو میں نے تمہیں جو تکلیف دی اس ...کے بدلے حیا کو تکلیف سے نکال لیا۔ یہ اس کا ازالہ ہے "
وہ اس کی آنکھوں میں جھانکتا ہوا بولا۔

وہ نفی میں سر ہلاتی اسے دیکھنے لگی۔
" اور کتنی زندگیاں برباد کرو گے؟ ویسے میں بہت خوش ہوں حمزہ کے ساتھ خدا کے واسطے اب حیا کو خوش رکھنا..."
وہ تاسف بھری نگاہ ڈالتی ہوئی بولی۔

" ہاں نکاح کیا ہے تو خوش ہی رکھوں گا... تم خوش ہو نہ بس میں بھی خوش ہوں۔"
وہ زخمی سا مسکرایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسن تم نے ہم دونوں کو سزا دی ہے... لیکن اب یہ سزا "
صرف تمہارے لئے ہے کیونکہ حمزہ ایک بہترین انسان ہے
" ...اور میں بہت خوش ہوں اس کے ساتھ
وہ کہتی ہوئی مڑ گئی۔

وہ سانس خارج کرتا اسے جاتا دیکھنے لگا۔
"کوئی پسند آیا؟"
وہ مسکراتا ہوا حیا کے پاس آیا۔
" ...نہیں مجھے سمجھ نہیں آ رہی اور یہ تو بہت"
" ...آؤ میں تمہاری مدد کرتا ہوں"
وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر چلنے لگا۔

وہ چہرہ موڑے اسے دیکھنے لگی۔
" ...یہ کلر اچھا لگے گا تم پر"
وہ حیا کو دیکھتا ہوا بولا۔
" ...اچھا ہے"
وہ مدھم سا مسکرائی۔

"اب کہاں جانا ہے؟"
وہ گاڑی کی جانب چل رہے تھے۔
" ...بھوک لگی ہے کہیں کھانے کے لیے چلتے ہیں"
وہ دروازہ کھولتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...دیر نہیں ہو جائے گی"
وہ لب کاٹتی اسے دیکھنے لگی۔

"فکر مت کرو...تم اپنے شوہر کے ساتھ ہو۔"
وہ بیٹھنے کا اشارہ کرتا ہوا بولا۔
" ...ہممم ٹھیک ہے"
وہ ہلکی پھلکی سی ہو گئی۔
~~~~~~~~~
"جینی تم کیوں وائز کے ساتھ الجھ رہی ہو؟"
فیڈی جھنجھلا کر بولا۔
میں الجھ رہی ہوں یا وہ؟ وہ اس فضول سی لڑکی کی وجہ "
" ...سے مجھے اگنور کر رہا میری انسلٹ کر رہا
وہ تلملا اٹھی۔

تم اس حقیقت کو قبول کیوں نہیں کر لیتی؟ زرش اس کی "
بیوی ہے اور وہ اسے اپنی بیوی مانتا ہے اس لئے یہ سب
"برداشت نہیں کرے گا۔
وہ نفی میں سر ہلاتا سیگرٹ کا کش لینے لگا۔
ہوں... بیوی... مجھ میں کیا کمی تھی جو اس کو بیوی بنا "
"لیا؟
وہ ہنکار بھرتی گلاس اٹھا کر دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

جینی کے ہاتھ میں شراب کا گلاس تھا۔
" یار اس کی مرضی ہم کون ہوتے ہیں اس پر اپنی مرضی مسلط کرنے والے..." "
وہ کوفت سے بولا۔
" فائن... اب میں اس وائز کی شکل بھی نہیں دیکھوں گی... " اس نے جو گھر آ کر اس دن کیا اٹ واز ٹو مچ (وہ بہت زیادہ تھا)"
وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

"تو تم کیوں شیر کے منہ میں ہاتھ ڈال رہی ہو؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔
" اب نہیں کر رہی میں کچھ بھی... بھاڑ میں جائے ویسے بھی مجھے شیراز خان کی طرف سے ڈیٹ کی آفر ملی ہے۔"
وہ شانے سے بال ہٹاتی ہوئی بولی۔
فیڈی تشکرانہ نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔
~~~~~~~~~
" وائز ہم رات میں واپس آ جائیں گے یا حویلی میں رکیں گے؟"
وہ اس کے کمرے میں آتی ہوئی بولی۔
وہ جو ٹائی کے ساتھ الجھ رہا تھا اس کی آواز پر چہرہ موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

ریڈ کلر کا کامدار سوٹ پہنے, مہارت سے کیے گئے میک اپ نے اسے بدل کر رکھ دیا تھا۔
جھکتی اٹھتی گھنی پلکیں, سرخ لپ اسٹک سے پوشیدہ ہونٹ...
وہ یک ٹک اسے دیکھنے لگا۔

"کیا ہوا؟ اچھی نہیں لگ رہی؟"
وہ اس کے اس انداز پر پریشان ہو گئی۔
"...اتنی پیاری تو تم شادی والے دن بھی نہیں لگ رہی تھی"
وہ اسے بازوؤں سے پکڑتا ہوا بولا۔

زرش مسکراتی ہوئی چہرہ جھکا گئی۔
" ...تب خوش نہیں تھی اور اب خوش ہوں نہ اس لئے"
وہ آنکھیں اٹھاتی اسے دیکھنے لگی۔

" ہاں بلکل... اور ایسے معلوم ہو رہا ہے تمہارے چہرے پر نور ہے شاید ہمارے بےبی کے باعث۔"
وہ اس سے دور ہوتا شیشے کے سامنے جا کھڑا ہوا۔
" ...امی بھی یہی کہتی ہیں"
وہ کہتی ہوئی بیڈ پر بیٹھ گئی۔

"وائز تم سلون نہیں گئے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے بےترتیب سے بال دیکھتی ہششدر سی بولی۔
" ...جی نہیں"
وہ زور دے کر بولا۔
" ...کیوں؟ بال دیکھیں اپنے"
وہ خفگی سے بولی۔

" ...مجھے ایسے ہی اچھے لگ رہے ہیں بڑے بڑے"
وہ بالوں میں برش پھیرتا ہوا بولا۔
وائٹ شرٹ ساتھ گرے واسکٹ اور اس پر گرے کوٹ پہنے
وہ ڈیسنٹ لگ رہا تھا۔
اس کی شیو آج بھی بڑھی ہوئی تھی۔ جو اس کی شخصیت کا آئینہ دار تھی۔
صاف رنگت پر بڑھی ہوئی شیو اور بڑھے ہوئے بال غضب ڈھا رہے تھے۔

" ...اوکے میں ریڈی ہوں"
وہ سٹڈ لگاتا اس کی جانب گھوما۔
" ...یہ رہا آپ کا والٹ, چابیاں اور فون"
وہ اس کے سامنے کرتی کھڑی ہو گئی۔

"تھینک یو... تم چادر لے لو.. میں تب تک لاک لگا لوں۔"
وہ لائٹ آف کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنے کمرے سے چادر اٹھانے چلی گئی۔
"کسی چیز کی ضرورت تو نہیں؟"
وہ سیٹ بیلٹ باندھتا ہوا بولا۔

" ...نہیں اب چلو دیر ہو جائے گی ہمیں"
وہ فون اٹھا کر ٹائم دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...خاص مہمان دیر سے ہی آتے ہیں"
وہ مسکرا کر کہتا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

وہ پرسکون سی شیشے سے پار دیکھنے لگی۔
گاڑی تیزی سے سڑکوں پر بھاگتی جا رہی تھی۔
حویلی کو خوب سجایا گیا تھا۔
وائز کے ریسپشن کی مانند احسن کا ریسپشن بھی گارڈن میں ہی کیا گیا۔
وہ دونوں گیٹ عبور کرتے اندر داخل ہوئے۔

" ...دیکھو ہم سب سے لیٹ ہیں"
وہ لوگوں کی گہما گہمی کو دیکھتی ہوئی بولی۔
" تو کیا ہوا؟ تم کیوں ٹینشن لیتی ہو... تم وائز رضی حیات کی بیوی ہو اس لئے ہر فکر سے آزاد ہو جاؤ۔"
وہ اس کا ہاتھ پکڑے چلنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چہرے پر مسکراہٹ سجائے وہ لوگوں کے سلام کا جواب سر کو خم دے کر دے رہا تھا۔
ایک عجیب سا غرور چھلکتا تھا اس کی چال سے... شاید وہ عادی تھا۔

"میری بچی کیسی ہو؟ اتنی دیر لگا دی میں کب سے راہ تک رہی ہو.."
گل ناز زرش کو گلے لگاتی ہوئی بولی۔

"گھر کا فنکشن پھر کیا مسئلہ؟"
وہ آبرو چکا کر بولا۔
"اچھا اچھا... تمہارے آگے بھلا کس کی چل سکتی۔ میں زرش کو لے جاتی ہوں مہمانوں سے ملوانا ہے۔"
وہ مسکراتی ہوئی بولیں۔

"لے جائیں لیکن زرش کچھ کھانا پینا مت اوکے؟"
وہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔
"...اوکے"
وہ مسکرا کر کہتی چل دی۔
شال سے زرش نے خود کو لپیٹ رکھا تھا۔

"...آ گئی میڈم"
ثوبیہ فیض حیات کے ہمراہ کھڑی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اس حویلی میں رہنا ہے نہ تو یہ بَیر ختم کرو... بھائی صاحب کی طبیعت سے واقف ہو تم وہ عورت کو کچھ نہیں سمجھتے خاص کر تم جیسی گاؤں کی عورتوں کو۔"
وہ طنز کر رہے تھے۔

"ہونہہ... سارے زور ہم پر ہی چلتے ہیں یہ شہر والیاں تو لاڈلی بنی گھوم رہی ہیں... میں جب آئی تھی زبان تک نہ کھولنے دیتے تھے مجھے بابا سائیں۔"
وہ ماضی کی باتیں دہرانے لگی۔

"وہ بیچارے اللہ کو پیارے ہو گئے اب تو ان کی جان بخش دو... اور دعا کیا کرو اللہ سے کہ وہ ہمیں بھی اولاد سے نواز دے... یہ تمہارے حسد کے باعث ہم آج محروم ہیں اس نعمت سے۔"
وہ ہنکار بھرتے چل دئیے۔

"...ہاں سب کچھ میری وجہ سے ہی ہے"
وہ منہ بسورتی ہوئی بڑبڑائی۔
سٹیج پر حیا احسن کے پہلو میں بیٹھی تھی۔
سکن کلر کا ڈریس پہنے, مہارت سے کیا گیا لائٹ سا میک اپ, سیاہ بال آگے ڈال رکھے تھے, پیشانی پر بندیا لگائے, گھنی پلکوں کو جھکاتی اٹھاتی وہ پری معلوم ہو رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر جھکائے انگلیاں مڑور رہی تھی۔

"تم ٹھیک ہو؟"

وہ اس کی گھبراہٹ محسوس کرتا ہوا بولا۔
"جی بس ڈر لگ رہا تھا۔"
مدھم سی سرگوشی سنائی دی۔

" ...ڈرنے کی ضرورت نہیں"
وہ مسکراتا ہوا سامنے دیکھنے لگا۔
نور مسکراتی ہوئی اپنی امی اور حمزہ کے ہمراہ آ رہی تھی۔
اس کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر احسن بھی کھل کر مسکرایا۔

" ...تم خوش ہو... اچھا ہے"
وہ اسے دیکھتا خود کلامی کر رہا تھا۔
"کچھ کہا آپ نے؟"
حیا اس کی جانب دیکھتی ہوئی بولی۔

" ...نہیں کچھ نہیں"
وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔
گل ناز بیگم کی خوشی سنبھالے, سنبھالی نہیں جا رہی تھی۔
"امی میں بیٹھ جاؤں تھک گئی ہوں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کرسی کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

" ہاں.. مجھے خیال ہی نہیں رہا بیٹھ جاؤ وائز کو معلوم ہوا "
"تو غصہ کرے گا۔ میں وائز سے کھانے کا پوچھتی ہوں۔
وہ فکر سے کہتی چل دیں۔
زرش حیا کو دیکھنے لگی۔
چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئی۔

" سچ میں حیا اس سب کی حقدار نہیں بلکہ کوئی بھی لڑکی
" ...ایسے ظلم کی حقدار نہیں
وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

" ...امی آئیں بیٹھ جائیں"
وہ ثریا کو دیکھتی مسکراتی ہوئی بولی۔
وہ حال احوال دریافت کرتی بیٹھ گئی۔
~~~~~~~~~
" حیا دیکھو آج میں تمہیں کچھ باتیں سمجھانا چاہتا ہوں اور
" ...میں دوبارہ دہراؤں گا نہیں تمہیں سب یاد رکھنا پڑے گا
وہ دروازہ بند کرتا اس کے سامنے آ بیٹھا۔
" ...جی میں یاد رکھوں گی"
وہ جھکے ہوئے سر کو مزید جھکا کر بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

میں اپنی کزن نور کو پسند کرتا تھا آج سے نہیں کئی سالوں " سے لیکن ہماری شادی نہیں ہو سکی... ایک بات یاد رکھنا ہمارے خاندان کی عورت اپنے شوہر کے علاوہ کسی کو نظر بھر کے دیکھتی بھی نہیں ہے۔ تم میری بیوی ہو تو وفاداری بھی مجھ سے ہی ہونی چائیے۔ میں برداشت نہیں " ....کروں گا کسی اور انسان کو
بولتے بولتے چہرے پر سختی بڑھنے لگی۔

" ...میں سمجھ گئی"
وہ آہستہ سے بولی۔
اگر تم چاہتی ہو کہ ہم ایک خوشحال زندگی بسر کریں تو "
" ...تمہیں میری مرضی کے مطابق ڈھلنا پڑے گا
وہ الماری کے پاس جاتا کوٹ اتارنے لگا۔

میں پوری کوشش کروں گی آپ کی ہر توقع پر پوری "
" ...اتروں
اس کی آواز مزید مدھم ہو گئی۔
وہ رخ موڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

" ...شاید میں کچھ زیادہ ہی تلخ ہو گیا"
وہ خود کلامی کرتا اس کے پاس آیا۔
تم ڈرو مت... میں نے پہلے دن ہی تمہیں یہ سمجھانا مناسب "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمجھا۔ تم اگر کچھ کہنا چاہتی ہو تو کہہ سکتی ہو... اگر
"کوئی ماضی تمہارا؟
وہ اس کا ہاتھ پکڑتا نرمی سے بولا۔

" ..نہیں مجھے کچھ نہیں کہنا"
وہ اسے دیکھتی معدوم سا مسکرائی۔
احسن اثبات میں سر ہلاتا مسکرانے لگا۔
~~~~~~~~~
" ...احسن میری بات غور سے سننا"
وہ اس کے شانے پر ہاتھ رکھتا حویلی سے باہر نکل آیا۔
" ...جی بتائیں"
وہ اس کے ہمراہ قدم اٹھا رہا تھا۔

اب تو نے حیا سے شادی کی ہے تو اسے محبت اور عزت "
سے رکھنا... پہلے ہی اس بیچاری نے کافی بری زندگی
دیکھی ہے۔ اور ایک بات یاد رکھنا بیوی وہ تمہاری ہے اس
...کی عزت کروانا تمہارا فرض ہے
چاچی سے کچھ بھی توقع کی جا سکتی ہے لیکن اپنے شوہر
ہونے کا فرض نبھانا... وہ سب چھوڑ کر یہاں آئی ہے اس
لئے اسے ایک عزت والی زندگی دینا, عورت کے لیے
...عزت سب سے زیادہ معنی رکھتی ہے
بہت سے مرد ایسے ہوتے ہیں جنہیں شادی کا تو بہت شوق

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

ہوتا ہے لیکن اپنی بیوی کو تحفظ نہیں دے پاتے...تحفظ سے مراد ان کی عزت کروانا, انہیں یہ فیل نہ کروانا کہ یہ ان کا گھر نہیں...اور اب سدھر جاؤ تم اس دن..."
وہ گھوری سے نوازتا ہوا بولا۔

" ...میں نے پی نہیں تھی قسم لے لیں"
وہ اس کی بات کا مفہوم سمجھ چکا تھا۔
جانتا ہوں لیکن پھر بھی جتنا ان گناہوں کے قریب جاؤ گے " وہ اتنا تمہیں اپنی جانب کھینچیں گے اور تمہارے دوست میرے دوستوں سے مختلف نہیں ہیں اس لئے خبردار کر رہا ہوں۔ پرسکون زندگی گزارنی ہے تو یہ شراب, کلب, لڑکیاں سب سے دور رہو... یہ سب بربادی کا سامان ہے..."
وہ دو قدم اس سے آگے بڑھ گیا۔

آپ کو دیکھ کر تو میں خود کو بدل رہا ہوں... بھائی آپ "
"میری انسپیریشن ہیں۔
وہ اس کے سینے سے لگتا ہوا بولا۔
وائز اس کی پشت تھپتھپاتا مسکرانے لگا۔

ہم خود اچھے انسان ہوں گے تو کل کو اپنے بچوں کو بھی " اچھا انسان بنائیں گے۔ جانتے ہو مجھے ایک حدیث نے سب سے زیادہ بدلا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نبی ﷺ نے فرمایا! (رات میرے پاس دو آنے والے آئے اور "
مجھے اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئے۔) ہم اس سے آگے چلے
تو تنور جیسی چیز کے پاس آئے تو اس میں شور و غوغا
اور آوازیں سی پیدا ہو رہی تھیں۔
نبی ﷺ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے اس میں جھانکا تو اس میں
مرد و عورت بلکل ننگے تھے اور ان کے نیچے سے آگ
کے شعلے آتے اور ان شعلوں کے آنے سے وہ شور و غوغا
کرتے۔
نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے ان دونوں سے پوچھا یہ لوگ
کون ہیں؟.....وہ کہنے لگے : وہ جو تنور جیسی چیز میں
لوگ تھے وہ سب زنا کرنے والے مرد اور عورتیں
"تھیں۔(صحیح بخاری حدیث نمبر 6525)
تنور اسے کہتے ہیں جس میں روٹی پکائی جاتی ہے۔
اس دن مجھے خوف محسوس ہوا تھا اور میں نے توبہ کر
"لی.... آج بھی یہی کوشش ہوتی ہے ان سب سے دور رہوں۔
وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔
آنکھیں نم تھیں۔ وہ رخ موڑ کر آنکھیں صاف کرنے لگا۔
بھائی میں کسی غلط کام میں نہیں پڑوں گا دیکھنا آپ... "
"یونی اور باقی ٹائم حیا کے لیے۔
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
" ...گڈ"
وہ اس کا منہ تھپتھپاتا واپس حویلی کی جانب چلنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

"...بیٹا حمزہ آیا ہے"

وہ اندر آتی کمرے کی لائٹ آن کرتی ہوئی بولیں۔

"امی اس وقت؟"

وہ آنکھیں مسلتی اٹھ بیٹھی۔

سائیڈ سے دوپٹہ اٹھایا اور گلے میں ڈالنے لگی۔

"تمہاری طبیعت پوچھنے آیا ہے فون پر میرے منہ سے نکل گیا کہ تمہیں بخار ہے... تو چلا آیا۔"

وہ تاسف سے بولتی باہر نکل گئیں۔

وہ دونوں ہاتھوں سے بال سمیٹنے لگی۔

"تم ٹھیک ہو؟ ممانی بتا رہی تھیں بخار ہے تمہیں اور تم نے دوائی بھی نہیں لی؟"

وہ خفگی سے کہتا اس کے سامنے بیٹھ گیا۔

"نہیں بس ہلکا سا بخار تھا اس لئے سوچا ٹھیک ہو جائے گا صبح تک..."

وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

حمزہ ہاتھ کی پشت اس کی پیشانی پر رکھے چیک کرنے لگا۔

"نور یہ ہلکا سا ہے؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

اس کی آنکھیں پھیل گئیں۔
حمزہ کا اپنے لیے فکرمند ہونا نور کی آنکھوں میں نمی لے آیا۔

"...چلو میں تمہیں ڈاکٹر کے پاس لے جاتا ہوں"
وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔
"اس ٹائم تم مجھے کہاں ڈاکٹر کے پاس لے جاؤ گے؟"
وہ متحیر سی بولی۔

"تمہارے کمرے میں ہوگی میڈیسن مجھے بتاؤ کہاں ہے؟"
وہ اردگرد نگاہ ڈالتا ہوا بولا۔
...میں ٹھیک ہوں امی نے بلاوجہ تمہیں پریشان کر دیا ہے"
"

وہ نادم سی بولی۔

مجھے وہی نور چاہیے جسے میں نے پسند کیا تھا موجودہ "
حالات دیکھ کر معلوم ہو رہا ہے کہ میرے گھر بیمار اور
" ...علیل سی نور آنے والی ہے
وہ خفا انداز میں بولا۔
"اب ایسی بھی بات نہیں.. کہاں سے ویک ہوں میں؟"
وہ خود پر نظر ڈالتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے ایسے تم بلکل بھی اچھی نہیں لگ رہی... وہ گول "
"مول سی نور زیادہ اچھی تھی۔
وہ تاسف سے بولا۔
" ...سب موٹی کہتے تھے مجھے"
وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

"...مجھے تو وہ موٹی ہی پسند ہے"
وہ لب دبائے مسکرا رہا تھا۔
" ...جھوٹ مت بولو"
وہ اس کے بازو پر مکا مارتی ہوئی بولی۔

جھوٹ کیوں بولوں گا... میں ماموں سے بات کرتا ہوں "
رخصتی کی ورنہ تم تو خود کو بدل کر میرے پاس آؤں
"گی... میں خود خیال رکھ لوں گا اپنی بیوی کا۔
وہ نرمی سے گویا ہوا۔
نور یک ٹک اس کے چہرے کو دیکھنے لگی۔

..وہ مسکرا رہا تھا ہمیشہ کی مانند
" ...تھینک یو"
وہ کھل کر مسکرائی۔
"کس لیے؟"
وہ آبرو اچکا کر بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنی رات کو کمپنی دینے کے لئے... مجھے نیند نہیں آ رہی "
"تھی۔
وہ گھڑی پر نظر ڈالتی ہوئی بولی۔
" ...تم کہو تو پوری رات کمپنی سے سکتا ہوں"
وہ حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

نہیں.... صبح تم نے آفس بھی تو جانا ہے۔ اب ایسا کرو "
"گیسٹ روم میں چلے جاؤ رات کافی ہو گئی ہے۔
وہ متفکر سی بولی۔
"پہلے میڈیسن اس کے بعد میں چلا جاؤں گا۔"
وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

"...میری الماری کھولو سامنے فسٹ ایڈ باکس پڑا ہے"
وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔
وہ اسے دیکھ کر ہنستا ہوا دوائی نکالنے لگا۔

صحیح کہتے ہیں اللہ جو ہمارے لئے کرتا ہے وہ بہتر ہوتا "
ہے... ہم نہیں جانتے کس چیز یا انسان میں ہمارے لئے
"بہتری نہیں۔ تم سچ میں ایک بہترین ساتھی ہو۔
وہ حمزہ کی پشت کو دیکھتی ہوئی سوچ رہی تھی۔
وہ پرسکون سی ہو کر مسکرانے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~~

وائز بےچین سا داڑھی پر ہاتھ پھیرتا ٹہل رہا تھا۔
کوریڈور میں گل ناز بیگم اور اس کے علاوہ اور کوئی نہ تھا۔

"بیٹا بیٹھ جاؤ... کب تک کھڑے رہو گے؟"
وہ اس کا پریشان چہرہ دیکھ کر اس کے پاس آ گئی۔

"امی اتنی دیر ہو گئی ابھی تک کوئی خبر کیوں نہیں آئی؟"
لہجے میں بےقراری نمایاں تھی۔
"بیٹا صبر سے کام لو... خبر بھی آ جائے گی۔"
وہ مسکراتی ہوئی بولیں۔
وہ لب کاٹتا آپریشن تھیٹر کے دروازے کو دیکھنے لگا جہاں اس کی دو زندگیاں تھیں۔

اذان کے کلمات کان میں پڑے تو وہ گھڑی دیکھنے لگا۔
"امی میں نماز پڑھ کر آیا۔"
وہ گل ناز بیگم کو دیکھے بنا چلنے لگا۔
"وائز تم نے کسی کو بتایا نہیں؟"
وہ اس کی پشت کو دیکھتی ہوئی بولیں۔

" نہیں امی ابھی نہیں... پھر لوگوں کی نظر ہو جاتی ہے جب میں ان دونوں کو دیکھ لوں گا تب بتاؤں گا سب کو۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہ رک کر بول رہا تھا۔
" ...اچھا چلو جیسے تمہاری مرضی"
وہ اثبات میں سر ہلاتی ہوئی بولیں۔
وہ مزید کچھ کہے بنا چلا گیا۔

" ...مبارک ہو بیٹا ہوا ہے"
نرس باہر نکلتی ہوئی بولی۔
"...!خیر مبارک... یا اللہ تیرا شکر"
وہ چہرے پر ہاتھ پھیرتی ہوئی بولیں۔
"کہاں ہے میرا پوتا؟"
وہ بےتابی سے بولیں۔

" ....ابھی کمرے میں شفٹ کر دیں تو آپ مل سکیں گیں"
وہ کہتی ہوئی چلی گئی۔
وائز بالوں میں ہاتھ پھیرتا آ رہا تھا۔
" ...مبارک ہو بیٹا ہوا ہے"
گل ناز اس کی جانب بڑھتی ہوئی بولیں۔

"اور زرش؟"
...پریشان کن لہجہ
آؤ کمرے میں چلتے ہیں میں تمہارا ہی انتظار کر رہی " تھی..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اشارہ کرتی چلنے لگیں۔

زرش آنکھیں موندے لیٹی تھی۔
قریب ہی بےبی کارٹ میں ان کا بیٹا سو رہا تھا۔
وائز زرش کو دیکھتا بےبی کو اٹھانے لگا۔
آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

وہ چند لمحے بنا پلک جھپکے اس ننھی سی جان کو دیکھنے لگا۔جو اس کی بازو میں لیٹا آہستہ آہستہ سانس لے رہا تھا۔
اس لمحے کا اسے شدت سے انتظار تھا۔
آنسو پلکوں کی باڑ توڑتے رخسار پر آ گرے۔
وائز اس کا بوسہ لیتا گل ناز کی جانب گھوما۔

"امی دیکھیں... کتنا چھوٹا سا ہے۔"
وہ فرط جذبات سے مغلوب ہوکر بولا۔
" ...خوشی کے موقعے پر آنسو اچھے نہیں لگتے"
وہ اس کا چہرہ صاف کرتی ہوئی بولیں۔

" ...یہ تو خوشی کے آنسو ہیں"
وہ بچہ ان کی گود میں دیتا زرش کے پاس آ گیا جو آوازوں کے باعث اٹھ چکی تھی۔
"کیسی ہو تم؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کے سرہانے کھڑا تھا۔

" بلکل ٹھیک... اس سب کا کریڈٹ تمہیں جاتا ہے جتنا تم نے میرا خیال رکھا اس کے بعد کوئی مسئلہ پیش آ سکتا تھا "کیا؟

وہ مسکراتی ہوئی بول رہی تھی۔

" آج ایسا لگ رہا ہے میری دنیا پوری ہو گئی... تم نے دیکھا میرے شیر کو؟"

وہ پرجوش انداز میں بولا۔

" ...ڈاکٹر نے دکھایا تھا"

وہ گردن ہلاتی ہوئی بولی۔

" ...میں ذرا فون کر دوں حویلی"

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا جو گردن پر آ رہے تھے۔ صاف رنگت پر بڑھی ہوئی شیو, مزید برآں سیاہ آنکھوں میں تیرتی نمی غضب ڈھا رہی تھی۔

"...جائیں"

وہ مسکرا کر بولی۔

" ...لاؤ بھئی ہمارا وارث"

رضی حیات اندر داخل ہوتے ہوئے بولے۔

گل ناز بیگم اگلے لمحے ان کے پاس کھڑی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ماشاءاللہ ماشاءاللہ بہت پیارا بچہ ہے"
وہ اس کی پیشانی چومتے ہوئے بولے۔

"برخوردار نام بھی سوچا ہے؟"
وہ وائز سے مخاطب تھے جو زرش کے سامنے بیٹھا تھا۔
" ...محمد ولی"
وہ گردن گھما کر انہیں دیکھتا ہوا بولا۔
بلکل اس شہزادے جیسا نام ہے.... ایک اور شیر آ گیا "
"ہمارے خاندان میں۔
ان کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔

"بہو ٹھیک ہے؟"
وہ آگے آتے ہوئے بولے۔
" ...جی بابا سائیں"
زرش مدھم سا مسکرائی۔

چلو اچھی بات ہے... سب خیر سے ہوگیا۔ یہ لو چاچو کا "
"دیدار کر لو۔
وہ احسن کی جانب گھومتے ہوئے بولے۔
"امی وائز جیسا ہے یہ تو... ہیں نہ؟"
وہ بغور اسے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...تیکھی مغرور ناک, صاف رنگت, گلابی لب, سیاہ بال
وہ وائز سے مشابہت رکھتا تھا۔
"بیٹا کس کا ہے؟"
وائز آبرو اچکا کر بولا۔
" ...جی جی آپ ہی کا ہے"
وہ اس گول مٹول سے ولی کی ناک دباتا ہوا بولا۔

"حیا نہیں آئی؟"
زرش اس کی غیرموجودگی محسوس کر رہی تھی۔
بھابھی وہ چاچی کے پاس... پھر سب تو نہیں آ سکتے تھے "
نہ۔ ویسے بھی آپ کو رات میں چھٹی مل جائے گی تو حویلی
" ...ہی چلیں گے
وہ ولی کے ساتھ اٹکھیلیاں کر رہا تھا۔

"اذان دے دی؟"
وہ وائز کا ہاتھ ہلاتی ہوئی بولی۔
"ہاں... جب تم سو رہی تھی تب دے دی تھی۔"
اس کے چہرے پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ تھی۔

" ...بہت خوش ہوں میں"
وہ وائز کو دیکھ رہی تھی۔
"میں بھی... اور یہ خوشی تمہارے باعث ملی ہے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سانس خارج کرتا ہوا بولا۔

"ہاں ہاں مٹھائی بھی بانٹیں گے... تم کہو تو ٹوکری بھیج دیں گے تمہاری طرف۔"
رضی حیات فون کان سے لگائے بول رہے تھے۔
~~~~~~~~

زرش وائز کا ہاتھ پکڑے چل رہی تھی۔
ولی وائز کی گود میں تھا۔
دونوں کے چہروں پر ناختم ہونے والی مسکراہٹ تھی۔
"السلام علیکم بھابھی؟ کیسی ہیں؟"
حیا گرمجوشی سے ملتی ہوئی بولی۔

"...وعلیکم السلام! بلکل ٹھیک"
وہ مسکراتی ہوئی الگ ہوئی۔
"...ہمارے چھوٹو کیسے ہیں؟ اور بہت مبارک ہو آپ کو"
وہ ولی کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔

"...یہ چھوٹو بھی فٹ ہے"
وائز فیض حیات کو دیکھتا ہوا بولا جو مسکرا رہے تھے۔
ثوبیہ کے چہرے پر بھی مسکراہٹ تھی جو وائز کو کھٹک رہی تھی۔
"...ہاں چاچی پریگنیٹ ہیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

یہ خیال بجلی کی سی تیزی کے ساتھ اس کے دماغ میں کوندا۔
ملنے ملانے کا سلسلہ تمام ہوا تو سب اپنے اپنے کمرے میں چل دئیے۔

"تم ناراض تو نہیں ہو؟"
وہ اس کی پشت کو دیکھتا ہوا بولا۔
حیا جو الماری کھولے کھڑی تھی مڑ کر اسے دیکھنے لگی۔
"ناراض کیوں؟"
وہ لاپرواہی سے بولی۔

"...تمہیں ہاسپٹل لے کر نہیں گیا"
وہ اس کے عین عقب میں آ کھڑا ہوا۔
نہیں سمجھ سکتی ہوں... آپ چاچی کی وجہ سے نہیں لے "
"گئے۔
وہ کپڑے درست کر رہی تھی۔

" ...تھینک یو"
وہ اس کے شانے پر تھوڑی رکھتا ہوا بولا۔
آپ اتنے اچھے ہیں کہ مجھے یقین نہیں آتا یہ میری زندگی "
ہے... پھر میں ناشکری کیسے کر سکتی ہوں؟ چھوٹی
"چھوٹی باتوں پر ناراض ہو جاؤں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنا کام کرتی بول رہی تھی۔
آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی۔

"ماضی کو بھول جاؤ... کتنی بار کہا ہے تمہیں۔"
وہ اسے شانوں سے پکڑتا اپنی جانب موڑتا ہوا بولا۔
" ....آپ نے بھائی کو نوکری دلوائی اور"
احسن نے اس کے لبوں پر انگلی رکھ دی۔
وہ نگاہیں اٹھائے اسے دیکھنے لگی۔

" ...میں ناراض ہو جاؤں گا اگر تم پھر سے شروع ہوئی تو"
وہ خفا انداز میں بولا۔
ٹھیک ہے کچھ نہیں بولتی میں... نور کا فون آیا تھا کہہ "
"رہی تھی رات میں آؤں گی۔
وہ اس کی کالر درست کرتی ہوئی بولی۔

آ جائے کوئی مسئلہ نہیں... وہ بھی خوش ہے اور میں بھی۔ "
" ...کچھ رشتوں کا ختم ہونا ہی بہتر ہوتا ہے
وہ اس کے بالوں سے کیچر نکالتا ہوا بولا۔
احسن میں نے ابھی باندھے تھے اور آپ نے پھر سے "
"...کھول دئیے
سیاہ ریشمی بال کسی آبشار کی مانند اس کی کمر پر جھول گئے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خفگی سے دیکھتی ہوئی بولی۔
" ...جب میں گھر آیا کروں تو تیار رہا کروں"
وہ شرارتی نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔
"آپ کا بس چلے تو روز مجھے دلہن بنا دیں۔"
وہ اس کے ہاتھ سے کیچر لینے کی سعی کر رہی تھی۔

" بلکل ایسا ہی دل کرتا ہے۔ تمہارا یہ حسین چہرہ دیکھتا رہوں..."
وہ اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔
حیا کی کان کی لو تک سرخ ہو گئی۔
وہ مسکراتی ہوئی چہرہ جھکا گئی۔
~~~~~~~~~
"وائز بھائی نظر نہیں آ رہے؟"
وہ کمرے میں نگاہ دوڑاتی ہوئی بولی۔
" تمہارے آنے سے پہلے بابا سائیں کے دوست آئے تھے انہی سے ملنے گیا ہے... تم بتاؤ کیسی ہو؟"
وہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتی ہوئی بولی۔

"میں بلکل ٹھیک... اس چھوٹے وائز کو تو دکھائیں۔"
وہ ہاتھ پھیلاتی ہوئی بولی۔
" ...یہ لو بھئی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہ اس کی گود میں دیتی ہوئی بولی۔

" ...آپ پر بلکل نہیں گیا"
وہ شرارت سے بولی۔
" ...باپ کو زیادہ انتظار تھا نہ"
وہ محظوظ ہوتی ہوئی بولی۔

" ...جی یہ تو ہے"
وہ اس کے نرم روئی جیسے گالوں کو چھوتی ہوئی بولی۔
...چھوٹے چھوٹے گلابی ہاتھ, نرم ملائم سے
نور دلچسپی سے اس کا جائزہ لے رہی تھی۔

"تم کب خوشخبری سنانے والی ہو؟"
وہ ملازمہ کو اندر آتے دیکھ کر بولی۔
"جب اللہ نے چاہا... بس دعا کریں۔"
وہ چہرہ اٹھا کر زرش کو دیکھنے لگی۔

"تم خوش ہو حمزہ کے ساتھ؟"
یکدم وہ سنجیدہ ہو گئی۔
" پہلے مجھے بھی یہی خدشہ تھا کہ میں خوش رہ سکوں گی یا نہیں... لیکن یقین مانیے نکاح میں بڑی طاقت ہوتی ہے... اور محبت ہو یا کوئی اور رشتہ صرف حلال میں ہی برکت

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پڑتی ہے۔ حرام رشتوں اور محبتوں میں برکت نہیں پڑتی۔
وہ ولی کو دیکھتی بول رہی تھی۔

چہرے پر دلفریب سی مسکراہٹ تھی۔
بلکل ٹھیک کہا تم نے... نکاح سے خوبصورت کوئی بندھن "
"نہیں۔
وہ تائیدی انداز میں بولی۔
حمزہ بہت اچھا ہے اور اتنا خیال رکھتا ہے میرا کہ مجھے "
"...ضرورت نہیں پڑتی اپنا خیال رکھنے کی
وہ مسکرا کر نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

اللہ تمہیں ایسے ہی خوش و خرم رکھے... اور تمہیں اولاد "
" ...کی نعمت سے نوازے
وہ پرسکون سی بولی۔
"آمین... یہ چھوٹا وائز سوتا ہی رہتا ہے کیا؟"
وہ خفگی سے بولی۔

تمہیں پتہ تو ہے بچے ساری نیند اسی عمر میں پوری "
کرتے... وائز گزشتہ ایک گھنٹے سے اسے جگانے کی
سعی کر رہا تھا لیکن یہ بھی آخر وائز کا بیٹا ہے کہاں
" ...جاگنے والا تھا
وہ ٹرے اس کی جانب کرتی مسکرانے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...آپ نے کیوں یہ تکلف کیا میں کھانا کھا کر آئی تھی"
وہ منہ بناتی اسے دیکھنے لگی۔
انسان اپنے نصیب کا کھاتا ہے... اس میں تکلف والی کیا "
"بات؟
وہ ولی کو گود میں اٹھاتی ہوئی بولی۔
کچھ ہی دیر میں نور کا فون رنگ کرنے لگا تو وہ کھڑی ہو گئی۔

" ...میں چلتی ہوں اب حمزہ آگیا ہے"
وہ زرش سے ملتی ہوئی بولی۔
" ...اتنی جلدی؟ اندر بلا لو حمزہ کو"
وہ حیران تھی۔

"ڈاکٹر کے پاس جانا ہے.. دعا کیجئے گا۔"
وہ مسکرا کر کہتی دروازے کی جانب بڑھ گئی۔
" ...جی حمزہ آ رہی ہوں میں"
وہ فون کان سے لگائے بولتی ہوئی چلتی جا رہی تھی۔ جب سامنے سے آتے احسن کو دیکھ کر رک گئی۔
وہ آج بھی ویسا ہی تھا۔

" ...اتنا ٹائم تو نہیں ہوا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خود کو سرزنش کرتی چلنے لگی۔
"کیسی ہو؟"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
"ٹھیک اور تم؟"
وہ جواباً مسکراہٹ اچھالتی ہوئی بولی۔

"گڈ.. حمزہ نہیں آیا؟"
وہ عقب میں دیکھتا ہوا بولا۔
" ...باہر ہے لینے آیا ہے مجھے"
وہ سیڑھیوں کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔
وہ اثبات میں سر ہلاتا آگے چل دیا۔

"کہاں رہ گئی تھی؟ زرش بھابھی ٹھیک تھیں؟"
وہ اسے گاڑی میں بیٹھتے دیکھ کر بولنے لگا۔
" سوری سوری... احسن مل گیا تو سلام دعا کے لیے رک گئی اور زرش بھابھی بھی ٹھیک ہیں۔"
وہ سیٹ بیلٹ باندھتی تیز تیز بولنے لگی۔

" ...سانس تو لے لو"
وہ مسکراتا ہوا بولا۔
" تم بھی تو...مجھے بیٹھنے نہیں دیا اور سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ خفگی سے گویا ہوئی۔

"...تمہاری یاد آ رہی تھی اس لئے دیکھتے ہی شروع ہو گیا"
وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا بولا۔
" ...ایک گھنٹہ ہوا ہے ابھی"
وہ کھڑکی سے باہر دیکھتی ہوئی بولی۔
آج چھٹی ہے اور میرا تمہارے بغیر دل نہیں لگتا تمہیں پتہ "
" ...تو ہے
وہ سپیڈ بڑھاتا ہوا بولا۔
"...میں نے تو کہا تھا آفس بھی مجھے ساتھ لے جایا کرو"
وہ ناک چڑھاتی ہوئی بولی۔
حمزہ کا زندگی سے بھرپور قہقہہ گاڑی میں گونجا۔

" ...یہ رہی رپورٹس آپ کی وائف کی"
نرس حمزہ کی جانب فائل بڑھاتی ہوئی بولی۔
کچھ دیر بعد وہ دونوں ڈاکٹر کے کیبن میں بیٹھے تھے۔
" ...مبارک ہو آپ کی وائف پریگنیٹ ہیں"
وہ پیشہ وارانہ مسکراہٹ لئے بولیں۔

"سچ میں؟"
نور بےیقینی کی کیفیت میں تھی۔
" ...جی جی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اثبات میں سر ہلاتی ہوئی بولیں۔

" ...مجھے ابھی بھی یقین نہیں آ رہا"
وہ حمزہ کے شانے پر سر رکھتی ہوئی بولی۔
" وقت کے ساتھ ساتھ یقین آ جائے گا؟ ویسے میں بہت خوش ہوں کتنا چینج آ جائے گا لائف میں..."
وہ گاڑی سڑک پر اتارتا ہوا بولا۔

"اب کہاں جائیں گے ہم؟"
وہ چہرہ اٹھاتی اسے دیکھنے لگی۔
" ...جہاں تم کہو گی"
اس کی نظریں سڑک پر تھیں۔

" لانگ ڈرائیو پر چلیں... میں کچھ دیر ان لمحوں کو جینا چاہتی ہوں تمہارے ساتھ لیکن امی؟"
وہ اس کے ہاتھ کو دیکھتی بول رہی تھی۔
" کیوں نہیں... ایسا ہو سکتا ہے میں منع کر دوں؟ امی کو میں سمجھا لوں گا ٹینشن مت لو..."
وہ خوشدلی سے کہتا سپیڈ بڑھانے لگا۔
~~~~~~~~

" ...وہ دیکھو آپ کے بابا آ گئے"
وہ وائز کو اندر آتے دیکھ کر بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کیا ہوگیا ایسے کیوں رو رہا ہے؟"
وہ اس کے پاس آتا ہوا بولا۔

"کہہ رہا تھا اپنے بابا کے پاس جانا ہے.. اور اتنی دیر کیوں لگا دی آپ نے؟"
زرش لب دبائے مسکرا رہی تھی۔
ولی اس کی گود میں گلا پھاڑ رہا تھا۔
"آ جاؤ.. میرا بےبی,, بابا کی یاد آ رہی تھی؟ جناب میں نماز پڑھنے چلا گیا تھا..."
وہ اسے گود میں اٹھاتا بولنے لگا۔

زرش لب دبائے اسے دیکھ رہی تھی جو اسے خاموش کروانے میں ہلکان ہو رہا تھا۔
"یار یہ چپ کیوں نہیں ہو رہا؟"
وہ متفکر سا بولا۔
"چپ کروائیں نہ... باتیں تو اتنی کرتے تھے۔"
وہ اس کے شانے پر بازو رکھتا ہوئی بولی۔

"بہت چالاک ہو تم... خود سے سنبھالا نہیں گیا اسی لئے میرے ذمے ڈال دیا؟"
وہ گھوری سے نوازتا ہوا بولا۔
"آپ کا بھی تو فرض بنتا ہے نہ.."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی ناک دباتی ہوئی بولی۔

چند لمحے گزرنے کے بعد ولی دم بخود خاموش ہو گیا۔
" دیکھو میں نے کروا لیا خاموش... اب میرا بےبی نہیں روئے گا۔"
وہ اس کے رخسار پر بوسہ دیتا ہوا بولا۔

" ...دنیا پر ہماری چھوٹی سی جنت"
وہ باری باری زرش اور ولی کو دیکھتا ہوا بولا۔
وہ پرسکون سی ولی کو دیکھنے لگی جو آنکھیں ٹمٹماتا ان دونوں کو دیکھ رہا تھا۔
" ...میرا شہزادہ"
وہ ولی کا ماتھا چومتی ہوئی بولی۔
" کچھ گناہوں کا اختتام نیکی کی سیڑھی پر ہوتا ہے جہاں سے آپ گناہوں کی دلدل سے نکل کر نیکی کی راہ پر گامزن ہو جاتے ہیں۔ برا گناہگار نہیں گناہ ہوتا ہے تبھی کہتے ہیں نفرت گناہ سے کرنی چائیے گناہگار سے نہیں۔ کیونکہ بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جو آپ کی زندگی سنوار دیتے ہیں جینے کے تمام اسلوب سیکھا دیتے ہیں۔ ہر چیز کے منفی اثرات مرتب نہیں ہوتے خدا چاہے تو کچھ بھی کر سکتا یہ تو پھر مثبت اثرات ہیں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mein Gunhagar Tehra | By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ غیر مرئی نقطے کو دیکھتا سوچ رہا تھا۔
ختم شد.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel